تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | جمعرات 08 جنوری 2026ء، 18 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 146

پاکستان میں دہشتگردی ہندوستان کی سرپرستی میں ہوتی ہے: ترجمان پاک فوج

افغانستان خطے میں دہشت گردی کی کارروائیوں کا مرکز بنا ہوا ہے، فتنہ الخوارج اور فتنہ ہندوستان کا گڑھ افغانستان میں ہے، تمام دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں ہیں

خوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، نیشنل ایکشن پلان پر تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق ہے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد ضروری ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی ہندوستان کی سرپرستی میں ہوتی ہے، (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

پی ٹی آئی کا فواد چوہدری کی سربراہی میں ڈائیلاگ کمیٹی سے متعلق کارکنوں کا واضح پیغام

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اپنے رہنماؤں اور کارکنان کو سابق وفاقی (بقیہ نمبر 2)

ریاست کیخلاف بے بنیاد پروپیگنڈا معاشرتی انتشار کو جنم دیتا: سرفراز بگٹی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست کے خلاف بے بنیاد (بقیہ نمبر 3)

وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کا قصور میں چرچ کی بے حرمتی کے واقعے پر ڈی پی او قصور سے رابطہ

واقعے کی تفصیلات حاصل کیں، ملزم کی فوری گرفتاری پر قصور پولیس کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کو سراہا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے قصور میں پیش آنے والے چرچ کی بے حرمتی کے واقعے پر ڈی پی او قصور سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور واقعے کی تفصیلات حاصل کیں۔ صوبائی وزیر قانون نے ملزم کی فوری گرفتاری پر قصور پولیس کی (بقیہ نمبر 4)

لاہور میں بسنت تہوار، 91 کروڑ روپے کے اخراجات کا تخمینہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں تین روزہ بسنت تہوار کے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف زرعی اصلاحات پر ورکنگ گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ کی ترقیاتی منصوبوں بالخصوص صاف پانی سکیم کی بروقت تکمیل کی ہدایت

ہدایت دی کہ واٹر بوٹلنگ پلانٹس اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تعمیر و بحالی 30 جون تک مکمل کی جائے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے عوام کو سڑکوں میں کھدائی کی وجہ سے ہونے والی تکلیف پر معذرت کر لی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے تین گھنٹے لگاتار پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام، لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام، مثالی گاؤں، پی ایچ اے، صاف پانی اور دیہی روڈ منصوبوں پر پیشرفت کی جانچ پڑتال کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے سڑکوں میں کھدائی کے باعث عوام کو ہونے والی تکلیف (بقیہ نمبر 6)

بڑے ہسپتالوں کا رش کم کرنے کیلئے ٹیلی میڈیسن سسٹم کا باقاعدہ آغاز

کچھ ماہ پہلے ہم نے یہ خواب دیکھا تھا، یہ خاموش انقلاب ہے اور یہ بارش کا پہلا قطرہ ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں بڑے ہسپتالوں کا رش کم کرنے کیلئے ٹیلی میڈیسن سسٹم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ وزارت صحت کے تعاون سے صحت کہانی کے زیر اہتمام پہلے ہیلتھ کیئر سینٹر کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال نے شرکت کی، جس (بقیہ نمبر 8)

مختلف وزارتوں سے فاضل قرار دیئے گئے ملازمین کو ایف بی آر میں ضم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں سرپلس ملازمین کی ایڈجسٹمنٹ کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے M-2 موٹروے لاہور پر آرام کے علاقوں کا معائنہ کیا۔

خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری ترجیح ہے: شہباز شریف

پی آئی اے کے 75 فیصد حصص کی کامیاب نجکاری بارش کا پہلا قطرہ ہے، نجکاری کمیشن میں نجی شعبے اور مارکیٹ سے بہترین صلاحیتوں کے حامل متعلقہ افرادی قوت کو تعینات کیا جائے

تمام تر تعیناتیاں انتہائی شفاف انداز میں کی جائیں۔ وزیراعظم نے نجکاری کمیشن کو ڈیجیٹائز کرنے کی ہدایت کی، نجکاری کے حوالے سے تمام منصوبوں کا بین الاقوامی معیار کی فرم سے تھرڈ پارٹی آڈٹ کروایا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری حکومت کی اولین ترجیحات میں سے ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نجکاری کمیشن کے امور پر اجلاس ہوا، وزیراعظم نے نجکاری کمیشن میں اصلاحات کے حوالے سے کام تیز کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کے 75 فیصد حصص کی کامیاب نجکاری بارش کا پہلا قطرہ ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں نجی شعبے اور مارکیٹ سے بہترین صلاحیتوں کے حامل متعلقہ افرادی قوت کو تعینات کیا جائے، تمام تر تعیناتیاں انتہائی شفاف انداز میں کی جائیں۔ وزیراعظم نے نجکاری کمیشن کو ڈیجیٹائز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ نجکاری کے حوالے سے تمام منصوبوں کا بین الاقوامی معیار کی فرم سے تھرڈ پارٹی آڈٹ کروایا جائے، انہوں نے نجکاری کمیشن میں پبلک ریلیشنز (بقیہ نمبر 37)

وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی 9 تا 12 جنوری کراچی کا دورہ کریں گے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی 9 تا 12 جنوری کراچی کا دورہ کریں گے۔ (بقیہ نمبر 13)

پنجاب بار کونسل نے بیرسٹر میاں علی اشفاق کا لائسنس بحال کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے بیرسٹر میاں علی اشفاق کا لائسنس بحال کر دیا۔ میاں علی (بقیہ نمبر 12)

کوشش کریں اس ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی کا خاتمہ ہو، شیخ رشید

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ کوشش کریں اس ملک میں بیروزگاری (بقیہ نمبر 11)

پاکستان نے وینزویلا میں کارروائیوں کو عالمی امن کیلئے خطرہ قرار دیدیا

اقوام متحدہ کا منشور ہمیں اس امر کا پابند بناتا ہے کہ ہم کسی بھی ریاست کی علاقائی سالمیت یا سیاسی خودمختاری کے خلاف طاقت کے استعمال یا اس کی دھمکی سے باز رہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے وینزویلا کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان نے وینزویلا میں کارروائیوں کو عالمی امن کیلئے خطرہ قرار دے دیا، پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل اجلاس سے خطاب میں کہا، (بقیہ نمبر 14)

ایف بی آر نے ٹیکس اسیسمنٹ میں بڑی قانونی تبدیلی کردی

غیر ظاہر شدہ آمدن، اثاثوں پر ٹیکس عائد کرنے سے قبل سیکشن 111 کے تحت الگ شوکاز لازم قرار

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اعلیٰ عدلیہ کے فیصلوں کی روشنی میں فیلڈ فارمیشنز کو نئی ہدایات جاری کر دیں۔ غیر ظاہر شدہ آمدن یا اثاثوں پر ٹیکس عائد کرنے سے قبل سیکشن 111 کے تحت الگ شوکاز لازم قرار دیا گیا ہے، سیکشن 111 کے بغیر سیکشن 122 کے تحت (بقیہ نمبر 9)

وزیر قانون کا ڈی پی او قصور سے چرچ واقعہ پر ٹیلیفونک رابطہ

ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی، رانا محمد اقبال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے ڈی پی او قصور سے چرچ واقعہ پر ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ وزیر قانون رانا اقبال نے کہا کہ چرچ کی بے حرمتی کے واقعہ میں ملوث ملزم کی گرفتاری قابل تحسین ہے، ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی عبادتگاہیں مکمل طور پر محفوظ ہیں، حکومت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، کسی بھی شرپسند کو مذہبی ہم آہنگی خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، ماضی میں ایسے (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا، قتل اور اقدام قتل کا فیصلہ سنا دیا گیا، ملزم کو قتل کے جرم میں عمر قید

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں عدالت نے قتل اور اقدام قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو قتل کے جرم میں عمر قید، اقدام قتل کے جرم میں سات سال قید بامشقت ایک لاکھ روپے جرمانہ اور ضرر کے جرم میں 12 سال قید بامشقت اور مزید لاکھوں روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ (بقیہ نمبر 16)

پی ٹی آئی کا صوبائی حلقہ پی پی 167 میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان

پی پی 167 میں ہونے والا ضمنی انتخاب بھی بائیکاٹ پالیسی کے تحت آتا ہے، سیکرٹری اطلاعات وقاص اکرم

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے لاہور کے صوبائی حلقہ پی پی 167 میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات وقاص اکرم کے مطابق صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 167 میں ہونے والا ضمنی انتخاب بھی بائیکاٹ پالیسی کے تحت آتا ہے اسی لیے اس کا بائیکاٹ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی پی پی 167 ضمنی انتخاب میں حصہ نہیں لے رہی اور نہ ہی کسی امیدوار کی حمایت کر رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 17)

شنگھائی کی تیز تر رفتار ترقی سے استفادہ کرنے کیلئے فوری اقدامات کریں گے، محسن نقوی

محسن نقوی کا شنگھائی کے شہری منصوبہ بندی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ، شنگھائی شہر کی ماسٹر پلاننگ۔ ڈویلپمنٹ اور سہولتوں بارے تفصیلی بریفنگ

شنگھائی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے شنگھائی کے شہری منصوبہ بندی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔ شنگھائی اربن پلاننگ کی ہیڈ میڈم چن نے وزیر داخلہ محسن نقوی کا استقبال کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو شنگھائی شہر کی ماسٹر پلاننگ۔ ڈویلپمنٹ اور سہولتوں کے بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو شنگھائی میں شہری سہولیات کے ساتھ ترقی کے تیز رفتار نظام کے بارے (بقیہ نمبر 28)

پاکستان کا وینزویلا میں امریکی کارروائی پر گہری تشویش کا اظہار

ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں، عثمان مندوب

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں وینزویلا میں امریکی کارروائی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں۔ قائم مقام مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں کہا کہ یکطرفہ فوجی کارروائی اقوام متحدہ کے چارٹر اور ریاستی خودمختاری استثنیٰ کے نظریے کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کے 38ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چینی و پاکستانی محققین نے سی پیک کیلئے خشک سالی کا نقشہ تیار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) اور اس کے راستے میں آنے والے علاقوں، بشمول جنوب مغربی پاکستان، پر مشتمل ایک نئی موسمیاتی تحقیق میں کہا گیا ہے کہ خشک موسم کے زرعی خشک سالی میں تبدیل ہونے کے عمل کو سمجھنے سے حکام کو خشک اور نیم خشک علاقوں میں خشک سالی کے (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے 6 ماہ تک گیس کی قیمتوں میں اضافہ نہ کرنے کا اعلان کر دیا

ڈونلڈ ٹرمپ بین الاقوامی غنڈے کے روپ میں سامنے آرہا ہے، حافظ نعیم الرحمن

وینزویلا کے صدر کے اغوا اور ان پر غیر قانونی مقدمے کے بعد دنیا میں ایک بار پھر نوآبادیاتی نظام کو عملی طور پر مسلط کیا جا رہا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ وینزویلا میں امریکی کارروائی کر کے صدر مادورو کے اغوا اور ان پر بنائے جانے والے مقدمات پر عالمی طاقتوں کے بے بسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کی بڑی اقوام کو نام لے کر دھمکیاں دے رہا ہے اور وہ ایک بین الاقوامی غنڈے کے روپ میں سامنے آرہا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں (بقیہ نمبر 19)

فوڈ اتھارٹی کی ویجی لینس ٹیموں کی ریکی، جعلی دودھ کے 39 نیٹ ورکس بے، 15 ٹینکرز پکڑ لئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ویجی لینس ٹیموں کی ریکی سے لاہور کے مختلف علاقوں میں چھپے جعلی دودھ کے 39 نیٹ ورکس بے نقاب کر کے 15 ٹینکرز پکڑ لئے گئے، 90 ہزار لیٹر جعلی دودھ تلف، 32 مقدمات درج جبکہ 15 سپلائرز ٹینکرز بند کر دیئے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق پنجاب بھر دودھ مافیا کے خلاف سخت کریک ڈاؤن پر مافیا نے گلی (بقیہ نمبر 30)

کراچی: وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری 1100 ٹی ای یو کنٹینر شپ کی اسٹیل کٹنگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بجلی سستی کرنے کا پلان سامنے آگیا، حکومت کی صارفین کو مزید ریلیف دینے کی تیاری

وفاقی کابینہ کیپٹو پاور لیوی سے حاصل فائدہ بجلی صارفین تک منتقل کرنے کی پہلے ہی منظوری دے چکی ہے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے صارفین کو مزید ریلیف دینے کی تیاریاں شروع کر دی ہیں اور اس سلسلے میں بجلی سستی کرنے کا پلان سامنے آ گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے بجلی صارفین کو ایک اور ریلیف فراہم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے جس کے تحت آئی ایم ایف کی شرط کے مطابق کیپٹو پاور لیوی عائد کرنے کے بعد اس رقم کو بجلی کے نرخ کم کرنے کے لیے استعمال کرنے کا پلان تیار کیا گیا ہے جس سے پاور سیکٹر میں ریلیف کی راہ (بقیہ نمبر 31)

ڈی پی او قصور کا ایکشن، پولیس افسران نے 3 شراب فروشوں کو گرفتار کرلیا

پتوکی (این این آئی) ڈی پی او قصور عیسی خاں کا ایکشن پولیس افسران نے 3 شراب فروشوں کو گرفتار کر لیا 71 لیٹر دیسی شراب برآمد مقدمات درج۔ ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں نے سال 2026 میں کرائم کو کنٹرول کرنے کیلئے پولیس کو سخت ہدایات جاری کیں تھانہ سٹی پتوکی میں (بقیہ نمبر 20)

دھند کے سبب متعدد مقامات پر موٹرویز بند کردیا گیا

ایم 3 سمندری تا رجانہ، ایم 4 فیصل آباد تا ملتان ٹریفک، ایم 5 ملتان سے ظاہر پیر تک بڑی گاڑیوں کے لیے بند

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے مختلف شہروں میں دھند کی وجہ سے متعدد مقامات پر موٹرویز کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم 3 سمندری سے رجانہ تک جبکہ موٹروے ایم 4 فیصل آباد سے ملتان تک ٹریفک کے لئے بند کر دی گئی۔ اسی طرح موٹروے ایم 5 کو ملتان سے ظاہر پیر تک بڑی گاڑیوں کے لیے بند کیا گیا۔

امام مسجد صاحبان کو ماہانہ اعزازیہ کی فراہمی کیلئے سالانہ 20 ارب روپے مختص

اب تک 66 ہزار سے زائد امام مسجد صاحبان کی رجسٹریشن مکمل کرلی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے امام مسجد صاحبان کو ماہانہ اعزازیہ کی فراہمی کیلئے سالانہ 20 ارب روپے مختص کر دیئے۔ رجسٹرڈ امام صاحبان کو اعزازیہ کارڈ برائے امام مسجد صاحب کے ذریعے ماہانہ 25 ہزار روپے ادائیگی کی جائے گی جس کے لئے حکومت نے 20 ارب روپے مختص کر دیئے ہیں۔ اعزازیے کی فراہمی کا باضابطہ آغاز آئندہ ماہ فروری سے ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق اب تک 66 ہزار سے زائد (بقیہ نمبر 32)

ملتان ایئرپورٹ پر بھول جانے والا بیگ بحفاظت واپس ملنے پر غیر ملکی خاتون کا اظہار تشکر

اے ایس ایف نے سی سی ٹی وی کے ذریعے خاتون مسافر کی شناخت کی اور بیگ پہنچا دیا

ملتان (نمائندہ خصوصی) ملتان ایئرپورٹ پر غیر ملکی خاتون کا قیمتی سامان گم ہونے کا واقعہ پیش آیا جس میں پاسپورٹ، گرین کارڈ اور ملکی و غیر ملکی کرنسی شامل تھی۔ غیر ملکی خاتون قطر ایئرلائن کے ذریعے ملتان ایئرپورٹ پہنچی تھیں اور ایئرپورٹ پر قیمتی سامان سے بھرا ہینڈ بیگ بھول گئیں۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے خاتون مسافر کی شناخت کی اور ان سے رابطہ قائم کیا۔ بعد ازاں گمشدہ سامان (بقیہ نمبر 21)

ایف بی آر نے 16 گریڈ کے افسر کی 14 ویں گریڈ میں تنزلی کردی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 16 گریڈ کے افسر کی 14 ویں گریڈ میں تنزلی کر دی، افسر پر سگریٹ کے کاٹن نکلوانے اور سی سی ٹی وی ویڈیو غائب کرنے کا الزام تھا۔ ایف بی آر کی انکوائری رپورٹ میں افسر پر غفلت اور نااہلی کے الزامات ثابت ہوئے، جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج تک رسائی (بقیہ نمبر 24)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب یونیورسٹی میں زلمی مدرسہ لیگ پنجاب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

پی ہوٹا کی سفارشات پر مختلف ہسپتالوں کو ٹرانسپلانٹیشن کی اجازت

گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال لاہور کو بون بنک اینڈ بون ٹرانسپلانٹیشن کرنے کی اجازت دے دی گئی

لاہور (این این آئی) پی ہوٹا کی انسپکشن کے بعد اور سفارشات پر اگلے تین سال کیلئے پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ لاہور کو لیور ٹرانسپلانٹیشن، عمار میڈیکل کمپلیکس لاہور کو رینل ٹرانسپلانٹیشن، پاتھ ویل سنٹر آف ہیماٹولوجی اینڈ بون میرو ٹرانسپلانٹ راولپنڈی کو بون میرو ٹرانسپلانٹیشن، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بون ڈیزیز اینڈ بون میرو ٹرانسپلانٹیشن لاہور کو بون میرو ٹرانسپلانٹیشن جبکہ (بقیہ نمبر 23)

قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس؛ پرائیویٹ اسکولز فیس، یونیورسٹی بل اور این جی اوز پر بحث

اسلام آباد (این این آئی) قائمہ کمیٹی برائے تعلیم نے نجی اسکولوں کی فیسوں سے متعلق مکمل تفصیلات آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے اجلاس میں پرائیویٹ اسکولوں کی فیسوں، یونیورسٹی بل (بقیہ نمبر 22)

لیویز فورس کو بلوچستان پولیس میں قانونی طور پر ضم کر دیا گیا، اے اور بی ایریا کیٹیگری کی تقسیم بھی ختم

کوئٹہ (این این آئی) لیویز فورس کو بلوچستان پولیس میں باقاعدہ قانونی طور پر ضم کر دیا گیا ہے، اے اور بی ایریا کیٹیگری کی تقسیم بھی ختم کر دی گئی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ”ایکس“ پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ الحمدللہ، بلوچستان میں یکساں قانون کے نفاذ سے (بقیہ نمبر 25)

گلگت بلتستان کے نگراں وزراء اور مشیروں نے عہدوں کا حلف اٹھالیا

14 رکنی نگراں کابینہ 12 وزراء اور خاتون سمیت 2 مشیروں پر مشتمل ہے، ارکان نے چارج سنبھال لئے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے نگراں وزراء اور مشیروں نے عہدوں کا حلف اٹھالیا۔ اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی نذیر احمد ایڈووکیٹ نے ارکان سے حلف لیا۔ نگراں وزیراعلیٰ جی بی جسٹس (ر) یار محمد بھی تقریب میں موجود تھے۔ تقریب میں نگراں وزیراعلیٰ جسٹس (ر) یار محمد چیف سیکرٹری گلگت بلتستان ائی جی گلگت بلتستان سمیت اعلیٰ سرکاری حکام، معزز شخصیات اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ حلف برداری کے بعد نگراں کابینہ ارکان نے عہدے کا چارج سنبھال لیے (بقیہ نمبر 26)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

کرپشن فری سوسائٹی کا قیام وزیراعلیٰ کا ہدف ہے، پولیس اس کے حصول کیلئے دن رات کوشاں ہے، سی سی پی او

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں دونوں ڈویژنز کی مجموعی کارکردگی، پیشہ ورانہ امور اور انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور نے کہا کہ کرپشن فری سوسائٹی کا (بقیہ نمبر 33)

پاکستان ریلویز نے اپ گریڈڈ نارووال ایکسپریس ٹرین کا افتتاح کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے اپ گریڈڈ نارووال ایکسپریس ٹرین کا افتتاح کر دیا، لاہور ریلوے اسٹیشن پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے انعام اللہ نے افسران کے ہمراہ افتتاح کیا۔ ڈی ایس ریلوے نے اپ گریڈڈ ٹرین کی مختلف کوچوں کا بھی معائنہ کیا (بقیہ نمبر 34)

نجی یونیورسٹی میں طالبہ کی خودکشی کی کوشش، پولیس نے تحقیقات کا دائرہ بڑھادیا

لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کیلئے درخواست جمع نہیں کرائی گئی، پولیس

لاہور (این این آئی) نجی یونیورسٹی میں طالبعلم کے بعد طالبہ کی خودکشی کی کوشش کے معاملے پر پولیس نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق طالبہ کے لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کیلئے درخواست جمع نہیں کرائی گئی، طالبہ اس وقت (بقیہ نمبر 36)

رائیونڈ، 18 سالہ نوجوان کو گھر سے لے جا کر قتل کر دیا گیا

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ مشن کالونی میں 18 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزمان نے 18 سالہ عاطف (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وزیر مملکت سید مصطفی کمال نے بی ایچ یو گوکینہ میں ٹیلی میڈیسن سنٹر کا افتتاح کیا۔

بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو عدالتی فیصلوں کی پاسداری کرنا ہی ہوگی، رانا ثناء اللہ

ہائیکورٹ نے بانی سے ملاقات کا طریقہ طے کیا، ملاقات ہوئی تو بانی اور اہلیہ ایک ساتھ تھے، حکومت کی نیت پر شک نہ ہونا چاہئے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو عدالتی فیصلوں کی پاسداری کرنا ہی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ہائی کورٹ نے بانی سے ملاقات کا طریقہ کار طے کیا ہوا ہے، اس بار ملاقات ہوئی تو بانی اور ان کی اہلیہ ایک ساتھ ہی تھے، حکومت کی نیت پر کسی قسم کا شک نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے فلور آف دی ہاؤس مذاکرات کی (بقیہ نمبر 27)

مری میں برفباری، مال روڈ، کشمیر پوائنٹ اور بٹریان برف کی سفید چادر میں ڈھک گئے

ڈی پی او مری نے کہا کہ سیاحوں کا تحفظ اور سہولت اولین ترجیح ہے، برفباری کے دوران کوئی حادثہ یا ایمرجنسی رپورٹ نہیں ہوئی۔

مری (بیورو رپورٹ) مری میں ہلکی برفباری کے باعث مال روڈ، کشمیر پوائنٹ اور بٹریان برف کی سفید چادر میں ڈھک گئے۔ برفباری کے باوجود مری میں ٹریفک مکمل طور پر رواں دواں رہی، ڈی پی او مری کی براہِ راست نگرانی میں داخلی و خارجی راستوں پر سخت کنٹرول رہا۔ اعداد وشمار کے مطابق 5 جنوری کو 12 ہزار 777 گاڑیاں مری میں داخل، 8 ہزار 569 شہر سے روانہ ہوئیں۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران 23 ہزار 114 گاڑیاں مری میں داخل جبکہ 15 ہزار 143 باہر گئیں۔

ترسیلات زر بڑھنے پر خوش ہونے کی بجائے برآمدات پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی' خادم حسین

تحقیقات کرائی جائیں کن وجوہات کی بناء پر برآمدات میں کمی ہو رہی ہے' رکن بورڈ آف ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن ، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ اگر معیشت کو مضبوط کرنا ہے تو صرف ترسیلات زر بڑھنے پر خوش ہونے کی بجائے برآمدات پر توجہ مرکوز کرنا ہو گی ، دسمبر 2025 کے دوران تجارتی خسارے میں گزشتہ برس کے اسی مدت کے مقابلے میں خسارے میں 24 فیصد اضافہ ہوا جس کا حجم 3.7 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اس کی تحقیقات کرائیں کہ آخر کن وجوہات کی بناء پر برآمدات میں کمی ہو رہی ہے اور جو درآمدات ہوئی ہیں کیا وہ صنعتوں کی مشینری اور خام مال ہے یا پر تعیش اشیاء کی ردرآمدات پر زر مبادلہ کے ذخائر میں سے اربوں ڈالر خرچ ہو گئے۔

پاکستان، چینی کمپنیوں کے درمیان بیرنگ مصنوعات کی برآمدات کیلئے ابتدائی معاہدہ طے پا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان نے چینی کمپنیوں اور مقامی آٹو موٹیو مینوفیکچررز اور سروس فراہم کنندگان کے درمیان روابط قائم کرنے میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ چینی کمپنیوں نے مثبت ردِعمل دیتے ہوئے پاکستان کی ضروریات کے مطابق حسبِ ضرورت پیداواری حل پیش کرنے کی پیشکش کی اور پاکستان میں بیرنگ ٹیسٹنگ اور مینٹیننس مراکز کے قیام کی تجویز دی۔

کراچی: صوبائی وزیر لائیوسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی اپنے دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

دستی انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے افراد کو ایکٹو ٹیکس پیئر کا درجہ دینے سے انکار پر تشویش کا اظہار

اقدام وفاقی ٹیکس محتسب کی لازمی ہدایات، ایف بی آر کے اپنے سرکلر کی خلاف ورزی کی ہے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے بورڈ آف ریونیو کی جانب سے سالانہ ٹیکس 2024 کے لیے دستی انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے افراد کو ایکٹو ٹیکس پیئر کا درجہ دینے سے انکار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام وفاقی ٹیکس محتسب کی لازمی ہدایات اور ایف بی آر کے اپنے جاری کردہ سرکلر کی خلاف ورزی کی ہے۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبد الغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قانونی احکامات، داخلی سرکلرز اور ٹیکس دہندگان کے حقوق کو محض فیلڈ افسران کی مرضی کے مطابق نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ یہ معاملہ کسی تکنیکی غلطی یا الجھن کا نہیں بلکہ ادارہ جاتی قانون کی حکم عدولی کا ہے۔ ایف بی آر نے خود سرکلر نمبر 6 برائے 2025-26 جاری کیا جس میں سابقہ دستی ریٹرن فائل کرنے والے افراد کی قانونی حیثیت اور مشکلات کو واضح طور پر تسلیم کیا گیا۔

پنجاب کے مختلف اضلاع میں بھنڈی کی اوسط پیداوار 120 من فی ایکڑ تک پہنچ گئی

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں بھنڈی کی اوسط پیداوار 120 من فی ایکڑ تک پہنچ گئی ہے جبکہ گزشتہ سال 13 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر بھنڈی کی کاشت سے 59 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔ ریسرچ انفارمیشن یونٹ آری فیصل آباد کے مطابق بھنڈی موسم گرما کی ہر دلعزیز سبزی ہے جس کی کاشت کیلئے گرم مرطوب آب وہوا کی ضرورت ہوتی ہے تاہم یہ فصل کہر کے اثرات کو برداشت نہیں کر سکتی۔

عالمی بینک کا سندھ فلڈ منصوبے پر اطمینان سندھ حکومت کی کارکردگی کا ثبوت ہے، شرجیل میمن

فلڈ ایمرجنسی ری ہیبلیٹیشن منصوبہ معاشی اور سماجی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ عالمی بینک کی جانب سے سندھ فلڈ ایمرجنسی ری ہیبلیٹیشن منصوبے کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دینا سندھ حکومت کی موثر منصوبہ بندی کا ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں شرجیل میمن نے کہا کہ منصوبے کے تحت صوبے بھر میں اہم انفراسٹرکچر کی بحالی کے ذریعے 7.2 ملین سے زائد افراد مستفید ہوئے ، بحالی منصوبے سے مستفید ہونے والے افراد میں 3.4 ملین خواتین شامل ہیں۔

تحریک دعوتِ فقر کے سالانہ انتخابات کے نتائج کا اعلان

مانگا منڈی (این این آئی) تحریک دعوتِ فقر کے سالانہ الیکشن کے نتائج کا اعلان ہو چکا ہے جس کے تحت سال 2026 کے لیے سلطان محمد نعیم عباس صاحب منتظم اعلی، ملک حسن رضا کھوکھر صدر، ملک عبد الرافع کھوکھر نائب صدر، ڈاکٹر عبد الحسیب سرفراز جنرل سیکرٹری، نعمان ثاقب جوائنٹ سیکرٹری اور ڈاکٹر محمد وسیم اکرم ترجمان امورِ داخلہ کے عہدے پر منتخب ہوئے ہیں۔ پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمن بطور ترجمان امور خارجہ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے۔

کراچی، ہسپتال سے 3 ماہ کا بچہ اغوا، سی سی ٹی وی ویڈیو سامنے آگئی

مبینہ اغوا کار خاتون اور ساتھی بچے کی والدہ کو علاج کا جھانسہ دے کر سول ہسپتال لائے، چلڈرن وارڈ سے بچے کو اغوا کر کے فرار

کراچی (این این آئی) کراچی کے سول اسپتال کے چلڈرن وارڈ سے 3 ماہ کا بچہ اغوا ہو گیا، واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔ مبینہ اغوا کار خاتون اور اس کا ساتھی بچے کی والدہ کو اس کا علاج کروانے کا جھانسہ دے کر سول ہسپتال لائے اور چلڈرن وارڈ سے بچے کو اغوا کر کے فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق 24 دسمبر کو رابعہ خاتون اپنے تین ماہ کے جڑواں بچوں، آزان اور محمد کو علاج کی غرض سے ہسپتال لے کر جا رہی تھیں۔ دورانِ سفر میرانا کہ کے مقام پر بچوں کو بھوک لگ گئی، جس پر رابعہ وہیں رک گئیں اور بچوں کو فیڈر کے ذریعے دودھ پلانے لگیں۔ اسی دوران ایک نامعلوم خاتون وہاں پہنچی، جس نے بچوں کے علاج کی مکمل ذمہ داری لینے کی یقین دہانی کروائی اور اگلے روز دوبارہ ملاقات کا وعدہ کیا۔ ہسپتال پہنچنے پر آزان اور محمد کو بچوں کے وارڈ میں داخل کیا گیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی تاہم کچھ دیر بعد فیصلہ کیا گیا کہ بچوں کو گھر منتقل کر کے وہیں علاج جاری رکھا جائے۔

کراچی میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زخمی 3 ملزمان ہلاک

کراچی (این این آئی) کراچی میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زخمی ہونے والے 3 ملزمان ہلاک ہو گئے۔ کراچی کے علاقے پاک کالونی میں مبینہ پولیس مقابلہ ہوا جس دوران زخمی ہونے والے تین ملزمان ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کا کرمنل ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ پولیس نے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا بھی دعویٰ کیا ہے۔

کراچی، شہر بھر میں چار پولیس مقابلے، 3 ڈاکو ہلاک، 6 زخمیوں سمیت 7 گرفتار، ایک فرار

ہلاک ہونے والے ڈاکوؤں کی شناخت گلاب خان، حنیف اور سلیمان کے ناموں سے کی گئی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان چار مبینہ مقابلے پیش آئے، جن کے نتیجے میں تین ڈاکو ہلاک اور چھ زخمیوں سمیت مجموعی طور پر سات ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ ایک ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پہلا واقعہ پاک کالونی پولیس کا جہان آباد کے علاقے میں پیش آیا، جہاں مبینہ مقابلے کے دوران تین ڈاکو شدید زخمی حالت میں گرفتار کیے گئے۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی ڈاکوؤں کو سول ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ دورانِ سفر دم توڑ گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے ڈاکوؤں کی شناخت گلاب خان، حنیف اور سلیمان کے ناموں سے کر لی گئی ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل اور دیگر سامان بھی برآمد کیا ہے۔

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے دربار عالیہ محمدیہ عیدگاہ شریف میں پیر نقیب الرحمن ملاقات کر رہے ہیں، اس موقع پر علامہ طاہر محمود اشرفی، پیر حسان حسیب الرحمن اور دیگر بھی موجود ہیں۔

سمارٹ سٹی منصوبوں میں چین کی شمولیت، پاکستان میں معاہدوں پر دستخط

اسمارٹ ٹیک ون پاکستان میں ڈیجیٹل تبدیلی کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے

لاہور (این این آئی) چین کی ٹیکنالوجی کمپنی بیمنگ سافٹ ویئر کے ایک وفد نے دورہ پاکستان کے دوران اسمارٹ سٹیز اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے شعبوں میں تعاون کے مواقع کا جائزہ لیا جسے ابھرتی ٹیکنالوجیز میں چین پاکستان تعاون کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دورے کے دوران کمپنی نے اسمارٹ ٹیک ون (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کیے۔

اسمگلنگ کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن، 15 کروڑ سے زائد کی منشیات برآمد

کارروائیوں کے دوران 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 1532 کلو سے زائد منشیات برآمد کر لی گئی، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) اسمگلنگ کے خلاف اے این ایف کے کریک ڈاؤن کے دوران 15 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف 4 کارروائیاں کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کیا اور مجموعی طور پر 15 کروڑ 12 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 1532.11 کلوگرام منشیات برآمد کر لی۔ کارروائیوں کی تفصیلات کے مطابق حاجی شاہ بس ٹرمینل، ڈسٹرکٹ اٹک میں ایک گاڑی کی تلاشی کے دوران 960 گرام چرس برآمد کی گئی، جس پر ملزم کو گرفتار کر لیا گیا، اسی طرح سٹی بائی پاس سکھر کے قریب ایک گاڑی سے 150 گرام کوکین برآمد ہوئی۔ اس کارروائی میں بھی ملزم کو حراست میں لے لیا گیا۔

بلوچستان میں شدید سردی کی لہر برقرار، زیارت میں پارہ منفی 3 تک گر گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ساحلی علاقوں سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں سردی کی شدید لہر کے باعث معمولاتِ زندگی متاثر ہو گئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے بالائی اور شمالی علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد کے قریب اور بعض مقامات پر اس سے بھی نیچے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ ژوب میں صفر ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔

کراچی، رنچھوڑ لائن، دو دکانوں میں آگ لگنے سے سارا سامان جل کر راکھ ہو گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے رنچھوڑ لائن میں بھورا پیر پھول گلی میں واقع دو دکانوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں دکانوں میں رکھا گیا سامان جل کر راکھ ہو گیا۔ ترجمان فائر بریگیڈ کے مطابق آگ موٹر سائیکل مکینک اور اسپیئر پارٹس کی دکان میں لگی تھی۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی گاڑی موقع پر پہنچی اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ فائر بریگیڈ کے مطابق آگ کے ایم سی کے نالے پر قائم دکانوں میں لگی تھی۔

لاڑکانہ: امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ لاڑکانہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

وائلڈ لائف رینجرز کی غیر قانونی شکار کے خلاف کارروائیاں جاری، لاکھوں روپے کے جرمانے

پسرور کے علاقہ سے بھٹکے ہوئے دو نر پاڑہ ہرن ریسکیو کر کے بحفاظت واپس قدرتی ماحول میں آزاد کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وائلڈ لائف رینجرز پنجاب کی غیر قانونی شکار کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، پسرور کے علاقہ سے بھٹکے ہوئے دو نر پاڑہ ہرن ریسکیو کر کے بحفاظت واپس قدرتی ماحول میں آزاد کر دیا۔ سیالکوٹ میں کتوں کے ساتھ جنگلی سور کے ناجائز شکار میں مشغول ایک پارٹی کو گرفتار کر کے ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا، راولپنڈی میں کتوں کے ساتھ جنگلی سور کے غیر قانونی شکار میں مشغول 8 شکاریوں کو ایک لاکھ 80 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

لاہور واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر یونین کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے کے دوران خورشید احمد خطاب کر رہے ہیں۔

نذیر حسین یونیورسٹی میں دوسرے کانووکیشن کی پروقار تقریب

تقریب میں وفاقی وزیرِ تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

کراچی (این این آئی) نذیر حسین یونیورسٹی میں دوسرے کانووکیشن کی ایک شاندار اور پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیرِ تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران وفاقی وزیرِ تعلیم نے کامیاب طلبہ و طالبات میں ڈگریاں تقسیم کیں، انہیں تعلیمی کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور ان کے روشن و بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات اور مفید ہدایات دیں۔ اس موقع پر نذیر حسین یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر فرحت خان، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسرور احمد شیخ اور یونیورسٹی کے بورڈ آف گورنرز کے تمام اراکین جن میں ایم پی اے انجینئر عادل اسکری اور دیگر ممبران شامل تھے۔ اس کے علاوہ رکنِ قومی اسمبلی سبین گوری اور اپوزیشن لیڈر ایم کیو ایم پاکستان علی خورشیدی نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں نذیر حسین یونیورسٹی کا مکمل انتظامی و تدریسی عملہ بھی موجود تھا، جن میں پبلک ریلیشنز آفیسر معاذ مقدم اور مختلف شعبہ جات کی فیکلٹی کے تمام اراکین جن میں ڈاکٹر خالق خانزادہ، ڈاکٹر سلمان محمود، عمیر اللہ خان، منیزہ سید، سلمان شاہ اور دیگر اساتذہ کے ساتھ ساتھ طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

بلدیہ رئیس گوٹھ سے بھاری مقدار میں دھماکا خیز مواد برآمد ہونے کے کیس کا مقدمہ درج

چھاپے میں 2 ہزار کلوگرام سے زائد تباہ کن بارودی مواد برآمد کیا گیا، مقدمہ سی ٹی ڈی افسر کی مدعیت میں درج کیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس کے انسداد دہشت گردی ڈیپارٹمنٹ نے بلدیہ رئیس گوٹھ سے برآمد ہونے والے بھاری مقدار میں دھماکا خیز مواد برآمد کرنے کا مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کاونٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) پولیس نے بلدیہ رئیس گوٹھ میں سیکیورٹی اداروں کی مشترکہ چھاپہ مار کارروائی میں خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری اور بھاری مقدار میں دھماکا خیز مواد کی برآمدگی کا مقدمہ نمبر 3 سال 2026 انسداد دہشت گردی کی دفعہ سیون اے ٹی اے اور 4/5 ایکسپلوزیو ایکٹ کے تحت سی ٹی ڈی کے افسر انسپکٹر ظفر عباس سیال کی مدعیت میں درج کر لیا۔ مدعی مقدمہ نے بیان دیا ہے کہ حساس اداروں نے انٹیلیجنس ذرائع نے رئیس گوٹھ حب ریور روڈ پر واقع ایک گھر میں کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے ایک خفیہ ٹھکانے میں بارودی مواد کی اطلاع دی۔ چھاپہ مار کارروائی میں مکان سے دہشت گردوں کی گرفتاری اور بارودی مواد کی برآمدگی بھی عمل میں لائی گئی۔

کراچی: صوبائی وزیر لائیوسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی اپنے دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کمشنر کراچی نے تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا

دکانداروں سے انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل کرایا جائے، سید حسن نقوی

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت کمشنر آفس میں منعقدہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ فٹ پاتھوں، سڑکوں اور سروس روڈز پر قائم تجاوزات اور سٹنگ کے بڑھتے ہوئے رجحان کے خلاف کارروائی بلاتعطل جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس میں تمام ڈپٹی کمشنرز نے بالمشافہ جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ کمشنر کراچی نے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے کی مہم مزید موثر بنائی جائے اور دکانداروں سے انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دکانداروں کو پابند بنایا جائے کہ وہ مقررہ حدود میں کاروبار کریں تاکہ شہر میں ٹریفک دبا کم ہو اور سرکاری زمینوں سے تجاوزات کے خاتمے کی حکومتی کوششیں کامیاب ہو سکیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جو دکاندار ایس او پیز پر عملدرآمد کی تحریری یقین دہانی کے طور پر حلف نامہ جمع نہیں کرائے گا۔

کراچی: تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ وحدت ہاؤس میں علامہ راجہ ناصر عباس جعفری سے ملاقات کر رہے ہیں۔

کراچی میں جاڑے کے ڈیرے، پارہ سنگل ڈیجٹ میں جانے کا امکان

ہفتہ اور اتوار کو سردی میں مزید اضافہ متوقع ہے، جس سے رات کا درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ میں جا سکتا ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاڑے کے ڈیرے ہیں، ہفتے اور اتوار کو پارہ سنگل ڈیجٹ میں جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور رات میں خنک رہنے کا امکان ہے، گزشتہ روز کم سے کم درجہ حرارت 13.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 12 سے 14 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25 سے 27 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ کراچی میں شمال مشرق سے سرد ہوائیں چل رہی ہیں، جمعرات سے رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 سے 11 ڈگری رہنے کا امکان ہے۔ ہفتہ اور اتوار کو سردی میں مزید اضافہ متوقع ہے، جس سے رات کا درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ میں جا سکتا ہے، کم سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کی پیش گوئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے ترجمان انجم نذیر کا کہنا ہے کہ آئندہ دس روز کے دوران کراچی سمیت سندھ میں بارش کا امکان نہیں۔

صوابی میں کارروائی کے دوران لاکھوں کلو تمباکو کا بھاری ذخیرہ برآمد

ایف بی آر ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران جی ایل ٹی یونٹ مکمل طور پر فعال حالت میں پایا گیا

پشاور (این این آئی) ٹیکس آفس پشاور نے ضلع صوابی کے علاقے انبار میں کارروائی کے دوران لاکھوں کلو تمباکو کا بھاری ذخیرہ برآمد کر لیا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران جی ایل ٹی یونٹ مکمل طور پر فعال حالت میں پایا گیا جہاں سے لاکھوں کلوگرام تمباکو کا بھاری ذخیرہ برآمد کر کے اسے قبضے میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ تمباکو میں 5 لاکھ 14 ہزار 596 کلو ہینڈ اسٹیمڈ لیمینا، 35 ہزار 280 کلو تمباکو اسٹیم اور 74 ہزار 800 کلوگرین لیف شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ تمباکو ایک نجی ٹوبیکو کمپنی کے نام پر موجود تھا اور یونٹ کے مالک کی شناخت ربنواز کے نام سے ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی خلاف ورزی ثابت ہونے پر گودام اور تمام مشینری کو سیل کر دیا گیا ہے، ابتدائی تحقیقات میں اربوں روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف ہوا ہے جبکہ غیر قانونی تمباکو مینوفیکچرنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے رکن سندھ اسمبلی فیاض بٹ اپنے صاحبزادے جاوید بٹ کے ہمراہ بلاول ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان سے باہر جانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

کروڑوں روپے ویلفیئر اتاشیوں پر خرچ کیے جا رہے ہیں، وہ وہ کام نہیں کر رہے جو کرنا چاہئیں، مہرین رزاق بھٹو

اسلام آباد (این این آئی) قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں سمندر پار پاکستانیز کے حکام نے بریفنگ میں بتایا ہے کہ پاکستان سے باہر جانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سمندر پار پاکستانیز کا اجلاس چیئرمین آغا رفیع اللہ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ایف آئی اے، بیرون ملک روانگی کے قواعد، ایئرپورٹس پر سہولتوں اور گلف ممالک میں کیمونٹی ویلفیئر اتاشیوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران چیئرمین کمیٹی آغا رفیع اللہ نے کہا کہ ایف آئی اے کو ہدایت دی گئی تھی کہ ایئرپورٹس پر عوام کو واضح طور پر بتایا جائے کہ وہ اپنی شکایات کہاں درج کر سکتے ہیں، جس پر ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ روانگی سے متعلق رولز تیار ہیں اور ان کی منظوری کا انتظار ہے۔ یہ رولز سی ایل سی کے سامنے منظوری کے لیے موجود ہیں۔ ایک ایس او پی بھی تیار کیا گیا ہے اور روانگی سے قبل ایئرپورٹس پر سہولت ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔

چوہدری مونس الٰہی کے اثاثے ضبط کرنے کیخلاف درخواست پر نیب سے جواب طلب

نیب نے پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف اختیارات سے تجاوز اور مبینہ کرپشن کا ریفرنس دائر کر رکھا ہے۔

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت لاہور نے گجرات ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کے ریفرنس میں اشتہاری ملزم مونس الٰہی کے اثاثے ضبط کرنے کے خلاف درخواست پر نیب سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور کی احتساب عدالت کے جج رانا محمد عارف نے سابق وزیر اعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف گجرات ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن کے ریفرنس پر سماعت کی۔

مولانا فضل الرحیم اشرفی کی رحلت قومی اور دینی سانحہ ہے' حافظ محمد افضال

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام شالامار ٹاﺅن کے صدر مولانا حافظ محمد افضال اور سیکرٹری جنرل محمد عثمان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا فضل الرحیم اشرفی کی رحلت ایک بہت بڑا قومی اور دینی سانحہ ہے۔ مولانا فضل الرحیم اشرفی کے وصال سے پاکستان ایک عظیم مدبر، صاحبِ علم اور باعمل دینی شخصیت سے محروم ہو گیا ہے۔ مرحوم کی پوری زندگی تعلیم و تعلم، اشاعتِ دین اور خدمتِ خلق کے لیے وقف رہی۔

لاہور، نجی یونیورسٹی میں طالبعلم کے بعد طالبہ کی خودکشی کی کوشش، تحقیقات کا دائرہ وسیع

طالبہ کے لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کے لیے درخواست جمع نہیں کروائی گئی

لاہور (این این آئی) نجی یونیورسٹی میں طالبہ کی خودکشی کی کوشش کے معاملے پر پولیس نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق طالبہ کے لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کے لیے درخواست جمع نہیں کروائی گئی۔ طالبہ اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ اس کی ریڑھ کی ہڈی اور پھیپھڑوں پر گہرے زخم آئے ہیں جس کی وجہ سے طالبہ کا بیان ریکارڈ نہیں کیا جا سکا۔ پولیس کے مطابق طالبہ فاطمہ کے تمام ضروری ٹیسٹ دوبارہ کیے گئے ہیں اور اہل خانہ سے بھی مختلف پہلوؤں پر معلومات حاصل کی گئی ہیں۔ واقعہ کی مکمل تفصیل جاننے کے لیے یونیورسٹی اور اطراف میں نصب تمام سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج پولیس نے تحویل میں لے لی ہے، جن کی مدد سے حالات و واقعات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔

لاہور سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ مہتمم جامعہ اشرفیہ حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

مولانا فضل الرحیم اشرفی کا سانحہ ارتحال ناقابل تلافی نقصان ہے' جے یو آئی (س)

مرحوم نے ساری زندگی کا ہر لمحہ اسلام کی سربلندی، دین کی خدمت، درس و تدریس اور وعظ و نصیحت میں گزرا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبد القدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا فضل الرحیم اشرفی کا سانحہ ارتحال ناقابل تلافی نقصان ہے، ان کی تعلیمی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں اور انکی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکے گا، مولانا نے زندگی کا ہر لمحہ اسلام کی سربلندی، دین کی خدمت، درس و تدریس اور وعظ و نصیحت میں گزرا، اللہ رب العزت مرحوم کو اعلی علیین میں مقام عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔

کمشنر سرگودھا کا متعلقہ حکام کو تجاوزات، پارکنگ اور سٹریٹ لائٹس میں بہتری لانے کا حکم

سرگودھا (این این آئی) کمشنر سرگودھا نے جامع شہری منصوبہ بندی پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تجاوزات، پارکنگ اور سٹریٹ لائٹس میں بہتری لانے کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر شوکت علی نے شہر کی بہتری اور خوبصورتی کے لیے جامع اور مربوط منصوبہ بندی کے لئے ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی اور سی او میونسپل کارپوریشن کو حکم دیا کہ شہر میں پارکس کی حالت بہتر بنائی جائے اور تمام سٹریٹ لائٹس مکمل طور پر فعال رکھا جائے

سندھ ہائیکورٹ: لاپتا شہریوں کی بازیابی سے متعلق درخواست پر ایف آئی آر درج کرنے کا حکم

گھر پر چھاپے کے بعد سچل تھانے سے حراست میں لیے گئے افراد کے لیے رابطہ کیا۔ پولیس اسٹیشن نے لاعلمی کا اظہار کیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے لاپتا شہریوں کی تلاش کے لیے ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو لاپتا شہریوں کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ لاپتا شہریوں کو پولیس اہلکاروں نے گھر سے حراست میں لیا تھا۔ گھر پر چھاپے کے بعد سچل تھانے سے حراست میں لیے گئے افراد کے لیے رابطہ کیا۔

نیشنل گرڈ کمپنی نے 220 کے وی قائداعظم بزنس پارک گرڈ سٹیشن کو انرجائز کر دیا

گرڈ سٹیشن شیخوپورہ میں واقع خصوصی اقتصادی زون کو بجلی فراہمی کے ذریعے صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کریگا

لاہور (این این آئی) نیشنل گرڈ کمپنی آف پاکستان (این جی سی) نے 220 کے وی قائداعظم بزنس پارک گرڈ سٹیشن کو کامیابی کے ساتھ انرجائز کر کے پاکستان کے پاور ٹرانسمیشن نیٹ ورک کی توسیع میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ یہ گرڈ سٹیشن شیخوپورہ میں خصوصی اقتصادی زون میں بڑے صنعتی صارفین کی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے تعمیر کیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے کیش ڈپازٹ لون کے تحت 4 ارب روپے سے زائد لاگت سے مکمل ہونے والے اس منصوبے کا مقصد صنعتی آپریشنز، کاروبار اور اقتصادی ترقی کیلئے بجلی کی قابل اعتماد فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر (این جی سی) انجینئر الطاف حسین ملک نے گرڈ سٹیشن کی تکمیل پر پراجیکٹ ٹیم کو مبارکباد دی اور ان کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ بزنس پارک گرڈ سٹیشن کو طویل مدتی صنعتی توسیع اور جامع سماجی و اقتصادی ترقی میں مدد کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے

ڈپٹی کمشنر نارووال طیب خان کی زیر صدارت ستھرا پنجاب، ڈاگ کلنگ کے حوالے سے اجلاس

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیرصدارت ستھرا پنجاب اور ڈاگ کلنگ کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد ہوا، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نارووال کو ستھرا پنجاب اور ڈاگ کلنگ کے حوالے سے کی جانے والی کارروائیوں کے بارے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ ڈاگ کلنگ کے حوالے سے جاری مہم کی کڑی مانیٹرنگ کریں۔

صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر سے ٹائم ٹیکنالوجیز کے وفد کی ملاقات

جدید سافٹ ویئر اور موبائل ایپ کی تیاری پر تفصیلی مشاورت کی گئی، ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری بھی موجود

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر سے ٹائم ٹیکنالوجیز کے وفد نے ملاقات کی۔ منگل کے روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ہونے والی ملاقات میں ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری و دیگر افسران بھی موجود تھے، اس موقع پر محکمہ کھیل کے لیے جدید سافٹ ویئر اور موبائل ایپ کی تیاری پر تفصیلی مشاورت کی گئی اور کھیلوں کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال پر مختلف تجاویز اور سفارشات پیش کی گئیں۔ ٹائم ٹیکنالوجیز نے وزیر کھیل کو بریفنگ میں بتایا کہ مجوزہ ایپ کے ذریعے سپورٹس کمپلیکسز، گراؤنڈز اور دیگر سہولیات کی آن لائن بکنگ ممکن ہو گی، رپورٹ اینڈ اینالسز سسٹم کے ذریعے فیصلے ڈیٹا کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔ ایپ میں ایسٹ مینجمنٹ، پرسنل مینجمنٹ اور ڈیٹا ریکارڈنگ کے جدید فیچرز شامل ہوں گے

نارووال، گراں فروشی پر 33 دکانداروں کو 1 لاکھ سے زائد کے جرمانے

نارووال (این این آئی) نئے سال کے پہلے پانچ دنوں میں گراں فروشی پر 33 دکانداروں کو 1 لاکھ 11 ہزار روپے جرمانہ کر دیا گیا۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ پرائس مجسٹریٹس کا اجلاس ہوا۔ ای اے ڈی ایناروال یاسر محمود نے ڈپٹی کمشنر نارووال کو پرائس مجسٹریٹس کی طرف سے کی جانے والی کارروائیوں کے بارے فرداً فرداً آگاہ کیا۔

کراچی: ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد کا کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر نومنتخب صدر فاضل جمیلی سمیت دیگر عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

رحیم یار خان میں ٹرالی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

پولیس حکام نے بتایا کہ لاشوں کو ہسپتال منتقل کر کے ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیں

رحیم یار خان (بیورو رپورٹ) رحیم یار خان میں ٹرالی کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گئے۔ ایل پی روڈ پر فاطمہ چوک کے قریب تیز رفتار گنے کی ٹرالی نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق نوجوانوں کی شناخت ارشد اور عبد الغفار کے نام سے ہوئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ لاشوں کو ہسپتال منتقل کر کے ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیں۔

سانگلہ ہل، ٹریکٹر ٹرالی کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 16 سالہ نوجوان سمیت 2 افراد جاں بحق

سانگلہ ہل (این این آئی) سانگلہ ہل کے نواحی گاؤں سرہالی چک 54 کے قریب تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی موٹر سائیکل کو ٹکر کے نتیجے میں 16 سالہ نوجوان سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ حادثے میں 45 سالہ شبیر احمد موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ 16 سالہ عبداللہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شاہ کوٹ پہنچ کر اپنی زندگی کی بازی ہار گیا۔ 24 سالہ قاسم جو کہ شدید زخمی ہے اس کو الائیڈ ہسپتال فیصل آباد ریفر کر دیا گیا ہے۔

سیکرٹری سپورٹس پنجاب محمد علی کی زیر صدارت سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے اہم اجلاس

نیشنل گیمز کے کھلاڑیوں نے تاریخ ساز کارکردگی پیش کی ہے کھلاڑیوں کو انڈوومنٹ فنڈ کے تحت سکالرشپ دی جائے گی

لاہور (این این آئی) سیکرٹری سپورٹس پنجاب محمد علی کی زیرصدارت سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری، ایڈیشنل سیکرٹری شبیر حسین چیمہ ، ڈائریکٹر ایڈمن عابد شوکت اور ڈائریکٹر سپورٹس رانا ندیم انجم و دیگر نے شرکت کی۔ سیکرٹری سپورٹس محمد علی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل گیمز کراچی کے کھلاڑیوں نے تاریخ ساز کارکردگی پیش کی ہے ان کھلاڑیوں کو سپورٹس انڈوومنٹ فنڈ کے تحت سکالرشپ دی جائے گی، کھلاڑیوں کو ان کی پرفارمنس کی بنیاد پر پلاٹینیم کیٹیگری میں 70 ہزار، سلور میں 50 ہزار اور برائونز میں 30 ہزار روپے ایک سال کیلئے دیئے جائیں گے۔ نیشنل گیمز کے کھلاڑیوں کے اعزاز میں کل 7 جنوری کو نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں شاندار تقریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

سرگودھا میں 17 سالہ دوشیزہ کو گھر میں فائرنگ کر کے سوتے ہوئے قتل کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 17 سالہ دوشیزہ کو گھر میں فائرنگ کر کے سوتے ہوئے قتل کر دیا گیا جس کی پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دی گئی او پولیس نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ قتل درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے چک 103 جنوبی میں محنت کش محمد انور کی 17 سالہ بیٹی علشبہ بی بی گھر میں سو رہی تھی کہ اس دوران گھر میں فائرنگ کر کے علشبہ بی بی کو قتل کر دیا گیا جسکی نعش پوسٹمارٹم کے لیے ہسپتال کر کے پولیس نے قتل کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا۔

نارووال: ریسکیو اہلکار ظفروال روڈ پر گرے ہوئے درخت کو ہٹا رہے ہیں۔

پنجاب میں دھند کے ڈیرے، حد نگاہ کم ہونے سے موٹرویز بند

ترجمان نے بتایا کہ موٹرویز کی بندش کا مقصد عوام کی جان و مال کا تحفظ ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب میں دھند کے ڈیرے برقرار رہنے سے حدِ نگاہ کم ہونے سے موٹرویز بند کر دی گئیں۔ سینٹرل ریجن ترجمان کے مطابق موٹروے ایم- 3 جڑانوالہ سے درخانہ، موٹروے ایم-4 پنڈی بھٹیاں سے فیصل آباد اور فیصل آباد سے ملتان تک جب کہ موٹروے ایم-5 ملتان سے ظاہر پیر، اور ملتان سے سکھر تک دھند کی وجہ سے بند کر دی گئیں۔ ترجمان نے بتایا کہ موٹرویز کی بندش کا مقصد عوام کی جان و مال کا تحفظ ہے۔

ہیلتھ کارنر

صحت مند طرز زندگی بیماریوں کیخلاف مضبوط ڈھال

مناسب خوراک، ذہنی وجسمانی سکون کا خصوصی خیال رکھنا چاہیے، تندرستی انسان میں مشکلات سے مقابلہ کرنے کی قوت پیدا کرتی ہے، جہاں تک ممکن ہو خود کو بیماریوں سے بچانا چاہیے

ڈاکٹر قلندر شاہ

صحت مند افراد عموماً خوش وخرم رہتے ہیں۔ وہ اپنا روزمرہ کا کام بخوبی انجام دیتے ہیں۔ وہ لوگوں اور چیزوں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ وہ دیکھنے میں اچھے لگتے ہیں۔ ان کے پاس توانائی کا ذخیرہ ہوتا ہے اور جلد نہیں تھکتے۔ ان کے ذہن میں نئے خیالات آتے ہیں جن کی بدولت وہ زندگی میں کامیاب اور کامران رہتے ہیں۔ صحت کی طرف سے لاپرواہی جسم کے لئے بہت سے مسائل کھڑے کر دیتی ہیں۔ اس کی وجہ سے درد، تکلیف، بے چینی، بے آرامی عارضی بھی ہو سکتی ہے، اور مستقل بھی، اکثر لوگ ان مسائل سے بہت زیادہ گھبرا جاتے ہیں، جب کہ بیشتر افراد ہمت سے کام لیتے ہیں اور تکلیفوں کو زندہ دلی سے برداشت کرتے ہیں۔ یہ بات طے ہے کہ تندرست انسان میں مشکلات سے مقابلہ کی قوت زیادہ ہوتی ہے۔ جہاں تک ممکن ہو بیماریوں سے بچنا چاہیے۔ فی زمانہ امراض اور ان کی تباہ کاریوں سے بچاؤ میں حیرت انگیز ترقی ہوئی ہے۔ ہم بیشتر بیماریوں کے بارے میں یہ جاننے لگے ہیں کہ وہ کیسے پیدا ہوتی ہیں؟ کس طرح جسم کو نقصان پہنچاتی ہیں؟ اور ان سے کیسے بچا جاسکتا ہے۔؟ اگر کبھی کوئی بیماری ہو بھی جائے تو کن ذرائع سے ان کو تباہ کن صورت اختیار کرنے سے روکا جاسکتا ہے۔ بیماری کا علاج، بیماری سے بچاؤ کی کبھی برابری نہیں کرسکتا ہے۔ علاج اس وقت بہتر طور پر کیا جاسکتا ہے جب بیماری موجود ہو۔ اس کے باوجود علاج ہر وقت کامیاب بھی نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ اخراجات کے بارے میں دیکھا جائے تو بیماری کے بچاؤ پر اگر دس روپے یا سو روپے خرچ آتے ہیں تو علاج پر سو گنا، ہزار گنا یا اس سے بھی زیادہ اخراجات آسکتے ہیں اور علاج کامیاب نہ ہو تو جان بھی جاسکتی ہے۔ البتہ بیماریوں سے بچاؤ ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جو انسان کو تندرست رکھ سکتا ہے اور اسے معذور یا کمزور ہونے سے بچاسکتا ہے۔ بیماریوں سے بچاؤ ہی کی بدولت آج دنیا میں بے شمار افراد لمبی عمر تک صحت مند زندگی گزارنے کے قابل ہوئے ہیں۔ آج سے پچاس ساٹھ سال قبل بچوں کی اکثریت بیشتر موذی امراض مثلاً خناق، خسرہ، پولیو، تپ دق، اور دستوں وغیرہ میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جاتی تھی لیکن آج بہت سی خطرناک بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہوگیا ہے۔ ان خطرناک بیماریوں پر کامیابی انفیکشن کنٹرول کے بہتر طریقوں، غذاؤں کے بارے میں کلی معلومات، ٹیکوں کے طریقوں میں ترقی، بڑی تعداد میں ایکسرے کی مہم اور باقاعدہ طبی معائنہ جس سے امراض کی ابتدا میں تشخیص ہو جاتی ہے۔ صحت و صفائی کے بارے میں آگاہی کو بنیادی اہمیت دینا ضروری ہے۔ جو سرمایہ کسی پسماندہ علاقے میں بہت بڑے ہسپتال قائم کرنے پر صرف کیا جائے، اس کے بجائے اسی سرمائے کو اس علاقے میں جراثیم، کیمیائی مادوں اور ضرر رساں معدنیات سے پاک صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے استعمال کیا جائے تو وہاں شاید اس بڑے ہسپتال کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ اسی طرح بڑے بڑے ہسپتالوں کی تعمیر سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام کو آلودگی سے پاک، ہوا، پانی اور غذا فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں صحت وصفائی کا گہرا شعور بیدار کیا جائے۔ اگر ہم صحت اور صفائی کا خیال رکھیں، حکومتی ادارے صاف ہوا، غذا اور پانی فراہم کرنے پر توجہ دیں، بیمار پڑنے سے پہلے ہی بیماری سے بچنے کی کوشش کی جائے تو بیماری سے صحت یابی کے لئے خرچ ہونے والے لاکھوں، کروڑوں، اربوں روپے کی خطیر رقم کو ہم اپنے بچوں کی اچھی تعلیم، زیادہ بہتر معیار زندگی، زیادہ اچھی رہائش، زیادہ اچھے لباس اور اپنی زندگی کو بہتر بنانے میں صرف کرسکتے ہیں۔ اب یہ بات ہمیں اور آپ کو طے کرنا ہے کہ ہم حکیموں، ہیلتھ کلینکوں، ہسپتالوں، دواساز اداروں اور میڈیکل اسٹوروں کی رونق بڑھانا چاہتے ہیں یا اس کے برعکس طرز زندگی اختیار کرکے، صحت وصفائی اور احتیاط کو اپنا کر اپنے گھروں کی رونق میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔

بیماری سے صحت یابی کیلئے خرچ ہونے والی لاکھوں روپے کی خطیر رقم کو ہم اپنے بچوں کی اچھی تعلیم، زیادہ بہتر معیار زندگی، زیادہ اچھی رہائش، زیادہ اچھے لباس اور اپنی زندگی کو بہتر بنانے میں صرف کرسکتے ہیں۔ اب یہ بات ہمیں اور آپ کو طے کرنا ہے کہ ہم حکیموں، ہیلتھ کلینکوں، ہسپتالوں، دواساز اداروں اور میڈیکل اسٹوروں کی رونق بڑھانا چاہتے ہیں یا اس کے برعکس طرز زندگی اختیار کرکے، صحت وصفائی اور احتیاط کو اپنا کر اپنے گھروں کی رونق میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں

جدید طبی تحقیقات

افریقہ میں چوہوں کے ذریعے مریضوں میں ٹی بی کی تشخیص

تنزانیہ: افریقہ میں پائے جانے والے بڑے چوہے بہت کامیابی سے زمین میں چھپی بارودی سرنگیں سونگھ کر شناخت کر لیتے ہیں لیکن اب انہیں ٹی بی (تپ دق) کا مرض شناخت کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے، جس سے ہر سال 20 لاکھ افراد ہلاک ہو جاتے ہیں۔ بیلجیئم کی ایک غیر سرکاری تنظیم نے امریکی فنڈنگ کے بعد اب تک 50 چوہوں کو ٹی بی شناخت کرنے کی خصوصی تربیت دی ہے۔ اس کے لیے خاص چوہوں کی پیدائش کے چار ہفتے بعد ان کی تربیت شروع ہو جاتی ہے۔ ان چوہوں کو انسانوں میں جانے اور ان سے گھل مل جانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ عام لیبارٹری میں کسی مریض کے تھوک اور فضلے میں ٹی بی کی شناخت کرنے میں چار روز لگ جاتے ہیں لیکن ایک تربیت یافتہ چوہا صرف 20 منٹ میں 100 نمونوں کو سونگھ کو بتا سکتا ہے کہ اس مریض کو ٹی بی ہے یا نہیں۔ این جی او نے 3 لاکھ سے زائد نمونوں کی شناخت کی اور مزید 36 ہزار انفیکشن کو روکنے میں مدد دی۔ اس کے لیے درجنوں کلینک کا اشتراک حاصل ہے۔ تنزانیہ میں یہ مرض بہت عام ہے لیکن اس کی شناخت کی سہولت نہ ہونے کے برابر ہے۔ تنزانیہ میں ٹی بی اور جزام پروگرام کی ماہر خاتون ڈاکٹر کا کہنا ہے چوہوں سے ٹی بی کی شناخت اور علاج میں بہت مدد ملے گی۔ ٹیسٹ سے ظاہر ہے کہ انسانی تھوک کے نمونوں میں اگر ٹی بی کے جراثیم ہوں تو چوہے سیکنڈوں میں اسے پہچان لیتے ہیں۔ امریکی ماہرین کا کہنا ہے چوہوں کے ذریعے بڑے پیمانے پر ٹی بی کے مریضوں کی شناخت ممکن ہے۔ اب اسے تنزانیہ کے جیلوں اور غریب علاقوں میں آزمایا جائے گا جہاں پوری دنیا کے جیلوں کے مقابلے میں ٹی بی مریضوں کی تعداد 10 گنا زائد ہے۔

☆☆☆☆☆☆

کیموتھراپی کے چند گھنٹے بعد جسم پر اس کے اثرات معلوم کرنے کا ٹیسٹ تیار

بوسٹن: کینسر کے مریض کئی دفعہ تکلیف دہ کیموتھراپی سے گزرنے کے باوجود بھی اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کر پاتے اور اس کا اندازہ لگانے میں ناکامی ہو جاتی ہے لیکن اب ایک ٹیسٹ کے ذریعے کیموتھراپی کے صرف 8 گھنٹے بعد یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ کیموتھراپی کام کر رہی ہے یا نہیں۔

کینسر کے جدید ترین طریقہ ہائے علاج میں تھراپی کے ایک سے زائد سیشن کے بعد ہی معلوم کیا جاسکتا ہے کہ سرطان ختم ہو رہا ہے یا نہیں۔ لیکن بہت سے ایکسرے بھی سکڑتے ہوئے ٹیومر کو شناخت نہیں کر سکتے مگر اب برگھم اینڈ وومن ہاسپٹل، بوسٹن میں تیار کردہ ایک ٹیسٹ کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ تھراپی کام کر رہی ہے یا نہیں اور صرف 8 گھنٹے بعد ہی اس کا پتا لگایا جاسکتا ہے۔ تھراپی کے بعد دمکتی ہوئی سبز روشنی سے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ رسولی ختم ہو رہی ہے۔ پروسیڈنگز آف نیشنل اکیڈمی آف سائنسز میں شائع اس تحقیق کے مطابق جیسے ہی دوا کام کرے گی خلیات اس کی خبر روشنی کے ذریعے دینے لگیں گے۔ اس طرح کیموتھراپی کی افادیت فوری طور پر معلوم کی جاسکتی ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ جیسے ہی سرطانی خلیہ مرتا ہے اس سے ایک اینزائم کیسپس سرگرم ہو جاتا ہے۔ سائنسدانوں نے ایک عنصر بنایا ہے جو اس اینزائم کی موجودگی کو رنگ میں ظاہر کر دیتا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اس تکنیک کے عام ہونے سے کیموتھراپی کی افادیت معلوم کرنے میں فوری مدد مل سکے گی۔

☆☆☆☆☆☆

ہلدی ٹی بی کے علاج میں موثر ہے، طبی ماہرین

ڈینور، امریکہ: ماہرین کا کہنا ہے کہ پھیپھڑوں، دماغ، گردوں اور ریڑھ کی ہڈی کو ناکارہ بنا کر ہلاک کرنے والا مرض تپ دق (ٹی بی) کا موثر علاج ہلدی کے استعمال سے ممکن ہے۔ پوری دنیا میں ٹی بی کا بیکٹیریا مائیکو بیکٹیریم ٹیوبرکلوسس تیزی سے تبدیل ہو کر اہم ترین دواؤں سے بھی ختم نہیں ہو رہا اور ہر سال پوری دنیا میں 10 سے 15 لاکھ افراد کو ہلاک کر رہا ہے لیکن اب چین اور امریکا کے ماہرین نے کہا ہے کہ سخت جان ٹی بی کا علاج آپ کے باورچی خانے میں موجود ہے۔ ماہرین کے مطابق ہلدی کو رنگ دینے والا کیمیکل ہی ٹی بی کے جراثیم کو موثر طور پر ختم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ہلدی میں پایا جانے والا سرکیومن ایک خاص جزو ہے جو اینٹی آکسیڈنٹس خواص رکھتا ہے اور یہ ٹی بی کے بیکٹیریا کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امریکا میں ڈینور ویٹرن افیئرز میڈیکل سینٹر نے دریافت کیا ہے کہ سرکیومن کامیابی سے خلیات میں ٹی بی کا بیکٹیریا ختم کرسکتا ہے جب کہ اس دریافت سے ٹی بی کی نئی اور بہتر دوا بنانے میں مدد مل سکے گی۔ میڈیکل سینٹر پر تحقیق کرنے والے ماہرین کا کہنا ہے کہ ہماری تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ سرکیومن انسانی خلیات میں ٹی بی پھیلنے سے روکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

جینیاتی تبدیل شدہ کیڑے زخم کو فوری طور پر بھر سکتے ہیں، تحقیق

نارتھ کیرولینا، امریکہ: آپ نے چھوٹے بڑے تلملاتے ہوئے سفید کیڑے اور سنڈیاں تو ضرور دیکھے ہوں گے لیکن اب انہیں جینیاتی طور پر تبدیل کر کے ان سے درست نہ ہونے والے ناسور اور ذیابیطس کے گہرے زخم مندمل کئے جاسکتے ہیں۔ اگرچہ ان کیڑوں اور میگٹس کو پہلے بھی زخم مندمل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے لیکن اب نارتھ کیرولینا اسٹیٹ یونیورسٹی کے سائنسدانوں نے ایک طویل عرصے تک تحقیق کے بعد بتایا ہے کہ لیوسیلیا سیریکاٹا نامی ایک سفید کیڑے کو جینیاتی طریقے سے تھوڑا بہت تبدیل کر کے اس سے خارج ہونے والے تھوک میں وہ عناصر زیادہ پیدا کیے جاسکتے ہیں جو نہ صرف زخم کو تیزی سے بھرتے ہیں بلکہ کیڑے زخم کو صاف کرنے کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس عمل میں سائنسدانوں نے ان سفید کیڑے کے کچھ جین بھی تبدیل کیے ہیں جس کے اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق ان کی اس صلاحیت کو بڑھانے کے لیے ماہرین نے ایک جانب کیڑوں کو ہیٹ اسٹروک یا گرمی میں رکھا اور دوسری جانب انہیں کچھ اینٹی بایوٹکس بھی دی گئیں تو دونوں صورتوں میں PDGF-BB کی زائد مقدار تھوکنے لگے کیونکہ کیڑے PDGF-BB نامی پروٹین خارج کرتے ہیں جو زخم کو مندمل کرتا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اگلے مرحلے میں اسے چوہوں اور دوسرے بڑے جانوروں پر آزمایا جائے گا اور اگر وہاں کامیابی ملے گی تو اسے انسانوں پر آزمایا جائے گا جب کہ اچھی بات یہ ہے کہ اس طرح 20 اقسام کے زخموں، ناسور، پھوڑوں اور دیگر جلدی زخم کو بھرنے میں نہایت مدد مل سکے گی۔

مضبوط دانت نکلوانا عقل مندی کی علامت نہیں

قدرتی دانت ڈینٹل امپلانٹ سے بھی زیادہ قیمتی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں

ڈاکٹر ظفر اللہ خان

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی نعمتوں سے نوازا ہے ان نعمتوں میں صحت اور جسم کے مختلف اعضاء بھی شامل ہیں یوں تو ہر ایک عضو کی جسم میں اہم ضرورت ہے لیکن یہاں ہم دانتوں کا ذکر کریں گے کہا جاتا ہے کہ قدرتی دانت ایک بھی ہو تو نعمت ہے، اللہ تعالیٰ نے دانت جیسی انمول نعمت سے انسان کو نہ صرف نوازا بلکہ دانت کو مرض دیا تو جیسے دانت کا کیڑا (Dental Caries) کہا جاتا ہے غیر متعدی، جس سے 95 فیصد بچے، 80 فیصد نوجوان متاثر ہیں اگر یہ دانت کا کیڑا متعدی ہوتا، ایک دانت کے ساتھ ہی 32 دانتوں کی بگاڑ ہو جاتی، ساری انسانیت دانتوں کی بیماری کے علاج سے ہی پریشان ہو جاتی اور صحت مند دانت نہ ہوتے تو کھانے پینے میں دقت، اور ہر ایک شخص متاثرہ شخص کی مجموعی صحت کو کمزور کر جاتی، عام کمزوری ہر ایک کو لاحق ہو جاتی۔ یہاں یہ بات واضح کردوں کہ دانت کا کوئی ایسا کیڑا منہ میں نہیں ہوتا جو سادہ آنکھوں کو نظر آئے، منہ میں تیس سے زیادہ جراثیم ہوتے ہیں جو مائیکروسکوپ سے ہی نظر آتے ہیں ان میں اکثریت فائدہ مند رہتی ہے، دانت کا کیڑا جو نکال کر بتایا جاتا ہے یہ سراسر ہیرا پھیری اور دھوکہ ہے یہ حقیقت ہے کہ دانت کی مضبوطی ہڈی سے زیادہ ہوتی ہے ایک دن میں ہزاروں مرتبہ دانت ایک دوسرے سے کئی کلو وزن کے برابر چبائے جانے کے باوجود اپنی اونچائی، چوڑائی برقرار رکھتے ہیں، اس لحاظ سے دانت کو معمولی سے درد یا سوجن، یا کھانے والی اشیاء کے پھنس جانے یا ٹھنڈا گرم کی سنسناہٹ کو وجہ بنا کر نکالنا بعد میں اس کی اہمیت کو جان کر پچھتانا بے فائدہ ہوگا۔

کیونکہ جدید دانتوں کی سائنس نے اپنی ترقی یافتہ ٹیکنالوجی کے ذریعے سے دانت کے کیڑے کا حل بچوں میں Flouride کے ذریعہ سے بڑوں میں معمولی فلنگ کے ذریعے سے جو گلس یا فائبر یا کمپوزٹ کی ہوتی ہے کے ذریعے سے کر لیا ہے، اور دانت کا درد جب شدت کا ہوتا ہے اس کو منٹوں میں Pulpectomy کے ذریعہ راحت دلائی جاتی ہے، دانت کی وجہ سے یا مسوڑھوں کی وجہ سے کم عمری میں آنے والی سوجن، یا دانتوں کا کچھ حد تک ہلنا، وٹ پلیٹنگ، کیوریٹج کے ذریعے سے، یا مصنوعی ہڈی کی فلاپ سرجری کے ذریعے سے اس پر دوبارہ مضبوطی حاصل کی جاسکتی ہے جو طویل عرصہ تک قائم رہتی ہے بسا اوقات تو دانتوں کے پھیلنے وصرف صفائی اور مساجنگ برشش اور قطروں کے ذریعہ چند دنوں میں دور کیا جاسکتا ہے۔ دانت جو کمزوری یا عمر کی وجہ سے گھس جاتے ہیں ان کو Coping یا سکرو Cores کے ذریعہ قدرتی ساخت کو دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ قدرتی دانت کی سنسناہٹ کو بائنڈنگ کے ذریعہ فوری دور کیا جاتا ہے، دانت کے ٹوٹے ہوئے حصہ کو یا دانت کے مستقل دھبوں، فلورلیش TC کے دھبوں کو وینیرنگ کے ذریعہ کاسمیٹک علاج کے ذریعہ دور کیا جاتا ہے۔ مسوڑھوں کی لمبائی یا چوڑائی اور کالے پن کو لیزر کے ذریعے خوبصورت چند گھنٹوں میں بنایا جاتا ہے اس کے علاوہ منہ کے چھالوں کو بھی لیزر کے ذریعے کنٹرول کیا جاتا ہے دانت کی تبدیلی ایک اہم اور ماہرانہ موضوع ہے۔ دانت تبدیلی اور مصنوعی دانتوں کی تیاری کے ماہرین کو پراستھوڈینٹسٹ کہتے ہیں۔ دانت کئی قسموں کے ہوتے ہیں، نکال کر لگانے والے، فکسڈ جو مستقل رہتے ہیں، فلیکسی بل، سافٹ لائز، ٹیلو سکوپک، میری لانڈ، کاسٹ پارشل اور فکسڈ ڈینچرز اور ڈینچرز، سیرامک ڈرکونیا وغیرہ جیسے کئی اقسام ہیں یہ مختلف اقسام ہر ایک کو ایک طرح کا نہیں لگایا جاسکتا۔ ماہرین مریض کی نوعیت چہرے کی ساخت، دانتوں کی موجودگی وغیرہ کے لحاظ سے اس کا استعمال کرتے ہیں چاہے منہ میں ایک ہی دانت ہو وہ بھی قیمتی ہوتا ہے۔ مریض کے چوکڑے کی بناوٹ میں تاخیر کرنے کی وجہ سے ان کو داڑھ کی ہڈی گل جاتی ہے اور چوکڑا اٹھانا دشوار ہوتا ہے۔ ایسے میں جو دانت کی پکڑ سلیکٹیو پریشر کے طریقہ سے کی جاتی ہے۔ نام نہاد ڈاکٹروں سے بنائے جانے والے چوکڑے منہ میں چھالے، طاق میں گھاؤ زخم پیدا کرتے ہیں اور اس سے مستقل پھوڑا اور بسا اوقات منہ کا کینسر بھی ہوسکتا ہے ماہرین جو دانت بناتے ہیں وہ نقائص سے پاک ہوتے ہیں یہ مریض کے چہرے پر آئی ہوئی جھریوں کو دور کرتے ہیں۔ یہ دانت چہرے کے رنگ، سائز او جسم کے مطابق ہوتے ہیں جس سے نہ دیکھنے والے کو نہ پہننے والے کو محسوس ہوتا ہے کہ یہ مصنوعی دانت ہیں۔ قدرتی دانت ڈینٹل امپلانٹ سے بھی زیادہ قیمتی ہوتے ہیں۔ قدرتی دانتوں کو بنا نکالے مصنوعی دانت تیار کئے جاتے ہیں جس سے مریض بہ آسانی اپنا کھانا پینا جاری رکھتا ہے اس کی خوبی یہ ہوتی ہے کہ اس کے چبانے میں قدرتی مزہ آتا ہے ڈینٹل امپلانٹ ترقی یافتہ سائنس کا حصہ ہے اگرچہ یہ کہ یہ نسبتاً مہنگا ہوتا ہے مگر اس کے لگانے کے لئے دوسرے دانتوں کو ضرر نہیں پہنچایا جاتا ڈینٹل امپلانٹ ہر شخص کے لئے مفید نہیں ہوتا خاص طور پر شوگر کے مریض، دل کے امراض سے متاثر لوگوں میں یہ بہت کامیاب علاج ہے۔ پراستھوڈینٹس کے ذریعے سے بنایا ہوا دانت نہ صرف چبانے میں مدد کرتا ہے بلکہ دیکھنے میں، بات چیت کرنے میں، آسانی پیدا کرتا ہے الفاظ کی ادائیگی میں بہتری آتی ہے چہرے کی ساخت، قدرتی مسکراہٹ بحال کی جاسکتی ہے۔

صاف وشفاف پانی جسم میں زندگی کی روانی

ڈاکٹر الطاف خان

روزانہ 6 سے 8 پانی کے گلاس پینا ضروری ہیں البتہ اگر پانی کم استعمال کریں اور اس کے ساتھ چائے کا استعمال کیا جائے تو بھی پانی کی کمی کو پورا کیا جاسکتا ہے۔ اس کے ساتھ انسان سبزی جات، پھلوں، دودھ، انڈوں اور لسی کے استعمال سے بھی پانی کی ضرورت پوری کر سکتا ہے۔ ہاں اگر کوئی گرم آب وہوا میں رہ رہا ہو یا جسم کی فعالیت زیادہ ہو تو ظاہر بات ہے کہ ایسے شخص کو زیادہ پانی کو ضرورت محسوس ہوگی۔ حقیقت میں پانی نہ تو پتلا کرتا ہے اور نہ ہی موٹا۔ پانی میں کیلری بھی صفر ہوتی ہے۔ ہاں جو لوگ خود کو پتلا کرنے کے لیئے ڈائٹنگ کرتے ہیں اور خوراک کا استعمال کم کر دیتے ہیں تو اس صورت میں انہیں پانی کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے، اس کی وجہ یہ ہے جب انسان غذا نہیں کھائے گا تو اس کے اپنے بدن کی چربی استعمال میں آئے گی اور کیونکہ چربی پانی کی مدد سے بدن سے خارج ہوتی ہے اس لیئے پانی یہاں پر مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ تصور قائم نہیں کر لینا چاہئے کہ پانی پینے سے کوئی پتلا ہو جائے گا۔ البتہ کھانا کھانے سے اگر آدھا گھنٹہ پہلے پانی پی لیا جائے تو یہ بھوک کو ایک حد تک کم کر دیتا ہے اور یوں متعلقہ شخص کھانا کم کھائے گا۔ کیلری کی جو مقدار اس درجہ حرارت کو پورا کرنے کے لئے مصرف ہوتی ہے وہ بہت ہی کم یعنی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے اس لیئے اس سے وزن کم نہیں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قابل ذکر بات یہ کہ ٹھنڈا پانی معدہ کے لیئے مفید نہیں ہوتا ہے۔ دوسری پینے والی چیزیں مثلاً لسی، سرکہ، پودوں کا عرق، جوس اور دوسری اس طرح کی چیزیں بھی بے حد مفید ہیں۔ البتہ ان میں کیلوری کی مقدار کو لازمی طور پر حساب کر لینا چاہئے۔ پینے والی چیزوں کے استعمال سے بدن نہ صرف ضروری مائعات دریافت کر لیتا ہے بلکہ اس کے کام کرنے کی صلاحیت میں بھی تعادل آتا اور گردے میں پتھری جیسی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ورزش کرنے والے شخص کو زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے سادہ اور واضح ہے کہ جب کوئی شخص فعالیت کی حالت میں ہے تو اس کو خوراک کی ضرورت بھی زیادہ ہوتی ہے۔ ایک ورزش کرنے والا شخص جب ایک گھنٹہ کسی گرم ہوا میں ورزش کرتا ہے تو 6 کپ کے قریب پسینہ اس کے بدن سے خارج ہو جاتا ہے۔ یوں اس کے جسم میں پانی کی کمی واقع ہو جاتی ہے جس کو پورا کرنے کے لئے پانی کا استعمال اسی مقدار میں ضروری ہو جاتا ہے۔ پانی کے علاوہ سوڈیم اور کلورین بھی ایسے شخص کے جسم سے پسینے کے ساتھ دفع ہو جاتی ہے۔ اس لیئے سوڈیم اور کلورین کو بھی پانی میں شامل کر کے ایسے شخص کو استعمال کرنا چاہیئے۔

پاک بھارت مصافحہ

ڈھاکہ میں سابق بنگلہ دیشی وزیراعظم خالدہ ضیاء کی تدفین کے موقع پر بھارتی وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے غیر متوقع طور پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مصافحے کے لئے ہاتھ بڑھا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنما بنگلہ دیش کی سیاسی شخصیت کے جنازے میں شرکت کے لئے ڈھاکہ میں موجود تھے۔ اس موقع پر بھارتی وزیرخارجہ خود چل کر اسپیکر قومی اسمبلی کے پاس آئے، ان سے مصافحہ کیا اور دونوں کے درمیان مختصر گفتگو بھی ہوئی۔ مئی 2025ء میں ہونے والے معرکہ حق کے بعد یہ دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کے درمیان پہلی غیر رسمی ملاقات تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس ہونے والی جنگ کے بعد سے پاکستان اور بھارت کے تعلقات کشیدہ ہیں، ہر قسم کا سیاسی اور سفارتی رابطہ بھی منقطع ہے، یہی نہیں بلکہ بھارتی قیادت گاہے بگاہے آپریشن سندور ٹو کا ارادہ بھی ظاہر کرتی رہتی ہے، بھارت کی اس شدت پسندی کے اثرات کھیل کے میدان میں بھی نظر آئے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایک نجی ٹی وی سے تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ مہمانوں کو بٹھانے کا انتظام بنگلہ دیش کی پارلیمنٹ کے ویٹنگ روم میں کیا گیا تھا، تمام وفود وہیں جمع ہو رہے تھے اور وہیں سے سب نے اکٹھے آگے جانا تھا۔ بھارتی وزیرخارجہ جے شنکر وہاں پہنچے تو پہلے مالدیپ اور بھوٹان کے وفود کے اراکین کے پاس گئے، ایاز صادق بھی وہیں موجود تھے، انہیں جے شنکر سے ملاقات کی کوئی اُمید نہیں تھی اور نہ ہی اِس حوالے سے کوئی حکومتی ہدایات تھیں۔ لیکن اچانک بھارتی وزیرخارجہ نے اُنہیں پاس آ کر ہیلو کہا تو انہیں بھی اُٹھ کر ہاتھ ملانا پڑا، یہی نہیں بلکہ جے شنکر نے اِس کے بعد ہائی کمشنر اور سفارت خانے کے باقی عملے سے بھی ہاتھ ملایا۔ اُن کا یہ بھی کہنا تھا کہ اس وقت کمرے میں موجود بھوٹان، مالدیپ، نیپال اور بنگلہ دیش کے لوگ اُن دونوں کی طرف ہی دیکھ رہے تھے۔ اِس کے علاوہ بنگلہ دیش کے بارے میں بات کرتے ہوئے ایاز صادق کا کہنا تھا کہ راستے میں اُنہوں نے گاڑی کا شیشہ نیچے کیا تو لوگوں کو شاید یہ تو معلوم نہیں تھا کہ اِس میں کون ہے لیکن یہ ضرور جانتے تھے کہ وہ پاکستان سے آئے ہیں اِس لئے عوام نے بڑی گرمجوشی سے پاکستان زندہ باد اور "آئی لو یو پاکستان" کے نعرے لگائے۔ وہ اپنے دورہ بنگلہ دیش کے دوران خالدہ ضیاء کی رہائش گاہ بھی گئے جہاں انہوں نے مرحومہ کے بیٹے طارق رحمان اور بیٹی سے تعزیت کی، صدرِ مملکت، وزیراعظم پاکستان اور پارلیمان کی طرف سے بھی افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ خالدہ ضیاء کی بنگلہ دیش کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور فلاح کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جے شنکر نے وزیراعظم نریندر مودی کا ایک خط طارق رحمان کو دیا، جس میں لکھا تھا کہ خالدہ ضیاء نے بنگلہ دیش کی ترقی کے ساتھ ساتھ ہندوستان اور بنگلہ دیش تعلقات کو مضبوط بنانے میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ مودی کا مزید کہنا تھا کہ اُنہیں یقین ہے کہ بی این پی طارق رحمان کی قابل قیادت میں مرحومہ کے نظریات کو آگے بڑھائے گی، ہندوستان اور بنگلہ دیش کے درمیان گہری اور تاریخی شراکت داری کی نئی شروعات اور افزودگی کو یقینی بنانے کے لئے رہنمائی کرے گی۔ جنوبی ایشیاء کے امور پر نظر رکھنے والے ماہرین کے نزدیک اگر بنگلہ دیش کے عوام کے جذبات کو دیکھا جائے تو بھارتی وزیراعظم کی خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ بنگلہ دیشی عوام بھارت کے لئے اچھے جذبات نہیں رکھتے، حسینہ واجد کے خلاف احتجاج کی ایک وجہ اُن کی بھارت نواز پالیسیاں بھی تھیں۔ بنگلہ دیش کے لوگوں کو اِس بات پر بھی شدید اعتراض ہے کہ بھارتی حکومت نے شیخ حسینہ واجد کو پناہ دے رکھی ہے۔ خالدہ ضیاء سابق وزیراعظم حسینہ واجد کی سب سے بڑی سیاسی حریف سمجھی جاتی تھیں اور ان کے دورِ حکومت میں خالدہ ضیاء کو شدید سیاسی دباؤ اور متعدد مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ طویل عرصے تک قید میں رہیں اور حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے کے بعد ہی رہائی حاصل کر سکیں۔ اسی طرح ان کے صاحبزادے طارق رحمان بھی سترہ سالہ جلا وطنی کا عرصہ کاٹنے کے بعد رواں ماہ بنگلہ دیش واپس لوٹے ہیں۔

محترمہ خالدہ ضیاء منگل کی صبح مقامی ہسپتال میں 80 سال کی عمر میں انتقال کر گئی تھیں، اُنہیں ڈھاکہ کے علاقے شیر بنگلہ نگر میں اُن کے شوہر مرحوم صدر ضیاء الرحمان کے پہلو میں سپردِ خاک کیا گیا۔ خالدہ ضیاء کو بنگلہ دیش کی پہلی خاتون وزیراعظم ہونے کا اعزاز حاصل تھا، وہ محترمہ بینظیر بھٹو کے بعد عالمِ اسلام کی دوسری خاتون وزیراعظم تھیں۔ اُنہوں نے اپنے شوہر اور سابق صدر ضیاء الرحمان کے مئی 1981ء میں فوجی بغاوت کے دوران قتل ہونے کے بعد سیاست میں قدم رکھا تھا۔ ضیاء الرحمان نے اپنے قتل سے چند سال قبل ہی بی این پی کی بنیاد رکھی تھی۔ خالدہ ضیاء کو سیاست کا کوئی تجربہ نہیں تھا، وہ محض گھریلو خاتون تھیں لیکن سیاسی سفر کا آغاز کرتے ہی فوجی حکومت کے خلاف سیاسی مزاحمت کے باعث ان کا شمار ملک کے سرکردہ رہنماؤں میں ہونے لگا تھا۔ اُنہوں نے بائیں اور دائیں بازو کی سیاسی جماعتوں کو اکٹھا کر کے ایک ٹھوس سیاسی اتحاد قائم کیا، جمہوریت کے لئے ملک گیر تحریکوں کی قیادت کی اور فوجی حکومت کو اقتدار چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ فروری 1991ء کے قومی انتخابات میں اُن کی جماعت نے 300 میں سے 140 نشستوں پر براہِ راست کامیابی حاصل کی اور وہ ملک کی پہلی خاتون وزیراعظم بن گئیں۔ خالدہ ضیاء نے لڑکیوں کی شرح خواندگی بڑھانے کے لئے بہت کام کیا، مفت تعلیم اور وظائف فراہم کئے اور خواتین کے لئے ملازمت کے مواقع کو بڑھایا۔ اُن کی کوششوں کے سبب لاکھوں لڑکیوں کو پرائمری اور سیکنڈری سکولوں میں داخلہ دیا گیا۔ اُنہوں نے ملبوسات کی ملکی صنعت کی برآمدات بڑھانے میں بھی انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ خالدہ ضیاء کئی سال تک امریکی فوربز میگزین کی دنیا کی 100 طاقتور ترین خواتین کی فہرست میں شامل رہیں، اُنہیں بنگلہ دیش کی غیر معمولی عزم اور یقین رکھنے والی خاتون رہنماء کے طور پر جانا جاتا ہے۔

کراچی ایئرپورٹ پر انوکھی تقرری، ایف آئی اے افسر چوہے پکڑنے کی ڈیوٹی پر تعینات

خالدہ ضیاء کی تدفین کے موقع پر جے شنکر خود چل کر ایاز صادق کے پاس آئے اور اُن سے مصافحہ کیا، یہ یقیناً ایک مثبت عمل ہے۔ پاک بھارت تعلقات کے ماہرین میں سے بعض کے نزدیک بھارتی حکام کی طرف سے پالیسی میں تبدیلی نظر آ رہی ہے، بھارتی وزیرخارجہ کی ڈھاکہ میں موجودگی اُس طرف واضح اشارہ ہے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بھارت کبھی بھی کچھ بھی کر سکتا ہے، کبھی بھی پینترہ بدل سکتا ہے۔ مودی سرکار عام طور پر انتخابات پاکستان دشمنی کے نام پر ہی لڑتی ہے اور اس کے لئے ہر حربہ استعمال کرتی ہے، پہلگام واقعے کو بھی بہار کے انتخابات سے ہی جوڑا جاتا ہے۔ اِسی لئے بعض ماہرین کی رائے میں محض مصافحے سے کسی قسم کی اُمید لگا لینا عقلمندی نہیں، ہو سکتا ہے کہ عالمی سطح پر اپنا تاثر بہتر بنانے کے لئے یہ کوئی سفارتی "ٹوٹکہ" ہو۔ اگر بھارت واقعی تعلقات میں بہتری کا خواہاں ہے تو اُسے اس کا عملی ثبوت بھی دینا ہو گا۔ موجودہ حالات میں پاکستان کا مؤقف مضبوط اور برتر نظر آتا ہے۔ ایسے میں اگر بھارت مذاکرات کی جانب قدم بڑھاتا ہے تو پاکستان کو چاہیے کہ وہ اسے سندھ طاس معاہدے اور مقبوضہ کشمیر سمیت تمام حل طلب معاملات پر سنجیدہ، بامقصد اور نتیجہ خیز گفتگو پر مجبور کرے۔ بھارت کو چاہئے کہ وہ جنوبی ایشیاء کی علاقائی تعاون تنظیم "سارک" کو دوبارہ سے متحرک کرے، اِس وقت گیند اُس کی کورٹ میں ہے۔ یہ بات تو اسے معلوم ہو ہی گئی ہے کہ پاکستان "تر نوالہ" نہیں ہے، اِس لیے اس پر لازم ہے کہ خطے میں اَمن و استحکام قائم کرنے میں اپنا کردار ادا کرے، برابری کی بنیاد پر بات چیت کرے، دوسرے ملکوں کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنا بند کرے بلکہ ساتھ مل کر دہشت گردی کے خاتمے کے لئے کام کرے۔

محمود مرزا ایک باکمال شخصیت

سلمان عابد

ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے
زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے

لاہور کے میو گارڈن جسے ہم سب ٹھنڈی سڑک کے طور پر بھی جانتے ہیں اور جہاں شام پیڑوں، بڑے بڑے درختوں، پھولوں اور پودوں کے ساتھ نہ صرف مہک رہی ہوتی بلکہ ایک خاص رومانوی منظر کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک دن محمود مرزا کے گھر بیٹھا ان کی گفتگو کو غور سے سن رہا تھا تو وہ بولے چلو واک پر چلتے ہیں۔

اسی واک کے دوران ان کی یہ عادت تھی کہ وہ دوستوں کے ساتھ واک یا چہل قدمی کرتے اور ان سے سیاسی، سماجی، معاشی، مذہبی اور دیگر علمی معاملات پر خوب مکالمہ ہوتا تھا۔ محمود مرزا عملاً ایک مکالمہ یا گفتگو کے آدمی تھے۔ گفتگو میں ان کی جذباتیت بھی ہوتی تھی مگر اسی جذباتیت میں وہ منطق، دلیل، شواہد اور علمی و فکری بنیادوں پر گفتگو کرتے یا مختلف موضوعات پر اپنا مقدمہ دوسروں کے سامنے پیش کرتے تھے۔

کمال یہ تھا کہ اپنی بات دوسروں پر مسلط کرنے کی بجائے ٹھنڈے دل سے دوسروں کی رائے کو سنتے اور جہاں محسوس ہوتا کہ ان کی اپنی رائے میں جھول ہے تو دوسروں کی رائے کو تسلیم کر کے خود کو ایک بڑے فکری راہنما کے طور پر نمایاں کرتے تھے۔ ہر نقطہ نظر یا مختلف سوچ کے حامل دائیں اور بائیں بازو کے افراد یا اہل دانش کے ساتھ ان کی خوب دوستی تھی اور کسی شخصیت کے بارے میں نہ تو متعصب تھے اور نہ ہی کسی بھاری بھرکم شخصیت کے رعب کا شکار تھے۔

ایک نہایت ہی سادہ اور درویش مزاج محمود مرزا ایڈووکیٹ پیشہ کے اعتبار سے "کارپوریٹ ٹیکس لائر" تھے۔ لیکن ان کی ساری زندگی سیاسی، سماجی یا معاشی سطح کی تبدیلیوں، فکری مباحثوں، تحریروں یا علمی و فکری تحقیق میں گزری۔ وہ ایک آزاد، منصفانہ، رواداری، سماجی یا معاشی انصاف پر مبنی روشن خیال معاشرے کو دیکھنا چاہتے تھے اور ان کی جدوجہد اسی نقطہ کے گرد گھومتی تھی۔

تین اکتوبر 1932 کو پیدا ہونے والے محمود مرزا بنیادی طور پر نظام کی تبدیلی کے طور پر اپنی علمی و فکری یا سیاسی شہرت رکھتے تھے۔ سیاسی، سماجی یا معاشی محرومیاں، سیاست اور جمہوریت یا انتہا پسندی یا پرتشدد رجحانات، محروم طبقات سے جڑے مسائل اور ٹیکس کے نظام میں جو سماجی رکاوٹیں تھیں ان کا ہمیشہ سے بحث کا موضوع رہتا تھا۔ اسی ٹھنڈی سڑک یعنی میو گارڈن میں ایک دن واک کرتے ہوئے وہ ملک میں موجود انتہا پسندی اور دہشت گردی کے معاملات پر بہت فکر مند تھے۔

وہ ان تمام معاملات کو حکومتی داخلی یا خارجی یا علاقائی پالیسیوں کے ساتھ جوڑ کر دیکھتے تھے۔ ان کے بقول ایک دن انتہا پسندی اور دہشت گردی کا یہ کھیل مجموعی طور پر ہماری پورے ریاست کے سیاسی سماجی،، معاشی اور سیکیورٹی کے نظام کو تباہ برباد کر دے گا اور اس کی ذمے داری جہاں ریاستی پالیسیوں کے ساتھ جڑی ہوگی وہیں اس کی بھاری قیمت بطور معاشرہ ہمیں ادا کرنا ہوگی۔ آج محمود مرزا دنیا سے رخصت ہو گئے مگر آج کے حالات میں ان کی باتیں بہت یاد آتی ہیں اور کیا کمال سے انھوں نے اس ریاست کے مستقبل کا نقشہ کھینچا تھا۔ دہشت گردی سے جڑے واقعات اور پالیسیوں پر وہ بہت رنجیدہ ہوتے تھے یا ان کے چہرے پر دکھ کا پہلو نمایاں ہوتا یا ان کی فکر مندی ظاہر کرتی تھی کہ وہ دور اندیش فرد کی نگاہ بھی رکھتے تھے۔

آج بھی جب میں ٹھنڈی سڑک یا میو گارڈن سے گزرتا ہوں تو محمود مرزا بہت یاد آتے ہیں۔ ان کا یہ جملہ کبھی نہیں بھولتا جب وہ فون کرتے تو کہتے "کہ اگر برا نہ مناؤ اور کہیں قریب ہو تو گھر آ جاؤ، ملاقات اور بات چیت کا دل کر رہا ہے" مرزا صاحب کے یہ الفاظ مجھے ہمیشہ ان کے گھر کے قریب کر دیتے تھے اور پھر ہماری خوب بات چیت اور گپ شپ ہوتی۔ لیکن اس غیر رسمی گفتگو میں مرزا صاحب حکومت اور اسی معاشرے سے جڑے سنجیدہ معاملات پر بہت زیادہ فکر مند رہتے تھے اور ایسے محسوس ہوتا تھا کہ ان کے اندر کی سیاسی بے چینی ان کو کچھ نہ کچھ کرنے پر اکساتی رہتی ہے۔

محمود مرزا اور میرے والد عبدالکریم عابد (مرحوم) کی دوستی بھی کمال کی تھی، جب محمود مرزا صاحب کی رہائش گاہ جوہر ٹاؤن میں تھی تو ہر شام وہ گھر تشریف لاتے اور ان کے اور والد کے درمیان جو گفتگو کی محفل سجتی تو میں بھی اس میں شامل ہوتا تھا اور یہ تعلق بعد میں ان سے ایک مضبوط دوستی یا ان سے راہنمائی حاصل کرنے والے کا بھی بن گیا تھا۔ محمود مرزا باقاعدگی سے اردو اور انگریزی اخبارات میں کالم لکھتے تھے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ لکھنا بھی ان کا جنون تھا۔ انھوں نے کئی اہم کتابیں لکھیں ان میں پاکستان معیشت اور سیاست، آج کا سندھ، مسلم ریاست جدید کیسے بنے، ٹیکس نظام کا سماجی جائزہ اور سماجی تبدیلی شامل ہیں۔ مسلم ریاست جدید کیسے بنے اس میں ان کا تمام علمی اور فکری اثاثہ شامل ہے کہ وہ پاکستان کو کس طرز کی ریاست کے طور پر دیکھنا چاہتے تھے اور اس ریاست کو ایسے کیا چیلنجز درپیش ہیں جو سماجی انصاف پر مبنی ریاست کی تشکیل میں رکاوٹ ہے۔ ان کی خوبی یہ بھی تھی کہ وہ اپنی بات بہت سادہ لفظوں میں بیان کرتے تھے اور کئی بار مجھ سمیت کئی دوستوں کو چھاپنے سے پہلے پڑھاتے تھے کہ کیا عام آدمی ان کی بات سمجھ سکتا ہے۔

محمود مرزا ایڈووکیٹ کی فکری مجالس میں ڈاکٹر حسن عسکری، مجیب الرحمن شامی، فرخ سہیل گوئندی، سجاد نصیر، شاہد کاردار، ڈاکٹر مبارک علی، میجر ارج زکریا، ڈاکٹر قیس اسلم، امتیاز عالم، بلال نقیب، وقار مصطفیٰ، ثقلین امام، ابوبکر ورک، انجم رشید، حسین نقی، عبداللہ ملک، پروفیسر سجاد نصیر، شاہد ملک، خالد رسول، خالد فاروقی، ظفر علی خان نمایاں ہوتے تھے۔ وہ ایک مہمان نواز اور مجلسی آدمی تھے

اپنے محبوب وطن کیوں چھوڑنا پڑتے ہیں؟

تنویر قیصر شاہد

چشمِ زدن میں نیا سال 2026 طلوع ہوچکا ہے۔ سب کو نیا سال مبارک۔ آج نئے سال کے پہلے مہینے کی دو تاریخ ہے۔ ہمیں نئے سال کے موقع پر گزرے برس کا احتساب بھی کرنا چاہیے۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ اُس نے مہنگائی کم کی ہے اور پاکستان کے معاشی حالات بہتر بنائے ہیں۔ مگر اِن سرکاری دعوؤں کے اثرات عوام تک نہیں پہنچے ہیں۔ پچھلا سال اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانیوں کے لیے دلشکن رہا۔

پاکستان کے ایک معتبر سرکاری ادارے "بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ" (BEOE) کے جاری کردی ڈیٹا کے مطابق "2025 میں پاکستان سے 7 لاکھ سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ پروفیشنل لوگ ملک چھوڑ گئے۔ اِن میں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی ایکسپرٹ اور پی ایچ ڈی کے حاملین کی اکثریت تھی۔" اگر پاکستان میں معاشی، سیاسی اور امن کے حالات بہتر اور اطمینان بخش ہوتے تو اتنی بڑی تعداد میں پاکستانی وطن کو خیر باد نہ کہتے کہ اپنا وطن چھوڑنے کے لیے دل پر پتھر رکھنا پڑتا ہے۔

2025 کے دوران مجھے جو شاندار اور ناقابلِ فراموش کتابیں پڑھنے کو ملیں، اُن میں ایک Googoosh: A Sinful Voice نامی کتاب بھی ہے۔ مسلم ممالک میں اپنے وطن کے جابر حکمرانوں کے پیدا کردہ جبریہ ماحول میں جن اہم افراد کو مجبوراً اپنا وطن چھوڑنا پڑا، ان میں ایک گوگوش بھی ہیں: ایران کی عالمی شہرت یافتہ اور ہردلعزیز مغنیہ۔ موجودہ مذہبی و انقلابی ایرانی حکومت سے قبل اور شاہ ایران کی حکومت کے دوران گوگوش کو ایران اور فارسی دان دُنیا میں وہی حیثیت حاصل تھی جو کبھی مصر کی ناقابلِ فراموش گلوکارہ اُم کلثوم کو حاصل تھی۔ گلوکارہ گوگوش کی عمر اِس وقت 75 برس ہے۔

اُنہیں سخت ایرانی مذہبی حکومت اور شدید پابندیوں کے کارن ایران کو خیرباد کہنا پڑا۔ اُنہی کی طرح شاہ ایران کے دَور کے بعض نامور صحافیوں کو بھی (ایران میں خمینی مرحوم کی حکومت نافذ ہونے کے بعد) ایران سے جبریہ نکلنا پڑا۔ ان نامور ایرانی صحافیوں میں عالمی شہرت یافتہ صحافی، امیر طاہری، بھی تھے۔ ایران کے مشہور انگریزی اخبار کے سابق ایڈیٹر، وہ آجکل فرانس میں جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں۔

گوگوش کی مذکورہ بالا تازہ تصنیف پڑھ کر بے حد افسوس ہُوا۔ ملک میں جب جبر، تشدد اور گھٹن کا ماحول پیدا ہو جائے تو کیسے کیسے شاندار اور لائق فائق لوگوں کو دل پر پتھر رکھ کر فرار ہونا پڑتا ہے۔ گوگوش نے یہ کتاب اپنی دوست، تارہ دہلوی، کے ساتھ مل کر لکھی ہے اور خوب لکھی ہے۔ 1979 میں ایرانی مذہبی انقلاب برپا ہونے اور شاہ ایران کی جگہ آئیت اللہ خمینی کی حکومت قائم ہونے کے بعد اچانک جو غیر متوقع سیاسی، ثقافتی، مذہبی اور معاشی حالات پیدا ہُوئے، اِن سب کی تفصیلی تصویر ہمیں گوگوش کی کتاب میں ملتی ہے۔

شاہ ایران کی حکومت ختم ہونے کے بعد کئی نامور ایرانیوں کے ساتھ گوگوش بھی جلاوطن ہو گئی تھیں، مگر ایران سے باہر اُن کا دل نہ لگا اور وہ پھر ایران لَوٹ آئیں۔ مگر ایران میں اُنہیں جن پابندیوں اور قید و بند کی سختیوں سے گزرنا پڑا، گوگوش موقع ملتے ہی ایران سے پھر نکل کھڑی ہُوئیں۔ وہ کہتی ہیں: "اگر اصلاح پسند ایرانی صدر، محمد خاتمی، کے دَور میں مجھے ذرا سا سانس لینے کا موقع نہ ملتا تو شائد مَیں آج بھی ایران میں گل سڑ رہی ہوتی۔"

آج کی ایرانی مذہبی حکومت اب بھی گلوکارہ گوگوش کی مذمت کرتی سنائی دیتی ہے۔ گوگوش مگر اب بھی اپنے سابقہ محبوب وطن کو حدت اور شدت سے یاد کرتی ہیں۔ اُن کی کتاب آہوں اور سسکتی یادوں کا مجموعہ کہا جا سکتا ہے۔ اُنھوں نے اپنی تصنیف میں 23 سالہ کُرد ایرانی خاتون، مہسا امینی، مرحومہ کو بھی یاد کیا ہے جنہیں 3 سال قبل مبینہ طور پر ایرانی تھانے میں محض اس لیے مبینہ طور پر تشدد سے مار ڈالا گیا تھا کہ مہسا امینی نے سرکاری احکامات کے عین مطابق حجاب نہیں اوڑھا تھا۔ امینی کے مبینہ قتل پر ایران بھر میں خواتین کی طرف سے انتہائی سخت ردِعمل آیا تھا۔ ایرانی گوگوش کی لکھی گئی مذکورہ سوانح حیات محض ایک گلوکورہ کے ذاتی تجربات و احساسات کا مجموعہ ہی نہیں بلکہ یہ دراصل آج کے ایران کی باطنی زندگی کی ایک منہ بولتی کہانی بھی ہے۔ گوگوش نے یہ کتاب اپنے والد گرامی، صابر آتشیں، کے ساتھ ساتھ ایران کے نوجوانوں کے نام بھی کی ہے جو "صبر و تحمل سے اُس دن کے منتظر ہیں جب اُنہیں اپنی مرضی کے ساتھ زندگیاں گزارنے کی آزادیاں میسر ہوں گی۔"

گوگوش کی سوانح حیات پڑھتے ہُوئے مجھے مقبول فدا حسین، المعروف ایم ایف حسین، بھی یاد آتے رہے: بھارت کے عالمی شہرت یافتہ مسلمان مصور۔ ایم ایف حسین کو اُن کی بے نظیر مصوری کی بنیاد پر "انڈین پکاسو" بھی کہا جاتا ہے۔ بھارت کو اپنے اِس معروف و مشہور مصور پر تو فخر اور مان کرنا چاہیے تھا، لیکن مودی کی بنیاد پرست اور مسلم دشمن حکومت اور مقتدر پارٹی کے ظلم اور تشدد کی وجہ سے ایم ایف حسین کو زندگی بچانے اور مصوری جاری رکھنے کے لیے مجبوراً بھارت سے نکلنا پڑا۔ متعصب، مقتدر اور بنیاد پرست کٹڑ بھارتی ہندوؤں نے ایم ایف حسین پر الزام عائد کیا تھا کہ اُنھوں نے اپنی ایک پینٹنگ میں ہندو دیویوں کی توہین کی ہے۔ اِس الزام کے تحت ایم ایف حسین کے گھر پر حملہ بھی کیا گیا اور اُسے نذرِ آتش کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ تنگ آ کر ایم ایف حسین بھارت سے نکل کر پہلے دبئی گئے اور پھر وہاں سے برطانیہ۔ 2011 میں برطانیہ ہی میں اُن کا انتقال ہو گیا۔ ایم ایف حسین کے فن اور آرٹ کی قدر بھارت میں اگرچہ نہیں کی گئی مگر اَب قطر میں اُن کے فن اور تصویری خدمات کو ہمیشہ یاد رکھنے کے لیے ایک منفرد عجائب گھر بنایا گیا ہے۔ قطری حکومت نے اِس عجائب گھر کو "لوح وقلم" کے نام سے معنون کیا ہے۔ اِس میں ایم ایف حسین کی نایاب اور انتہائی مہنگی پینٹنگز رکھی گئی ہیں۔ یاد رہے چند سال قبل ایم ایف حسین کی ایک پینٹنگ بعنوان Voices ڈھائی ملین ڈالرز (75 کروڑ روپے) میں فروخت ہُوئی تھی۔

پچھلے برس شام کے سابق صدر، بشار الاسد، اور بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم، شیخ حسینہ واجد، کو بھی اپنے اپنے وطن تیاگ کر بیرونِ ملک فرار ہونا پڑا۔ بشار الاسد کو رُوس میں سر چھپانا پڑا اور حسینہ واجد کو بھارت میں۔ اِن دونوں کی ملک بدری اور فراریت مگر اُن کی مطلق العنانیت اور عوام پر مظالم کی کہانیاں بنیں۔ مگر یہ دونوں رُوس اور بھارت میں بیٹھ کر بھی اپنے (سابقہ) ممالک میں سازشیں کرنے اور عوام کو حکومت کے خلاف بھڑکانے سے باز نہیں آ رہے۔

مثال کے طور پر 5 دسمبر 2025 کو "الجزیرہ" نے "رائٹرز" کے حوالے سے خبر دی کہ "مفرور بشار الاسد اپنے دو سابقہ وفادار اور مفرور جرنیلوں (رمی مخلوف اور کمال حسین) کے توسط سے شام کی موجودہ حکومت کو بلڈوز کرنے کے لیے شام میں حکومت مخالف "علوی" باغی قبائل میں رقوم تقسیم کر رہے ہیں تاکہ شام میں صدر احمد الشرع کی حکومت کا خاتمہ کیا جا سکے۔ دونوں جرنیلوں کے بارے کہا جاتا ہے کہ وہ ارب پتی ہیں۔ اِسی طرح بھارت میں پناہ گزیں مفرور حسینہ واجد آئے روز اپنے اخباری اور ٹوئٹری بیانات میں بنگلہ دیش میں اپنے بچے کھچے پارٹی وفاداروں کو "تگڑے رہنے" کے پیغامات دیتی رہتی ہیں۔

یہ سطور لکھتے ہُوئے مجھے جاوید احمد غامدی بھی یاد آتے رہے۔ پاکستان کے ممتاز و منفرد مذہبی رہنما، مفکر، مفسر اور کئی دلکشا کتابوں کے مصنف! غامدی صاحب نویکلے اسلوب کے حامل دینی جریدے (اشراق) کے مدیر بھی رہے۔ لاہور کے ماڈل ٹاؤن میں اُن کی درسگاہ بھی تھی جہاں کئی لوگ غامدی صاحب کی ذہن کشا مجالس اور دُروس سُننے کے لیے کشاں کشاں چلے آتے مگر پاکستان کی کئی مذہبی شخصیات نے جاوید احمد غامدی صاحب کی فکر و تبلیغ کی مخالفت کی۔ اور جب یہ مخالفت حد سے بڑھنے لگی تو غامدی صاحب ایسے مہذب و شائستہ مزاج اسکالر کو مجبوراً پاکستان چھوڑ کر پہلے ملائشیا اور پھر امریکہ میں پناہ لینا پڑی۔ یہ منظر ہم سب کو دُکھی کر دیتا ہے۔ ہم مگر یہاں اُن پاکستانی "صحافی بھائیوں" کے ملک سے "مجبوراً" فرار کا ذکر نہیں کریں گے جو آج کل برطانیہ اور امریکہ میں بیٹھ کر پاکستان، پاکستانی حکومت اور پاکستانی اسٹیبلشمنٹ کے خلاف نازیبا مہمات چلا رہے ہیں۔

ڈیل کا واحد ذریعہ صرف مذاکرات

محمد سعید آرائیں

تحریک انصاف کے جنرل سیکریٹری اور قانون دان سلمان راجہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کوئی ڈیل قبول نہیں کریں گے وہ مسلسل قید کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں مگر اپنے اصولی موقف سے دستبردار نہیں ہوئے۔ لاہور میں کے پی کے وزیر اعلیٰ اور بانی کی ہمشیرہ تسلیم کر چکے ہیں کہ بانی نے حکومت سے مذاکرات کا اختیار پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والے محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کو دے دیا ہے۔

بلوچ رہنماؤں میں سابق وزیر اعلیٰ اختر مینگل اور (ن) لیگ کے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان دو اہم سیاسی رہنما جو اپنی چھوٹی پارٹیوں کے سربراہ ہیں وہ حکومت کی مخالفت میں پی ٹی آئی کے قریب ہیں اور دونوں ماضی میں نواز شریف کے قریب رہے ہیں اور محمود خان بھی نواز شریف کی حکومت میں اتنے قریب تھے کہ انھوں نے اپنے بھائی کو گورنر بلوچستان بنوایا تھا اور مولانا فضل الرحمن بھی شریف فیملی کے اتحادی رہے ہیں جب کہ علامہ ناصر عباس کسی خاص سیاسی اہمیت کے حامل نہیں رہے مگر بانی نے پنجاب سے تعلق رکھنے والے شاہد خاقان عباسی اور بلوچ رہنما اختر مینگل کو اہمیت دی اور نہ اپنی پارٹی سے تعلق رکھنے والے کے پی کے رہنما کو اس قابل سمجھا کہ انھیں حکومت سے مذاکرات کا اختیار دیتے۔

بانی نے اپنی سیاسی ناعاقبت اندیشی کا ایک بار پھر مظاہرہ شاید اس لیے کیا کہ محمود خان اور علامہ ناصر اگر حکومت سے کامیاب مذاکرات کر لیتے ہیں تو بانی انھیں ماننے سے انکار کر دیں کیونکہ حکومت سے مذاکرات میں بانی کی رہائی کا ایجنڈا تو شامل ہے ہی نہیں اور مذاکرات کے حامل دونوں پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والے یہ رہنما پی ٹی آئی تحریک آئین بحالی چاہتے ہیں اور انھوں نے حکومت سے مذاکرات جو اگر ہوئے تو ان میں حکومت کی آئین میں حالیہ ترمیموں کے خاتمے کا مطالبہ کرنا ہے جو حکومت کو کسی صورت قبول نہیں ہوگا اور مذاکرات ناکام رہیں گے۔

بانی کی ہمشیرہ جو اپنے بھائی کی ترجمانی کرتی ہیں پہلے ہی کہہ چکی ہیں کہ بانی نے واضح کر دیا ہے کہ مذاکرات کرنے والے پی ٹی آئی کے نہیں ہوں گے اور اسی لیے انھوں نے پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والوں کو حکومت سے مذاکرات کا اختیار دیا ہے اور اپنا کوئی رہنما شامل نہیں کیا۔

مذاکرات اپنے مطالبات منوانے، کچھ لو کچھ دو کے تحت ڈیل کے لیے کیے جاتے ہیں اور اگر تحریک تحفظ آئین کے دونوں رہنما حکومت سے صرف آئین کی بحالی پر مذاکرات پر تیار ہیں اور محمود خان اچکزئی نے میاں نواز شریف اور مولانا فضل الرحمن سے بھی مذاکرات کی اپیل کی تھی جس کے جواب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی جو دعوت دی ہے اس اپوزیشن میں قابل ذکر جماعت صرف پی ٹی آئی ہے جس کی کے پی میں حکومت ہے، جہاں اس کی اہم حریف جے یو آئی ہے جو تحریک تحفظ آئین میں شامل نہیں اور جے یو آئی کے سیکریٹری جنرل مولانا غفور حیدری نے ملتان کے جلسے میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی غیر سنجیدہ جماعت ہے جس کا کوئی فرد کوئی مسئلہ سیریس نہیں لیتا اور ہم چاہتے تھے کہ مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کریں مگر پی ٹی آئی اپوزیشن اتحاد کے لیے سنجیدگی نہیں دکھا رہی۔

ایک وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ حکومت کسی پارٹی سے نہیں بلکہ اپوزیشن سے مذاکرات پر آمادہ ہے مگر اپوزیشن متحد نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا ہے کہ بانی قید میں صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں اور پی پی چیئرمین بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ ابھی تو پی ٹی آئی کے ساتھ کچھ ہوا ہی نہیں اور اس کی قیادت اور پارٹی خود قومی اداروں پر مسلسل حملہ کر رہی ہے جس کے جواب میں حکومتی ایکشن بھی ہوگا جو ابھی نہیں ہوا۔ اگر پیپلز پارٹی ایسا کرتی تو پتا نہیں ہمارا کیا حشر ہوتا۔ پی ٹی آئی کو اپنا انتہا پسندانہ طرز سیاست ختم کر کے جمہوری حدود میں واپس آنا چاہیے جس کے بعد صدر زرداری کوئی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ملک کو درپیش معاشی اور سیاسی چیلنجز کا حل مفاہمت اور سیاسی استحکام میں ہے۔

حکومت نے مذاکرات کی پیشکش اپوزیشن کو کی ہے پی ٹی آئی کو نہیں اور نہ ہی حکومت نے اپوزیشن کو کسی ڈیل کی آفر کی ہے کہ سلمان اکرم راجہ خوامخواہ کہہ رہے ہیں کہ بانی کوئی ڈیل قبول نہیں کریں گے۔ حکومت نے جب کسی بھی ڈیل کی آفر کی ہی نہیں تو بانی کے قبول نہ کرنے کی بات کرنا قوم کو دھوکہ دینے اور غلط بیانی کے مترادف ہے اور لگتا ہے کہ پی ٹی آئی کے جنرل سیکریٹری بھی بانی کی طرف سے بے بنیاد دعوؤں اور غلط بیانی کے عادی ہوتے جا رہے ہیں۔ پی ٹی آئی نے جھوٹوں، بے بنیاد بیانات اور اپنے سوشل میڈیا کے ذریعے جو بے بنیاد پروپیگنڈا شروع کر رکھا ہے، اس سے ملکی سیاست میں جھوٹ اور سچ کی تمیز ہی ختم ہو گئی ہے اور جھوٹ ملکی سیاست میں سرائیت کر گیا ہے جس کی وجہ سے لوگ موجودہ سیاست سے متنفر ہو رہے ہیں جو پہلے حکومتی بیانات پر یقین نہیں کرتے تھے اب اپوزیشن کے دعوؤں پر بھی یقین نہیں کر رہے۔

پی ٹی آئی سمجھتی ہے کہ حکومت کے پاس چونکہ اسے دینے کے لیے کچھ ہے ہی نہیں، اس لیے حکومت سے مذاکرات کا کوئی فائدہ نہیں اور وہ صرف مقتدر حلقوں سے اپنے بانی کی رہائی کے لیے مذاکرات چاہتی ہے جو راضی نہیں اور واضح کر چکے ہیں کہ وہ کسی سے بھی مذاکرات کرنا ہی نہیں چاہتے، اس لیے سیاسی مذاکرات حکومت سے کیے جائیں اور پی ٹی آئی حکومت سے مذاکرات کرنا ہی نہیں چاہتی تو مذاکرات کی توقع نہیں رکھی جا سکتی۔ حکومت خود بانی کی رہائی کا اختیار ہی نہیں رکھتی اور رہائی کا اختیار صرف عدلیہ کے پاس ہے اور بانی اور ان کی اہلیہ نے موجودہ دی گئی سزائیں چیلنج بھی کر دی ہیں اس لیے عدالتی فیصلوں کا انتظار کیا جانا چاہیے۔ ریاستی اداروں کے خلاف بانی کی ٹرولنگ اور بیرون ملک احتجاج اور دھرنے ان کے معاملات بگاڑ رہے ہیں۔ اس لیے ماحول کی بہتری کے لیے بانی کو خاموشی اختیار کرنا ہوگی، تب ہی حکومت کی طرف سے ڈیل نہیں کچھ ڈھیل ضرور مل سکتی ہے۔

تحریک انصاف کے جنرل سیکریٹری اور قانون دان سلمان راجہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کوئی ڈیل قبول نہیں کریں گے وہ مسلسل قید کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں مگر اپنے اصولی موقف سے دستبردار نہیں ہوئے۔ لاہور میں کے پی کے وزیر اعلیٰ اور بانی کی ہمشیرہ تسلیم کر چکے ہیں کہ بانی نے حکومت سے مذاکرات کا اختیار پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والے محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کو دے دیا ہے۔

بلوچ رہنماؤں میں سابق وزیر اعلیٰ اختر مینگل اور (ن) لیگ کے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان دو اہم سیاسی رہنما جو اپنی چھوٹی پارٹیوں کے سربراہ ہیں وہ حکومت کی مخالفت میں پی ٹی آئی کے قریب ہیں اور دونوں ماضی میں نواز شریف کے قریب رہے ہیں اور محمود خان بھی نواز شریف کی حکومت میں اتنے قریب تھے کہ انھوں نے اپنے بھائی کو گورنر بلوچستان بنوایا تھا اور مولانا فضل الرحمن بھی شریف فیملی کے اتحادی رہے ہیں جب کہ علامہ ناصر عباس کسی خاص سیاسی اہمیت کے حامل نہیں رہے مگر بانی نے پنجاب سے تعلق رکھنے والے شاہد خاقان عباسی اور بلوچ رہنما اختر مینگل کو اہمیت دی اور نہ اپنی پارٹی سے تعلق رکھنے والے کے پی کے رہنما کو اس قابل سمجھا کہ انھیں حکومت سے مذاکرات کا اختیار دیتے۔

بانی نے اپنی سیاسی ناعاقبت اندیشی کا ایک بار پھر مظاہرہ شاید اس لیے کیا کہ محمود خان اور علامہ ناصر اگر حکومت سے کامیاب مذاکرات کر لیتے ہیں تو بانی انھیں ماننے سے انکار کر دیں کیونکہ حکومت سے مذاکرات میں بانی کی رہائی کا ایجنڈا تو شامل ہے ہی نہیں اور مذاکرات کے حامل دونوں پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والے یہ رہنما پی ٹی آئی تحریک آئین بحالی چاہتے ہیں اور انھوں نے حکومت سے مذاکرات جو اگر ہوئے تو ان میں حکومت کی آئین میں حالیہ ترمیموں کے خاتمے کا مطالبہ کرنا ہے جو حکومت کو کسی صورت قبول نہیں ہوگا اور مذاکرات ناکام رہیں گے۔

بانی کی ہمشیرہ جو اپنے بھائی کی ترجمانی کرتی ہیں پہلے ہی کہہ چکی ہیں کہ بانی نے واضح کر دیا ہے کہ مذاکرات کرنے والے پی ٹی آئی کے نہیں ہوں گے اور اسی لیے انھوں نے پی ٹی آئی سے تعلق نہ رکھنے والوں کو حکومت سے مذاکرات کا اختیار دیا ہے اور اپنا کوئی رہنما شامل نہیں کیا۔

مذاکرات اپنے مطالبات منوانے، کچھ لو کچھ دو کے تحت ڈیل کے لیے کیے جاتے ہیں اور اگر تحریک تحفظ آئین کے دونوں رہنما حکومت سے صرف آئین کی بحالی پر مذاکرات پر تیار ہیں اور محمود خان اچکزئی نے میاں نواز شریف اور مولانا فضل الرحمن سے بھی مذاکرات کی اپیل کی تھی جس کے جواب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی جو دعوت دی ہے اس اپوزیشن میں قابل ذکر جماعت صرف پی ٹی آئی ہے جس کی کے پی میں حکومت ہے، جہاں اس کی اہم حریف جے یو آئی ہے جو تحریک تحفظ آئین میں شامل نہیں اور جے یو آئی کے سیکریٹری جنرل مولانا غفور حیدری نے ملتان کے جلسے میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی غیر سنجیدہ جماعت ہے جس کا کوئی فرد کوئی مسئلہ سیریس نہیں لیتا اور ہم چاہتے تھے کہ مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کریں مگر پی ٹی آئی اپوزیشن اتحاد کے لیے سنجیدگی نہیں دکھا رہی۔

ایک وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ حکومت کسی پارٹی سے نہیں بلکہ اپوزیشن سے مذاکرات پر آمادہ ہے مگر اپوزیشن متحد نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا ہے کہ بانی قید میں صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں اور پی پی چیئرمین بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ ابھی تو پی ٹی آئی کے ساتھ کچھ ہوا ہی نہیں اور اس کی قیادت اور پارٹی خود قومی اداروں پر مسلسل حملہ کر رہی ہے جس کے جواب میں حکومتی ایکشن بھی ہوگا جو ابھی نہیں ہوا۔ اگر پیپلز پارٹی ایسا کرتی تو پتا نہیں ہمارا کیا حشر ہوتا۔ پی ٹی آئی کو اپنا انتہا پسندانہ طرز سیاست ختم کر کے جمہوری حدود میں واپس آنا چاہیے جس کے بعد صدر زرداری کوئی کردار ادا کر سکتے ہیں

نیا سال، نئی امیدیں

ایم جے گوہر

دنیا بھر میں ہر نئے سال کی آمد پر جشن منایا جاتا ہے۔ مہذب، باوقار، دوربین اور باشعور جمہوری معاشروں میں جہاں نئے سال کو پورے جوش و جذبے کے ساتھ خوش آمدید کہا جاتا ہے، وہیں گزشتہ سال کے واقعات و حالات پر نظرثانی کر کے کارکردگی اور کارگزاریوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور آئندہ سال کے لیے ماضی کے تجربات کی روشنی میں بہتر سے بہتر مستقبل کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی آگے بڑھنے کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ وہ ماضی کی غلطیوں و کوتاہیوں سے سبق حاصل کر کے مستقبل میں انھیں دہرانے سے گریز کرتے اور روشن مستقبل کی تعبیر کرنے کے لیے آئین، قانون، انصاف اور جمہوری اقدار کی پاس داری کو یقینی بناتے ہیں۔

2025 کا سال اپنے دامن میں بہت سے تلخ و شیریں واقعات کو سمیٹے گزر گیا اور نئے سال 2026 کا سورج تازہ امنگوں، نئی امیدوں اور روشن مستقبل کی نوید لیے طلوع ہو چکا ہے۔ اب یہ ہماری ذمے داری ہے کہ ہم 2025 کے حوادث سے سبق حاصل کر کے 2026 کو ایک ایسا کامیاب اور مثالی سال بنانے کی منصوبہ بندی کریں، جو ملک کو سیاسی، معاشی، سماجی، دفاعی اور دیگر قابل ذکر شعبہ ہائے زندگی میں ماضی کے مقابلے میں وکٹری اسٹینڈ پر کھڑا کرنے کے قابل بنا سکے، جہاں عوام حکومتی کارکردگی سے مطمئن ہوں، عام آدمی کی زندگی میں نمایاں تبدیلی آئے، غربت، مہنگائی، بے روزگاری کا خاتمہ ہو، ملک میں ایسا معاشی استحکام آئے کہ اربوں ڈالر کے قرضوں کے بوجھ سے نجات مل سکے۔

آئی ایم ایف کی کڑی شرائط اور مالی معاونت سے جان چھوٹ جائے، ملک میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری رسہ کشی، محاذ آرائی اور ٹکراؤ کی فضا ختم اور افہام و تفہیم، صبر و تحمل اور تدبر و بصیرت سے سیاسی درجہ حرارت کو نارمل کیا جا سکے۔ پاکستان نے 2025 میں بھارت کو عبرت ناک شکست دے کر دفاعی محاذ پر جو غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے اور دانش مندانہ سفارت کاری سے بیرونی دنیا میں پاکستان کا امیج بہتر بنا کر امریکا و دیگر ممالک میں پاکستان کا جو وقار بحال کیا ہے اسے مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بجا کہ پاکستان نے 2025 میں بھارت کو ذلت آمیز شکست سے دوچار کر کے اپنی جنگی مہارت اور عسکری صلاحیت کا لوہا دنیا بھر سے منوا لیا اور ثابت کر دیا کہ اپنے سے چار گنا بڑے دشمن کا مقابلہ کرنے میں پاک فوج کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ دنیا ہماری پاک فوج کی صلاحیتوں کی معترف ہو چکی ہے۔ عوام بھی اپنی فوج پر فخر کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں جس طرح بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جلد دہشت گردوں کے خلاف بھی پاک فوج کو کامیابی نصیب ہوگی اور وطن عزیز کو دہشت گردی کے عفریت سے نجات مل جائے گی۔ یہاں یہ بات بھی طے ہے کہ معاشی استحکام کے بغیر سیاسی استحکام نہیں آ سکتا بعینہ معاشی و سیاسی استحکام کے بغیر دفاعی استحکام بھی تا دیر پائیدار نہیں رہ سکتا۔ روس جیسی بڑی عسکری قوت نے 9 سال تک افغانستان میں جنگ لڑی لیکن معاشی دباؤ برداشت نہ کر سکی اور اسے عبرت ناک شکست سے دوچار ہونا پڑا۔

آپ 2025 میں ملک کے سیاسی و معاشی حالات کا جائزہ لیں تو یہ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت اپوزیشن محاذ آرائی کے باعث سیاسی استحکام کا خواب تشنہ تعبیر رہا۔ اپوزیشن کی بڑی جماعت پی ٹی آئی کو دباؤ میں رکھنے کے لیے سیاسی، آئینی اور قانونی حربوں کا استعمال کیا گیا۔ اکتوبر 24ء میں 26 ویں ترمیم کے ذریعے حکومت نے عدلیہ کو جس طرح تقسیم کیا، 2025ء میں 27 ویں ترمیم کے ذریعے عدلیہ و پارلیمنٹ میں بھی اپنی گرفت مضبوط کر لی۔

طاقت ور شخصیات کو استثنیٰ مل گیا ہے جس سے بلاتفریق احتساب پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے اور سیاسی محاذ آرائی کو مزید کمک مل گئی ہے۔ پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بے نظیر بھٹو شہید کی برسی پر بالکل درست کہا کہ معاشی بحران سے نکلنے کے لیے سیاسی بحران کا خاتمہ ضروری ہے اور یہ کام صدر زرداری کر سکتے ہیں، بے نظیر بھٹو کا آخری پیغام بھی مفاہمت ہی تھا۔ گویا حکومت کے اہم اتحادی اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ ملک میں 2025 کا سال سیاسی و معاشی بحران میں گزرا ہے۔ ملک کے دانشور حلقے مبصرین و تجزیہ نگار بھی حکومت کو باور کروا رہے ہیں کہ معاشی صورت حال ناگفتہ بہ ہے۔ قرضوں کا بوجھ بڑھ رہا ہے، برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بیرونی سرمایہ کاری کا گراف نیچے آ رہا ہے۔

معروف ملٹی نیشنل کمپنیاں ملک چھوڑ کر جا رہی ہیں جس سے ملک کی معیشت دباؤ کا شکار ہے لیکن حکومت معاشی ترقی و استحکام کے شادیانے بجا رہی ہے۔ پی آئی اے جیسے منافع بخش ادارے کو پہلے خسارے کی دلدل میں اتارا، اب آئی ایم ایف کے دباؤ پر اس کی نج کاری کر کے خوشیاں منائی جا رہی ہیں۔ اسٹیل ملز کو تباہ کر کے مکمل طور پر بند کیا اور کوئی پرسان حال نہیں، کیا معیشت ایسے مستحکم ہوتی ہے؟ 2025 میں عوام مہنگائی و غربت کے ہاتھوں یرغمال بنے رہے۔ آٹا، چینی جیسی عام استعمال کی اشیا کی قیمتیں حکومتی کنٹرول سے باہر ہو گئیں۔ غربت کا گراف اوپر چلا گیا، دفاع کے علاوہ ہر شعبے پر مایوسی غالب رہی۔ سوال یہ ہے کہ کیا حکومت 2025 کی مایوسیوں کو 2026 کی امیدوں میں بدل سکتی ہے؟

نیو ایئر نائٹ اور ریاست کی رِٹ

کرائم ڈائری

یونس باٹھ

Younasbaath@gmail.com

نیو ایئر نائٹ ہمارے ہاں محض سال کی تبدیلی کی علامت نہیں بلکہ یہ رات اکثر ریاستی رِٹ، قانون کی عملداری اور انتظامی صلاحیتوں کا امتحان بھی بن جاتی ہے۔ ماضی میں یہی رات ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ، تیز رفتاری اور بدنظمی کی وجہ سے خبروں کی زینت بنتی رہی ہے۔ مگر رواں برس ایک خوشگوار تبدیلی دیکھنے میں آئی۔ ایسا محسوس ہوا کہ ریاست نے اس ایک رات کے لیے ہی سہی، مگر اپنی موجودگی کا بھرپور احساس دلا دیا۔ یہ تبدیلی اتفاقیہ نہیں تھی بلکہ آئی جی پولیس پنجاب کی قیادت میں ایک واضح اور دوٹوک حکمتِ عملی کا نتیجہ تھی۔ پولیس حکام کے مطابق صوبے بھر میں نیو ایئر نائٹ کے لیے ہزاروں افسران اور اہلکار تعینات کیے گئے، جبکہ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ برسوں کے مقابلے میں اس سال ہوائی فائرنگ کے واقعات میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی، جو کسی بھی لحاظ سے ایک بڑی پیش رفت ہے۔ لاہور کی بات کی جائے تو سی سی پی او لاہور کا کردار خاص طور پر قابلِ ذکر رہا۔ انہوں نے نہ صرف ایک جامع سیکیورٹی پلان تشکیل دیا بلکہ اس پر عملدرآمد کو اپنی ذاتی نگرانی میں یقینی بنایا۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندیاں، ڈولفن اسکواڈ اور پیٹرولنگ پولیس کی مسلسل گشت نے ایک واضح پیغام دیا کہ اس رات قانون شکنی آسان نہیں ہوگی۔ پولیس کے مطابق نیو ایئر نائٹ کے دوران متعدد افراد کو ہوائی فائرنگ اور ہلڑ بازی کے الزامات میں گرفتار کیا گیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ احکامات محض فائلوں تک محدود نہیں رہے۔ سی سی پی او لاہور کا یہ بیان قابلِ غور ہے کہ ہماری ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ تھا اور اس مقصد کے لیے تمام افسران فیلڈ میں موجود رہے۔ یہ جملہ محض ایک رسمی بیان نہیں بلکہ اس کا عملی اظہار بھی اس رات نظر آیا، جب پولیس افسران دفاتر کے بجائے سڑکوں پر موجود دکھائی دیے۔ اس تمام انتظام میں اگر ٹریفک پولیس کو نظرانداز کیا جائے تو تصویر ادھوری رہ جائے گی۔ سی ٹی او لاہور کی قیادت میں ٹریفک پولیس نے جس حکمتِ عملی سے شہر کی بڑی شاہراہوں اور چوراہوں کو سنبھالا، وہ قابلِ تحسین ہے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق اہم مقامات پر اضافی وارڈنز تعینات کیے گئے، جبکہ ون ویلنگ اور تیز رفتاری کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی گئیں۔ نتیجتاً نیو ایئر نائٹ پر لاہور میں کوئی بڑا ٹریفک حادثہ رپورٹ نہیں ہوا، جو ایک غیر معمولی کامیابی ہے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا تھا کہ شہریوں کو محفوظ سفر کی سہولت فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری تھی، الحمدللہ ہم اس میں کامیاب رہے۔ یہ کامیابی اس لیے بھی اہم ہے کہ ماضی میں اسی رات ٹریفک حادثات کی خبریں معمول بن چکی تھیں۔ اس ساری حکمتِ عملی میں ٹیکنالوجی کا کردار بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور سیف سٹی اتھارٹی کے کیمروں کے ذریعے شہر بھر کی مانیٹرنگ کی گئی، جبکہ کنٹرول روم سے فوری ردِعمل نے کئی ممکنہ حادثات اور جرائم کو وقوع پذیر ہونے سے پہلے ہی روک دیا۔ سوشل میڈیا کے ذریعے جاری کی گئی آگاہی مہم اور ٹریفک ایڈوائزریز نے عوامی تعاون کو مزید مؤثر بنایا۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا یہ سب صرف ایک رات کے لیے تھا؟ اگر ریاست سال کی ایک رات قانون نافذ کر سکتی ہے تو باقی دنوں میں کیوں نہیں؟ نیو ایئر نائٹ پر نظر آنے والی یہ منظم پولیسنگ دراصل ایک مثال ہے کہ اگر قیادت واضح ہو، نیت مضبوط ہو اور احتساب کا خوف موجود ہو تو نتائج بھی مختلف نکلتے ہیں۔ آئی جی پولیس پنجاب، سی سی پی او لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز اور سی ٹی او لاہور کی مشترکہ کاوشوں نے یہ ثابت کر دیا کہ امن و امان کوئی ناقابلِ حصول ہدف نہیں۔ ضرورت صرف مستقل مزاجی اور اسی جذبے کو روزمرہ پولیسنگ میں منتقل کرنے کی ہے۔ اگر ایسا ہو جائے تو شاید ہمیں محفوظ شہروں کے لیے کسی خاص رات کا انتظار نہ کرنا پڑے۔

کرپشن تیرے پہریدار، بے شمار بے شمار



ان کہی

نسیم شاہد

nasimshahid7@hotmail.com

سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ نظر سے گذری جو اراضی ریکارڈ سنٹر ملتان کی ایک ویڈیو پر مشتمل تھی۔ بتایا گیا تھا کہ اراضی سنٹر کا انچارج مین گیٹ پر ایک گھنٹے سے کھڑا ڈپٹی کمشنر ملتان کا انتظار کر رہا ہے جو اراضی سنٹر کے دورے پر آ رہے تھے، اس کی وجہ سے اراضی سنٹر کا کام رُکا ہوا ہے اور سائلین جن میں خواتین بھی شامل ہیں، پریشان ہو رہے ہیں۔ یعنی ضلع کے صاحب بہادر کا دورہ جو شاید عوام کو ریلیف پہنچانے کے لئے رکھا گیا ہو، اُلٹا تکلیف کا باعث بن گیا۔ اسی ویڈیو میں ایک عورت بھی دکھائی گئی جو پچھلے پندرہ دِنوں سے اراضی ریکارڈ سنٹر میں رجسٹری کے مطابق ولدیت درست کرانے کے لئے آ رہی تھی اور روزانہ اُس کا رکشہ کا کرایہ پانچ چھ سو روپے بن رہا تھا اسے جب کہا گیا ڈی سی صاحب آ رہے ہیں تم اُن سے شکایت کرنا تو اُس نے کانوں کو ہاتھ لگا کر کہا میں ایسی غلطی نہیں کروں گی، کیونکہ ڈی سی تو ایک دو گھنٹے بعد چلے جائیں گے پیچھے یہی لوگ ہوں گے میرا کام مزید بگاڑ دیں گے، پھر اسی ویڈیو میں دکھایا گیا ڈی سی کا قافلہ اراضی ریکارڈ سنٹر متی تل روڈ پہنچا، وہ صاحب بہادر گاڑی سے اُترے تو اُسی اے ڈی ایل آر نے اُن کا پُرتپاک استقبال کیا، جس کے ہوتے خلق خدا اراضی ریکارڈ سنٹر میں پریشان ہو رہی تھی۔ اس کے بعد یہ ویڈیو ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد میری چشم تصور بیدار ہوئی اور میں نے دیکھا ڈپٹی کمشنر اے ڈی ایل آر کی کرسی پر بیٹھے معلومات لے رہے ہیں جو ظاہر ہے انہیں سب اچھا کی رپورٹ ہی دے رہا ہوگا۔ ہر سرکاری دفتر کا انچارج اپنے افسروں کو راوی کے چین ہی چین لکھنے کی کہانی سناتا ہے، ویسے بھی کوئی افسر ایک دن پہلے ہی اپنے دورے کا شیڈول بھجوا دیتا ہے تو وہاں سب اچھا کی رپورٹ کے سوا کچھ ملتا ہی نہیں، پھر وہ افسر جس کی شکایات پر بڑے افسر کو معائنہ کرنے کی ضرورت پیش آئی بنفس نفیس اُس کے استقبال کی خاطر موجود ہو تو ایسے دورے بیورو کریسی کے خانہ پُری نظام کا پیٹ بھرنے کے سوا کچھ نہیں دیتے۔ مجھے ماضی میں کئی بار اراضی ریکارڈ سنٹر جانے کی ضرورت پیش آ چکی ہے، میرا تجربہ کچھ اچھا نہیں۔ یہ اراضی ریکارڈ سنٹرز اس لئے بنائے گئے تھے کہ عوام کو پٹواری نظام سے نجات ملے مگر جہاں کرپشن اور بے ایمانی خون میں سرایت کر چکی ہو تو ہر اچھا کام بھی پٹ کر رہ جاتا ہے۔ ان اراضی سنٹروں کا سب سے بڑا حربہ یہ ہے کہ ان میں رجسٹری کے مطابق کوائف نہیں لکھے گئے جب یہ سنٹرز بن رہے تھے تو پٹواریوں، تحصیلداروں کو حکم دیا گیا تھا وہ دن رات کام کر کے زمینوں کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرائیں، اس چھینا جھپٹی میں کوائف کی صحت کا خیال نہیں رکھا گیا اور آگے چل کر یہی اراضی ریکارڈ سنٹر والوں کی کمائی کا بڑا ذریعہ بن گیا۔ اب خلق خدا اپنی فرد ملکیت کے لئے خوار ہوتی ہے، جو پتہ نہیں کہاں کہاں سے تصحیح و تصدیق کرانے کا کہا جاتا ہے حالانکہ بڑا سادہ ساحل ہے کہ جو زمین کی رجسٹری میں لکھا ہوا ہے، اُس کے مطابق کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ میں تبدیلی کر دی جائے مگر نہیں صاحب، پھر وہی چکر چلتا ہے، پٹواری کے پاس جاؤں، تحصیلدار سے تصدیق کراؤ، پھر اے سی ریونیو سے منظوری لو خ تب جا کے اراضی ریکارڈ سنٹر آ سکتے ہو، جس کے بعد اے ڈی ایل آر کی مرضی ہے، مانے یا نہ مانے۔

خیر یہ تو ایک دفتر ایک محکمے کی کہانی ہے۔ ہم جیسے سادہ لوحوں کو معلوم نہیں یہاں آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے۔ ہماری سادہ لوحی یہ بھی ہے کہ بڑے افسر کو شکایت کریں گے تو مسئلہ حل ہو جائے گا، حالانکہ بڑے افسروں کی افسری اور کمائی کا دار و مدار اپنے دفاتر اور محکموں کے انہی نچلے افسروں اور اہلکاروں پر ہوتا ہے، جیسے تھانے ضلعی افسر کے لئے کمائی کا ذریعہ ہوتے ہیں اُسی طرح ہر محکمے کے ماتحت درحقیقت شکاری کا وہ جال ہوتے ہیں جو افسر اعلیٰ کے لئے شکار پھانستا ہے۔ میرے ایک ایماندار افسر نے بہت عرصے پہلے مجھے کہا اِس ملک میں ایمانداری سے کام کرنا خطرے سے خالی نہیں ہے۔ میں سمجھا وہ کہہ رہے ہیں ایمانداری سے کام کریں گے تو عام لوگ اُن کے دشمن بن جائیں گے مگر نہیں انہوں نے بتایا ایمانداری کا مطلب یہ ہے آپ اپنے ماتحت اور اعلیٰ افسروں کو ناراض کر لیں کیونکہ جس نظام کا یہاں دور دورہ ہے، اُس میں کوئی بھی ایماندار اُس طرح کی رکاوٹ سمجھا جاتا ہے، جو سیوریج کے پائپ کو بند کر دیتی ہے۔ پولیس کے محکمے میں تو "واردات" اور بھی زیادہ خطرناک طریقے سے ڈالی جاتی ہے اگر کسی ضلع میں ایماندار افسر آ جائے تو اسے بڑی صفائی سے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ ظاہر کوئی ایماندار افسر آتا ہے تو تھانوں میں کرپشن کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اُس کی اِس کوشش کو ناکام بنانے کے لئے اُس کے ضلع میں کرائم ریٹ بڑھا دیا جاتا ہے۔ مجھے یہ بات خود میرے دو تین قریبی پولیس افسروں نے بتائی، انہوں نے کہا جب وارداتیں بڑھتی ہیں تو میڈیا آسمان سر پر اُٹھا لیتا ہے۔ اعلیٰ افسر رپورٹیں منگوانا شروع کر دیتے ہیں، ضلع کا ڈی پی او زیادہ سے زیادہ تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کر سکتا ہے۔ کرائم پر کنٹرول تو انہی ایس ایچ اوز نے کرنا ہے جو سب ایک جیسے خمیر سے بنے ہوتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے، یا تو حکومت ڈی پی او کو تبدیل کر دیتی ہے یا پھر ایماندار افسر مصلحت کا شکار ہو جاتا ہے۔

رمضان المبارک کے موقع پر مری جیسے پہاڑی علاقوں میں شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ایک عارضی سبزی، فروٹ اور اجناس منڈی قائم کی جا رہی ہے

راولپنڈی میں مستقل سبزی منڈی اور مری میں رمضان عارضی منڈی کے قیام کا فیصلہ

حکومتِ پنجاب وزیرِاعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں عوام کو معیاری اور سستی اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) وزیرِاعلیٰ پنجاب کی معاونِ خصوصی برائے فوڈ سیکیورٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن، محترمہ سلمیٰ بٹ نے کہا ہے کہ راولپنڈی میں مستقل سبزی منڈی کے قیام اور مری میں صارفین کو اشیائے خوردونوش کی سرکاری نرخوں پر فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے موقع پر مری جیسے پہاڑی علاقوں میں شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک عارضی سبزی، فروٹ اور اجناس منڈی قائم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر حسان طارق، چیئرمین سبزی منڈی راولپنڈی اسلام آباد ساجد عباسی، سبزی منڈی کے تاجر نمائندگان اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے معاونِ خصوصی نے کہا کہ حکومتِ پنجاب وزیرِاعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں عوام کو معیاری اور سستی اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی آمد قریب ہے اور اس مقدس مہینے میں روزہ داروں کو اشیائے ضروریہ کی وافر مقدار میں اور مناسب نرخوں پر دستیابی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ محترمہ سلمیٰ بٹ نے بتایا کہ مری میں اس مقصد کے لیے جھیکا گلی کے مقام پر ایک عارضی سبزی، فروٹ اور اجناس منڈی کے قیام کی تجویز زیرِ غور ہے، جہاں سے مری کی دونوں تحصیلوں کو بلاتعطل سپلائی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر آڑھت دار تنظیموں کے نمائندگان نے اپنی تجاویز اور آراء پیش کیں اور حکومتی اقدامات کو مؤثر بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

راولپنڈی، مزدور سید پور روڈ پر تاروں کو زیرِ زمین موڑنے کے لیے بچھائے جانے والے پائپ کی تیاری میں مصروف ہیں۔

شہریوں نے وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا

جہلم پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مہنگائی کم نہ ہو سکی

ٹرانسپورٹرز نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے کم نہ ہوسکے جسکی وجہ سے مسافر سفری مشکلات کا شکار ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود مہنگائی کم نہ ہو سکی ٹرانسپورٹرز نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرائے کم نہ ہوسکے جسکی وجہ سے مسافر سفری مشکلات کا شکار ہیں شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ تقریباً 10 روپے فی لیٹر تک کمی کی گئی لیکن اس کے ثمرات تاحال عوام تک منتقل نہیں ہو سکتے۔ ٹرانسپورٹر کی جانب سے مبینہ طور پر مسافروں سے پرانے کرائے وصول کیے جا رہے ہیں سیکرٹری ڈسٹرکٹ روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے آج تک کرایوں میں کسی قسم کی کمی نہیں کی جہلم سے دوسرے اضلاع اور اندرون ضلع میں چلنے والی مسافر گاڑیوں کے مالکان مسافروں سے پرانے کرائے وصول کر رہے ہیں جس پر مسافروں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب پٹرولیم مصنوعات میں معمولی اضافہ کیا جاتا ہے تو ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرائے بڑھا دیئے جاتے ہیں لیکن حالیہ قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود کرایوں میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں کی گئی ٹرانسپورٹر کی جانب سے مبینہ طور پر مسافروں سے پرانے کرائے وصول کیے جا رہے ہیں سیکرٹری ڈسٹرکٹ روڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے آج تک کرایوں میں کسی قسم کی کمی نہیں کی جہلم سے دوسرے اضلاع اور اندرون ضلع میں چلنے والی مسافر گاڑیوں کے مالکان مسافروں سے پرانے کرائے وصول کر رہے ہیں جس پر مسافروں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب پٹرولیم مصنوعات میں معمولی اضافہ کیا جاتا ہے تو ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرائے بڑھا دیئے جاتے ہیں لیکن حالیہ قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود کرایوں میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں کی گئی اسی طرح دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹ کی جانب سے بھی کرایوں میں کوئی کمی نہیں کی گئی جس کے سبب اشیا خوردونوش کی قیمتوں میں بھی کسی قسم کی کمی نہ ہوئی شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہ راست شہریوں تک منتقل کرنے کے لیے حکومت اقدامات اٹھائے اور ضلعی انتظامیہ کرایوں میں کمی کے لیے اقدامات اٹھاتے ہوئے مسافروں کو ریلیف فراہم کرے

مری، ہلکی برفباری کے پیش نظر 1122 کا ہائی الرٹ ایمرجنسی پلان نافذ

تمام اہم اور سیاحتی مقامات پر خصوصی ریسکیو سکواڈز تعینات کر دیے گئے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مری میں متوقع اور جاری ہلکی برفباری کے پیش نظر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نے ہائی الرٹ ایمرجنسی پلان جاری کر دیا ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر (ڈی ای او) انجینئر کامران رشید کی ہدایات پر ضلع بھر میں تمام ریسکیو انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق مری کے تمام ریسکیو اسٹیشنز، ایمبولینسز، موٹر بائیکس، فائر اور ریکوری ڈیسکلو کو فیلڈ میں الرٹ کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس یقینی بنایا جا سکے۔ سیاحوں کی ممکنہ آمد کے پیش نظر تمام اہم اور سیاحتی مقامات پر خصوصی ریسکیو سکواڈز تعینات کر دیے گئے ہیں جو برفباری، پھسلن اور ٹریفک کی ممکنہ بندش کی صورت میں بروقت امداد فراہم کریں گے۔ ڈی ای او انجینئر کامران رشید کی براہ راست نگرانی میں ریسکیو عملہ مکمل الرٹ ہے جبکہ اضافی اسٹاف بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو 1122 کا کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال رکھا گیا ہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کال پر فوری کارروائی کی جا سکے۔

جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں مریم نواز ہیلتھ کلینک میں ڈاکٹرز کی آسامیاں خالی، مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا

مکینوں نے مشیرِ صحت پنجاب جنرل ر اظہر محمود کیانی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں مریم نواز ہیلتھ کلینک میں ڈاکٹرز کی آسامیاں خالی، مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا، مریضوں کو علاج معالجے کیلیے دور، دراز شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے مکینوں نے مشیرِ صحت پنجاب جنرل ر اظہر محمود کیانی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق جہلم کی تحصیل پنڈ دادنخان کے تاریخی قصبہ یونین کونسل جلالپور شریف میں قائم مریم نواز ہیلتھ کلینک، ڈاکٹرز کی کمی کی وجہ سے مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کو علاج معالجے کے لیے منڈی بہاوالدین، جہلم، سرگودھا، راولپنڈی کے اسپتالوں میں جانے پر مجبور ہیں، مریم نواز ہیلتھ کلینک جلالپور شریف میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، مشیرِ صحت پنجاب میجر جنرل ریٹائرڈ اظہر محمود کیانی سے مطالبہ کیا ہے کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک جلالپور شریف میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کیا جائے تاکہ علاقے بھر کے عوام صحت کی بنیادی سہولیات سے مستفید ہوسکیں،

قائم مقام چیئرمین پیمرا کی خصوصی میڈیا فنڈ کے قیام کے سلسلے میں الفلاح ایسٹ مینجمنٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے ملاقات

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

مری کی خوبصورتی کو برقرار رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی

مری، گنجان آباد علاقے سنی بنک کے مقام پر کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل براہِ راست ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے مری کے انتہائی گنجان آباد علاقے سنی بنک کے مقام پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل براہِ راست ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے۔ کھلی کچہری کے موقع پر ڈسٹرکٹ انتظامیہ مری کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے جن میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل مری، چیف ٹریفک آفیسر مری، سپرنٹنڈنٹ پولیس مری سمیت تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے موقع پر موجود شہریوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل توجہ سے سنے اور متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ شہریوں نے انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا۔ کھلی کچہری کے دوران سنی بنک کے مقام پر پبلک واش روم کی تعمیر اور عوام و سیاحوں کے لیے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے فوری انتظامات کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سیاحتی مقام ہونے کے باعث یہاں بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر مری نے تجاوزات کے حوالے سے بھی شہریوں کو فسلیٹیٹ کرنے کی ہدایات دیں اور کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ عوام کو متبادل سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ مری کی خوبصورتی کو برقرار رکھنا، سیاح مہمانوں کی آمد کے لیے بہتر انتظامات اور مقامی رہائشیوں کو سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل براہِ راست ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے۔ کھلی کچہری کے موقع پر ڈسٹرکٹ انتظامیہ مری کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے جن میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل مری، چیف ٹریفک آفیسر مری، سپرنٹنڈنٹ پولیس مری سمیت تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے موقع پر موجود شہریوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل توجہ سے سنے اور متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ شہریوں نے انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا۔ کھلی کچہری کے دوران سنی بنک کے مقام پر پبلک واش روم کی تعمیر اور عوام و سیاحوں کے لیے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے فوری انتظامات کرنے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ سیاحتی مقام ہونے کے باعث یہاں بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر مری نے تجاوزات کے حوالے سے بھی شہریوں کو فسلیٹیٹ کرنے کی ہدایات دیں اور کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ عوام کو متبادل سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ مری کی خوبصورتی کو برقرار رکھنا، سیاح مہمانوں کی آمد کے لیے بہتر انتظامات اور مقامی رہائشیوں کو سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔

جہلم موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی اندرون شہر کی مچھلی منڈیوں میں فروخت میں اضافہ دیکھنے میں آیا

خریداروں نے شکایت کی ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں مچھلی کی قیمتیں دگنی کر دی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی اندرون شہر کی مچھلی منڈیوں میں فروخت میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے باعث منڈیوں میں مچھلی کے خریداروں کا رش بڑھ گیا ہے خریداروں نے شکایت کی ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں مچھلی کی قیمتیں دگنی کر دی گئی ہیں، جس کی وجہ کیلیے غریب، سفید پوش مزدور دیہاڑی دار طبقے کیلیے مچھلی کھانا عام شہریوں کے لیے مشکل ہو گیا ہے اور مہنگائی نے غریب کی قوت خرید مزید کم کر دی ہے۔ دوسری جانب مچھلی فروشوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ برس سیلاب آنے کیوجہ سے فش فارمنگ کا نقصان پہنچا ہیاور پیداواری لاگت میں اضافہ ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ناگزیر تھا۔ مارکیٹ میں رہو مچھلی 450 روپے فی کلو، سول مچھلی 2 ہزار روپے فی کلو، سنگھاڑہ مچھلی 1 ہزار چار سو روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ شہریوں نے حکومتی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ منہ زور مہنگائی پر کنٹرول کیا جائے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو گران فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کرنے کا پابند جائے تاکہ لوگوں کو سرکاری نرخوں کے مطابق اشیا ضروریہ دستیاب ہوں،

گیس ہیٹر استعمال کرتے وقت کمرے کی کھڑکی یا دروازہ قدرے کھلا رکھا جائے

ریسکیو 1122 مری کی شدید سردی میں گیس ہیٹرز کے محفوظ استعمال کی ہدایت

ریسکیو 1122 مری نے شہریوں اور سیاحوں کے لیے محفوظ موسمِ سرما کی دعا کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو 1122 ہر وقت عوام کی مدد کے لیے تیار ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) شدید سردی کی لہر کے باعث مری اور گردونواح میں گھروں، ہوٹلز اور دفاتر میں گیس ہیٹرز کے استعمال میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اس صورتحال کے پیشِ نظر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے شہریوں اور سیاحوں کو ممکنہ خطرات سے آگاہ کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ ریسکیو 1122 مری کے مطابق سرد موسم میں گیس ہیٹرز کے غیر محتاط استعمال سے سانس گھٹنے، آتشزدگی اور گیس لیکج جیسے خطرناک حادثات رونما ہو سکتے ہیں جو انسانی جانوں کے لیے شدید نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان حادثات سے بچاؤ کے لیے شہریوں کو چند بنیادی حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کی تلقین کی گئی ہے۔ ریسکیو حکام نے ہدایت کی ہے کہ گیس ہیٹر استعمال کرتے وقت کمرے کی کھڑکی یا دروازہ قدرے کھلا رکھا جائے تاکہ آکسیجن کی مناسب فراہمی جاری رہے۔ بند کمروں میں سوتے وقت گیس ہیٹر لازمی طور پر بند کر دیا جائے۔ ایل پی جی یا گیس ہیٹرز کے پائپ اور کنیکشنز کو باقاعدگی سے چیک کیا جائے اور کسی بھی قسم کی خرابی کی صورت میں فوری مرمت کروائی جائے۔ مزید کہا گیا ہے کہ بچوں کو ہیٹر سے دور رکھا جائے اور ناقص یا غیر معیاری ہیٹرز کے استعمال سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ اگر گیس کی بو محسوس ہو تو فوراً ہیٹر بند کر دیا جائے، بجلی کے سوئچ آن نہ کیے جائیں اور فوری طور پر کھڑکیاں اور دروازے کھول کر ہوا کی آمد و رفت یقینی بنائی جائے۔ ریسکیو 1122 مری نے شہریوں اور سیاحوں کے لیے محفوظ موسمِ سرما کی دعا کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو 1122 ہر وقت عوام کی مدد کے لیے تیار ہے۔ شدید سردی کی لہر کے باعث مری اور گردونواح میں گھروں، ہوٹلز اور دفاتر میں گیس ہیٹرز کے استعمال میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اس صورتحال کے پیشِ نظر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے شہریوں اور سیاحوں کو ممکنہ خطرات سے آگاہ کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ ریسکیو 1122 مری کے مطابق سرد موسم میں گیس ہیٹرز کے غیر محتاط استعمال سے سانس گھٹنے، آتشزدگی اور گیس لیکج جیسے خطرناک حادثات رونما ہو سکتے ہیں جو انسانی جانوں کے لیے شدید نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان حادثات سے بچاؤ کے لیے شہریوں کو چند بنیادی حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کی تلقین کی گئی ہے۔ ریسکیو حکام نے ہدایت کی ہے کہ گیس ہیٹر استعمال کرتے وقت کمرے کی کھڑکی یا دروازہ قدرے کھلا رکھا جائے تاکہ آکسیجن کی مناسب فراہمی جاری رہے

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز بارش میں بھی گلیوں، نالیوں کی صفائی کر رہے ہیں

یاسین ملک پر مقدمات بے بنیاد، عالمی برادری نوٹس لے، انور سماوی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین یاسین ملک پر بے بنیاد مقدمات اور ان کی تہاڑ جیل میں قید اور جموں کشمیر کے عوام پر بھارتی دبا دنیا کے لیے دہشت اور خطے میں بدامنی کی بدترین علامت ہے، جس پر عالمی برادری کو اپنی توجہ مرکوز کرنا ہو گی۔ جموں کشمیر لبریشن فرنٹ نے جدوجہد آزادی کی بنیادوں میں تاریخی کردار ادا کیا۔ بھارتی مظالم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ جموں کشمیر کے عوام نے کرنا ہے کشمیریوں کے خلاف بھارتی مظالم میں اضافہ ہو رہا ہے، کشمیری حریت پسند جاوید میر کی گرفتاری قابل مزمت ہے عالمی برادری کشمیریوں پر بھارتی ظلم و ستم کا نوٹس لے۔ ان خیالات کا اظہار جموں کشمیر کے سنئر رہنماں حافظ انور سماوی، خواجہ سیف دین، سردار جاوید حنیف، سلیم بٹ، شفقت مغل اور معروف حریت پسند ناظم الدین بابر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لبریشن فرنٹ کے رہنماوں نے تحریک ازاد کشمیر کے خلاف بھارتی سازشوں کو بے نقاب کرتے ہوئے کہا تنظیم کے چیئرمین یاسین ملک پر بے بنیاد مقدمات اور ان کی تہاڑ جیل میں قید اور جموں کشمیر کے عوام پر بھارتی دبا دنیا کے لیے دہشت اور خطے میں بدامنی کی بدترین علامت ہے جس پر عالمی برادری کو اپنی توجہ مرکوز کرنا ہوگی

پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے، راجہ محمد الیاس کیانی

اسلام آباد (بی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنماء راجہ محمد الیاس کیانی نے کہا کہ پنجاب کے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان کی منظوری خوش آئند ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز اپنے وژن ''ستھرا پنجاب'' کے تحت جو اقدامات اٹھا رہی ہیں' ان سے پنجاب کا چہرہ نکھر کر سامنے آ رہا ہے۔ ہر شہر کے پوش علاقوں اور بڑی سڑکوں اور شاہراہوں پر انتظامی مشینری دن رات مصروف عمل ہے۔ پنجاب کے 39 اضلاع میں 132 بیوٹیفکیشن سکیمیں 16 ارب 90 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہوں گی۔ 97 بیوٹیفکیشن سکیموں کے ورک آرڈر جاری، 88 بیوٹیفکیشن پراجیکٹ شروع ہونگے۔ مریم نواز نے ہر شہر کے بیوٹیفکیشن پلان میں واٹر فیچر/فوارے، مصنوعی آبشاریں شامل کرنے کی ہدایت کی۔ مرکزی بازاروں میں سڑک کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ بنانے کا حکم دیا اور تیزی سے افزائش پانے والے پودے اور سبزہ شامل کرنے کی ہدایت کی۔ فٹ پاتھ پر روایتی گرے ٹائلز کی بجائے خوبصورت کلر ٹائل لگانے کا حکم بھی دیا۔ بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کیلئے ڈیش بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا جسے روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔

راولپنڈی: وزیرِاعلیٰ پنجاب کی معاونِ خصوصی برائے فوڈ سیکیورٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سلمیٰ بٹ راولپنڈی میں مستقل سبزی منڈی کے قیام کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 6 جنوری 2026 کو صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل کے، 6th روڈ، فیض آباد، مزمل ٹاؤن، کھنہ روڈ، مسلم ٹاؤن، گنگال، اے بلاک، جھمٹا آباد، کمیٹی چوک، گلشن آباد، صرافہ بازار، گوالمنڈی، عالم آباد، ڈھوک نجو، ابوبکر، زیشان کالونی، علامہ اقبال، ڈھوک چودھریاں، ریڈیو پاکستان-I، اٹمس کالونی، نون، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل کے، مال روڈ، جہانگیر روڈ، رحمت آباد-I، پی ڈبلیو ڈی-II، محبوب شہید، گلستان کالونی، اے او ڈبلیو ایچ ایس، ڈھیری حسن آباد، ڈھوک نور، گلستانِ فاطمہ، شاہ جیون، جھاورہ، راجڑ، سہالہ کالج، لہتر ار-II، سپ ابراڑ، نیو چوا، ساگری، غزن خان، نرہ مٹور، مندرہ، ایل ٹی سی، حمید جنگی، مندرہ-II، پنڈ جھطلہ، کرمب کسوال، نشانِ حیدر، مہوٹہ فیڈرز، اٹک سرکل کے، مشتاق حسین، نواز شہید، دھریک، شاہ اللہ دتہ، ڈبل سرکٹ، سرائے خربوزہ ڈبل سرکٹ، اسمال انڈسٹریل اسٹیٹ، پی ایم سی، شاہیہ، راشد منہاس، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، اسلام پورہ، احمد نگر، حمید، کامرہ رورل، اے کے سینٹر، منصور، پیپلز کالونی، ڈھوک فتح، برزئی، شادی خان ڈی/سی، سرکہ ڈی/سی، دلاور آباد، کھرپا، میاں والا، بہتر، پنڈ سلطانی، نرہ، محفوظ شہید، گگن، مائرہ شریف، مقصود شہید، ڈھوک فتح، بہتر فیڈرز، چکوال سرکل کے، کرسال، اڈہ بازار، لائن پارک، منگن، کلرکہار، اسلامیہ چوک، کے ایس ایم-I، کے ایس ایم-II، مین بازار، سرپاک، جند اعوان، دھدیال سٹی، دھوڑا، پنوال، سی ایس شاہ، ڈھریالہ جلیپ، توبہ، کے ایس مائنز، عبداللہ پور، دھرنل، سکہ، داروٹ، میال، ونہار، عبداللہ پور، پنن وال فیڈرز، جہلم سرکل کے، عباس پورہ، سیلہ، شکر یلا، فتح پور، کھوہر، ایف-8 سول لائن، پکھوال، دینہ-3 (روہتاس)، دینہ-1 (بکرالا)، نیو ڈومیلی، سوہان، نیو سنگھوئی، کھوکھراں، وارڈ نمبر 8، نئی خانقاہ، مل اعوان، ٹھکرہ، اسلام پورہ فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:03 بجے تک، خیابانِ اقبال، پنجاب ہاؤس، موہڑہ نور/بنی گالہ، پیر سوہاوہ، سید پور، پارک ویو سٹی-1، اونہ ٹاؤن-II، اونہ ٹاؤن-I، کٹھارا ایکسپریس، شیخ-I، دھدیال سٹی-II، ٹی ایچ کیو فیڈرز، صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک، حاجی شاہ، گوندل، منسر، کامرہ رورل، اے کے سینٹر، حمید فیڈرز، صبح 00:11 بجے سے دوپہر 00:03 بجے تک، شادی خان، دلاور آباد، سرکہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

کے الیکٹرک کا نیپرا کی ایچ ایس ای کارکردگی رپورٹ 25-2024 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

چیلنجز کے باوجود اپنے ایچ ایس ای اور پائیداری کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے پر مرکوز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کے۔الیکٹرک (کے ای) نے صحت، حفاظت اور ماحول (HSE) کے شعبوں میں اعلیٰ معیار قائم کرتے ہوئے مالی سال 2025 کی نیشنل الیکٹرک اینڈ پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی ایچ ایس ای کارکردگی رپورٹ میں جنریشن، ٹرانسمیشن، اور ڈسٹری بیوشن کے شعبوں میں آؤٹ اسٹینڈنگ رینکنگ حاصل کی۔ نیپرا کی سخت جانچ پرکھ کے تحت آپریشنل سیفٹی، مینجمنٹ سسٹمز اور عملی نفاذ کا جائزہ لینے کے بعد کے ای نے دیگر تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیز سے سبقت حاصل کی۔ کے ای نے جنریشن میں 96، ٹرانسمیشن میں 93.5 اور ڈسٹری بیوشن میں 91 پوائنٹس کے ساتھ مجموعی کارکردگی دکھائی، جو کمپنی کی ہر سطح پر حفاظت اور ماحولیاتی ذمہ داری کو اپنانے کی پیش رفت کو ثابت کرتی ہے۔ یہ اعزاز کے ای کی مستقل سرمایہ کاری اور ورک پلیس سیفٹی کو مضبوط بنانے، سسٹم ریزیلینس بڑھانے اور عملی فیصلوں میں ایچ ایس ای کے اصولوں کو شامل کرنے کی کاوشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ کے ای کے سی ای او، مونس علوی، نے کہا، یہ اعزاز اس کلچر کو مزید مستحکم کرتا ہے جو ہم کے ای میں قائم کر رہے ہیں، ایک ایسا کلچر جہاں حفاظت محض تعمیل کا تقاضا نہیں بلکہ بنیادی قدر ہے۔ کراچی کو قابلِ اعتماد بجلی فراہم کرنے کے لیے منظم نظام، ہنرمند ٹیمیں اور لوگوں، اثاثوں اور ماحول کی حفاظت پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ ہم اپنی ٹیموں کے ان سالانہ معیار کے تسلسل پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ کے ای کا ایچ ایس ای کے حوالے سے نقطہ نظر اس کی معاشی سرگرمیوں اور عوامی فلاح و بہبود میں بنیادی کردار کا حامل ہے۔ کمپنی جدید حفاظتی پروٹوکول نافذ کرتی رہتی ہے، جدید آلات میں سرمایہ کاری کرتی ہے اور آپریشنز میں نگرانی کے نظام کو مضبوط بناتی ہے تاکہ ملازمین، ٹھیکیداروں اور کمیونٹی میں محفوظ ماحول یقینی بنایا جا سکے۔ اپنے بنیادی آپریشنز سے آگے، کے ای کمیونٹی سطح پر حفاظتی آگاہی کو فروغ دینے کے لیے بھی پرعزم ہے۔ روشنی باجی، 'اسپوٹ کرو، اسٹاپ کرو'، اور 'فرق پڑتا ہے' جیسے مخصوص اقدامات اور مہمات کے ذریعے کے ای نے کمیونٹی میں سیفٹی اور بجلی کے ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں آگاہی بڑھائی ہے۔ کے ای توانائی کے شعبے میں بدلتی ہوئی چیلنجز کے باوجود اپنے ایچ ایس ای اور پائیداری کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے پر مرکوز ہے۔

شہدا کی فیملیز کو بھی سلام پیش کیا کہ جن کے بچے وطن پر قربان ہوکر شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے

پاک فوج کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، چوہدری فرخ الطاف

پاک فوج ایک طرف ملکی سرحدوں کی حفاظت کر رہی ہے تو دوسری طرف ملک کے اندر مشکلات میں مبتلا عوام کو بھی ریلیف پہنچا رہی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ممبر قومی اسمبلی چوہدری فرخ الطاف کے پرسنل سیکرٹری ڈاکٹر فضل الحق نے کہا کہ پاک فوج ایک طرف ملکی سرحدوں کی حفاظت کر رہی ہے تو دوسری طرف ملک کے اندر مشکلات میں مبتلا عوام کو بھی ریلیف پہنچا رہی، پاک فوج کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، قوم کو پاک فوج پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اخبار نویسوں سے ملاقات کے دوران کیا۔ ڈاکٹر فضل الحق فضلی نے کہا کہ گزشتہ ہفتے ہونے والی برفباری سے متاثر برزل پاس میں کلیئرنس آپریشن کے دوران سنو سلائیڈنگ کے نتیجے میں جام شہادت پانے والے افواج پاکستان کے کیپٹن احمد، سپاہی رضوان اور سویلین مشین آپریٹر عیسیٰ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ وہ شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، شہدا نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے برفباری سے متاثرہ برزل پاس کھولنے کا کام جاری رکھا اور آمد و رفت یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کیا انہوں نے شہدا کی فیملیز کو بھی سلام پیش کیا کہ جن کے بچے وطن پر قربان ہو کر شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے،

بھاری ٹیکسز، مہنگے یوٹیلٹی بلز اور کاروباری ماحول میں عدم استحکام کے باعث چھوٹا تاجر انتہائی مشکلات کا شکار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مرکزی انجمن تاجران کے صدر چوہدری محمد عارف صدر صرافہ ایسوسی ایشن طارق دول نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بھاری ٹیکسز، مہنگے یوٹیلٹی بلز اور کاروباری ماحول میں عدم استحکام کے باعث چھوٹا تاجر انتہائی مشکلات کا شکار ہے، چھوٹے تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کر رہے ہیں مگر انہیں مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ چھوٹے تاجروں کیلئے آسان ٹیکس نظام متعارف کرایا جائے بجلی و گیس کے نرخ کم کیے جائیں اور کاروبار دوست پالیسیاں بنائی جائیں تاکہ تاجر سکھ کا سانس لے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے تاجر بھی معیشت میں اہم اسٹیک ہولڈر ہیں تاہم انکے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل نہیں کیا جاتا مختلف سرکاری محکمے حیلے بہانوں سے خوف و ہراس پھیلا کر تاجروں کو حراساں کرتے ہیں جس کی وجہ سے تاجروں میں شدید احساس محرومی پایا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چھوٹے تاجروں کیلئے بلاسود قرض کی اسکیم بھی متعارف کرائیں کیونکہ یہاں آنے والا سارا سرمایہ مارکیٹ میں آئے گا،

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام۔ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار طاہر محمود۔ آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے صدر اجمل بلوچ۔ اسلام آباد چیمبر کے نائب صدر عرفان چوہدری۔ اور دیگر کا تاجروں کی تقریب میں گروپ فوٹو۔

اسلام آباد میں قائم سعودی عرب کے سفارتخانے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

مستحق خواتین سے گفتگو، انکے مسائل سنے، خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے جلد از جلد سم حاصل کی ہدایت

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ

بی آئی ایس پی پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ پروگرام؛ تاریخ میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ؛ مستحق خواتین سے گفتگو، انکے مسائل سنے، خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے جلد از جلد سم حاصل کی ہدایت ** بی آئی ایس پی پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ پروگرام؛ تاریخ میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں؛ اس اقدام سے فراڈ اور کرپشن کا خاتمہ ہوگا؛ ادائیگیوں کے نظام میں شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے سم بالکل مفت فراہم کی جا رہی ہیں؛ بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستحق گھرانوں کے افراد کو معاشی طور پر خود مختار بنایا جائیگا؛ خواتین بی بی شہید کی طرح دلیر بنیں کا کرپٹ عناصر کی نشاندہی کریں، سخت کارروائی کی جائیگی؛ دنیا بی آئی ایس پی کے تجربات سے سیکھ رہی ہے؛ ہر تین سال بعد دوبارہ سروے ہوگا تاکہ پروگرام میں مزید مستحقین کو شامل کیا جا سکے: سینیٹر روبینہ خالد کی میڈیا سے گفتگو * چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ، ڈسٹرکٹ ساتھ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد اور بی آئی ایس پی کے افسران نے ان کا استقبال کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے ڈائنامک رجسٹری سینٹر میں موجود خواتین سے براہِ راست گفتگو کی، ان کے مسائل سنے اور سوالات کے تسلی بخش جوابات دیے۔ انہوں نے خواتین کو ہدایت کی کہ وہ جلد از جلد سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے فراہم کی جانے والی سم حاصل کریں تاکہ ادائیگیوں میں شفافیت اور سہولت کو یقینی بنایا جا سکے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ کا پروگرام ہے اور پیپلز پارٹی کی قیادت چاہتی ہے کہ خواتین کو ادائیگیاں مکمل شفافیت کے ساتھ کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فراڈ اور کرپشن کے خاتمے کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹ متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت دنیا میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ لوگوں کو معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لیے بینظیر ہنرمند پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت خواتین اور ان کے بچوں کو جدید اسکلز کے کورسز کروائے جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے سم بالکل مفت فراہم کی جا رہی ہے اور بی آئی ایس پی کی تمام سہولیات مکمل طور پر مفت ہیں۔

کنگ سلمان ریلیف سنٹر کی جانب سے پاکستان میں ونٹر کٹس کی فراہمی کے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا

اسلام آباد میں قائم سعودی عرب کے سفارتخانے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے تقریب میں شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کنگ سلمان ریلیف سنٹر کی جانب سے پاکستان میں ونٹر کٹس کی فراہمی کے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا، اس حوالے سے اسلام آباد میں قائم سعودی عرب کے سفارتخانے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا، وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے تقریب میں شرکت کی۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان تعلقات بھائی چارے، محبت اور اعتماد پر مبنی ہیں، سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے، کنگ سلمان ریلیف سنٹر دنیا بھر میں انسانی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل ہے جس میں پاکستان بھی نمایاں طور پر شامل ہے، منصوبے کے تحت ملک بھر کے مستحق خاندانوں میں 22 ہزار سرمائی کٹس تقسیم کی جا رہی ہیں جس سے تقریباً ایک لاکھ 54 ہزار افراد مستفید ہوں گے، امدادی پیکیج میں دو کمبل، خاندان بھر کے سردیوں کے کپڑے، سویٹر، گرم جرابیں اور ٹوپیاں شامل ہیں۔ وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا کہ آئندہ چند روز تک این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے، رورل سپورٹ اور مقامی انتظامیہ کے ذریعے تقسیم کا عمل مکمل کیا جائے گا، یہ اقدام مملکتِ سعودی عرب کے انسانی امداد کے ادارے کنگ سلمان ریلیف سنٹر کے تعاون سے پاکستان کی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے اشتراک سے عمل میں لایا جا رہا ہے، یہ منصوبہ خادمِ حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی پاکستانی عوام سے بے لوث محبت اور ہمدردی کا مظہر ہے، سعودی سفیر نواف سعید المالکی کا بطور خاص شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے فراخدلانہ تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہیں، اخوت اور محبت کا یہ عمل دونوں ملکوں کے عوام اور حکومتوں کو مزید قریب تر کرنے کا سبب ہوگا۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مزید مضبوط تعلقات، امن و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کرتے ہیں۔ منصوبے کے تحت 22 ہزار مستحق خاندانوں میں ونٹر کٹس تقسیم کی جائیں گی جس سے ایک لاکھ 54 ہزار ست ذائد افراد کو فائدہ پہنچے گا۔

بھارت کے معاملے میں اپنی خودداری برقرار رکھنا ضروری ہے، عتیقہ اوڈھو

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے کہا ہے کہ فن کو سرحدوں سے بالاتر سمجھنا چاہیے، لیکن بھارت کے معاملے میں اپنی خودداری برقرار رکھنا ضروری ہے۔ عتیقہ اوڈھو سے حالیہ ایک پوڈکاسٹ میں پوچھا گیا کہ جب پاکستانی ریپر طلحہ انجم نے نیپال کے ایک کنسرٹ میں بھارتی پرچم اپنے کندھوں پر اوڑھا تو اس بارے میں وہ کیا سوچتی ہیں؟ اس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ فن سرحدوں سے آزاد ہے، لیکن ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ دوسروں کے ساتھ ویسا ہی برتا کیا جائے جیسا وہ آپ کے ساتھ کرتے ہیں۔

لوگ اب کامیڈی کے بجائے فحاشی پر ہنستے ہیں، بشریٰ انصاری

اگر آج ہمارے کانٹینٹ کری ایٹرز اس قسم کے مواد سے کامیاب ہیں تو یہ ہماری ناکامی ہے، اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ لوگ اب کامیڈی کے بجائے فحاشی پر ہنستے ہیں۔ بشریٰ انصاری نے سندھ مدرستہ الاسلام یونیورسٹی کی پاپولر لیکچر سیریز میں انٹرٹینمنٹ انڈسٹری میں کامیڈی کے گرتے ہوئے معیار کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ لوگ اب فحاشی پر ہنسنے لگے ہیں، کانٹینٹ کری ایٹرز اور انفلوئنسرز بھی آج کل سوچتے ہیں کہ گستاخانہ رویہ کامیڈی ہے لیکن ایسا نہیں ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ ہم لوگوں کو سادہ اور صاف مزاح سے ہنسایا کرتے تھے اور ہم اب بھی یہی کرتے ہیں، اگر آج ہمارے کانٹینٹ کری ایٹرز اس قسم کے مواد سے کامیاب ہیں تو یہ ہماری ناکامی ہے۔ انہوں نے پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی کہانیوں کو دہرانے کے رجحان پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پروڈکشن ہاؤسز ڈراموں کو ایک سرمایہ کاری کے طور پر دیکھتے ہیں، وہ ڈراموں سے منافع کمانا چاہتے ہیں اس لیے وہ صرف وہی بناتے ہیں جسے زیادہ تر لوگ دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ میں نے 60 سال کی عمر میں اپنے شوہر اقبال حسین سے دوسری شادی کی، مجھے اس بات پر خوشی ہے کہ میں نے ان میں ایک اچھے ساتھی کو پایا اور ہم ایک دوسرے کا بہت احترام کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا تھا' ہمایوں اشرف

ڈاکو کو موبائل دے کر واپس چھین لیا، اس نے دوبارہ چھینا تو اسے دبوچ لیا' اداکار کی گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکار ہمایوں اشرف نے کہا ہے کہ ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا تھا لیکن اپنا موبائل بچالیا۔ ایک انٹرویو میں ہمایوں اشرف نے بتایا کہ میں نے نیا موبائل فون لیا تھا جو کافی قیمتی تھا، ایک روز ڈاکو نے روک لیا اسلحہ تان کر کہا کہ موبائل دو میں نے فون اس کو دیا پھر واپس لے لیا، جب اس نے گن لوڈ کی تو میں نے موبائل دوبارہ دیا اس نے چھین لیا اس کے بعد میں نے موقع پاتے ہی اسے دبوچ لیا۔ ہمایوں اشرف کے مطابق جب ڈاکو کو پکڑا تو اس نے خود کو چھڑانے کے لیے چار سے پانچ فائر کیے اور بھاگ گیا، میں اس کے پیچھے بھاگا اور گاڑی کے پاس جا کر چھپ گیا، اس نے دوبارہ فائرنگ کی اور موٹر سائیکل پر دوسرے ڈاکو کے ساتھ بیٹھ کر فرار ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ڈاکو فرار ہوگئے تو کوئی شخص میرے پاس آیا اور خیریت دریافت کرنے لگا میں نے اس سے کہا کہ ٹھیک ہوں لیکن تھوڑی دیر بعد دیکھا تو میری پینٹ خون سے بھر ہو چکی تھی، مجھے فوری ہسپتال پہنچایا گیا لیکن خدا کی ذات کا شکر ہے میں صحتیاب ہوگیا۔

میرب علی نے 2025 کو زندگی کا مشکل ترین سال قرار دیدیا

سال 2025 کے وسط میں گلوکار عاصم اظہر نے اداکارہ میرب علی سے اپنی 3 سالہ منگنی ختم کرنے کا اعلان کیا تھا

کراچی (شو بز نیوز) ابھرتی ہوئی اداکارہ میرب علی نے انکشاف کیا ہے کہ سال 2025 ان کی زندگی کا مشکل ترین سال رہا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے سال 2025 کے اختتامی لمحات پر ایک ویڈیو شیئر کی تھی، مذکورہ ویڈیو میں انہوں نے انکشاف کیا کہ زندگی بڑی فٹ جا رہی ہے، 2025 ختم ہونے والا ہے، میں بہت خوش ہوں کہ یہ سال گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں شکرگزار ہوں، اس سال کے ختم ہونے پر کیونکہ اپنی زندگی میں پہلی بار میں اتنی مشکلات سے اکیلی گزری ہوں۔ میرب نے کہا کہ زندگی میں ایسے لمحات آتے ہیں جن کے حوالے سے آپ کو لگتا ہے کہ آپ ان کا سامنا نہیں کرسکتے لیکن اللہ تعالیٰ آپ کے لیے آسانی کرتے ہیں۔ اگر آپ دوسروں کے ساتھ اچھا کریں گے تو آپ کے ساتھ بھی اچھا ہی ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میرے جتنے چاہنے والے ہیں میں ان کی شکرگزار ہوں، میں اپنے اہل خانہ اور دوستوں کے پیار اور سپورٹ کی بھی شکرگزار ہوں۔ زندگی میں گھر والوں کی جگہ کوئی نہیں لے سکتا۔ واضح رہے کہ سال 2025 کے وسط میں گلوکار عاصم اظہر نے اداکارہ میرب علی سے اپنی 3 سالہ منگنی ختم کرنے کا اعلان کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

اداکار آغا شیراز کو دل کا دورہ، اسپتال منتقل

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں بہتر ہوں، لیکن مجھے اب بھی آپ سب کی دعاؤں کی ضرورت ہے، اداکار

لاہور (شوبز نیوز) آغا شیراز کو دل کی تکلیف محسوس ہونے پر فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں ڈاکٹروں نے بروقت طبی امداد فراہم کی تاہم فوری علاج کے بعد ان کی حالت اب بہتر ہے۔ پاکستانی اداکار آغا شیراز کو دل کا دورہ پڑنے کے بعد اسپتال منتقل کردیا گیا تاہم اب ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ مختلف میڈیا رپورٹس میں اداکار آغا شیراز کو دل کا دورہ پڑنے کی خبریں سامنے آئی تھیں۔ رپورٹس میں بتایا گیا تھا کہ آغا شیراز کو دل کی تکلیف محسوس ہونے پر فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں ڈاکٹروں نے بروقت طبی امداد فراہم کی تاہم فوری علاج کے بعد ان کی حالت اب بہتر ہے۔ دوسری جانب آغا شیراز کے انسٹاگرام پر بھی مداحوں کیلئے پیغام شیئر کرتے ہوئے اسپتال کے بیڈ سے ان کی دو ویڈیوز شیئر کی گئی ہے۔ شیئر کی گئی ویڈیو میں آغا شیراز نے اپنے چاہنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔ دوسری جانب ویڈیو کے کیپشن میں مزید درج ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں بہتر ہوں، لیکن مجھے اب بھی آپ سب کی دعاؤں کی ضرورت ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا تھا کہ آغا شیراز کو دل کی تکلیف محسوس ہونے پر فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں ڈاکٹروں نے بروقت طبی امداد فراہم کی تاہم فوری علاج کے بعد ان کی حالت اب بہتر ہے۔ دوسری جانب آغا شیراز کے انسٹاگرام پر بھی مداحوں کیلئے پیغام شیئر کرتے ہوئے اسپتال کے بیڈ سے ان کی دو ویڈیوز شیئر کی گئی ہے۔ شیئر کی گئی ویڈیو میں آغا شیراز نے اپنے چاہنے والوں کا شکریہ ادا کیا۔ دوسری جانب ویڈیو کے کیپشن میں مزید درج ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں بہتر ہوں، لیکن مجھے اب بھی آپ سب کی دعاؤں کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اردو ادب کے منفرد شاعر احمد فراز کا 95 واں یوم پیدائش 12 جنوری کو منایا جائے گا

مہدی حسن کی آواز میں گایا جانے والا ان کا خوبصورت کلام "اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں آج بھی زبان زد عام ہے

جہانیاں (شوبز نیوز) اردو ادب کے منفرد شاعر احمد فراز کا 95 واں یوم پیدائش 12 جنوری کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر کے ادبی حلقوں اور ان کے مداحوں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ احمد فراز 12 جنوری 1931ء کو کوہاٹ میں پیدا ہوئے تھے ان کا اصل نام سیّد احمد شاہ تھا جبکہ احمد فراز ان کا تخلص تھا ان کے مجموعہ کلام میں "تنہا تنہا، درد آشوب، نایافت، بے آواز گلی کوچوں میں، پس انداز موسم، خواب گل پریشاں ہیں جیسی خوبصورت کتب کو بے پناہ پذیرائی حاصل ہوئی ان کے خوبصورت کلام کو گا کر بہت سے گلوکاروں نے بے پناہ شہرت حاصل کی مہدی حسن کی آواز میں گایا جانے والا ان کا خوبصورت کلام "اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں، جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں" آج بھی زبان زد عام ہے۔ احمد فراز کو آدم جی ادبی ایوارڈ، اباسین ایوارڈ، بھارت کی جانب سے فراق گورکھ پوری ایوارڈ، ٹاٹا ایوارڈ اور کینیڈا کی جانب سے اکیڈمی آف اردو لٹریچر ایوارڈ، ستارہ امتیاز، ہلال امتیاز، دھنک ایوارڈ، ملینیم ایوارڈ امریکہ، ڈاکٹر اقبال ایوارڈ سمیت بہت سے ملکی وغیر ملکی ایوارڈز واعزازات کے ساتھ نوازا جاچکا ہے۔ احمد فراز کا انتقال 25 اگست 2008ء کو ہوا۔

☆☆☆☆☆☆

سلمان خان کے بھانجے کا منگنی کا اعلان، منگیتر کے ساتھ تصاویر وائرل

بالی ووڈ اسٹارز اور مداحوں نے سوشل میڈیا پر خوشی کا اظہار کیا اور مبارک باد دی

ممبئی (شوبز نیوز) سلمان خان کے خاندان میں خوشی کا ایک یادگار موقع آیا ہے اور ان کے بھانجے ایان اگنیہوتری نے اپنی دیرینہ گرل فرینڈ ٹینا رجھوانی سے منگنی کا اعلان کردیا ہے اور منگیتر کے ساتھ تصاویر وائرل ہوگئیں۔ سلمان خان کے بھانجے ایان کی جانب سے یہ خوش خبری 3 جنوری 2026 کو دی گئی جب انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنے پروپوزل کی تصاویر شیئر کیں اور یہ تصاویر فلمی ستاروں سمیت مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ ایان کی منگیتر کے ساتھ تصاویر اور خوشی کی خبر دینے پر مداحوں اور دوستوں کی جانب سے بھی خوشی کا اظہار کیا گیا، اگرچہ تصاویر خود ہی ان کی محبت کا اظہار کر رہی ہیں لیکن ایان کے پیغام نے اس اعلان کو خاص طور پر منفرد اور جذباتی بنا دیا ہے۔ سلمان خان کے بھانجے ایان نے منگنی کی تصاویر کے ساتھ رومان بھرا پیغام بھی دیا اور لکھا کہ اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ 2025 کو پیچھے چھوڑتے ہوئے، جس کے ساتھ رنگ اور سرخ دل کے ایموجیز بھی شامل ہیں۔ ایان کا یہ نوٹ مداحوں کے دلوں کو چھو گیا اور ان کے اعلان کو مداحوں نے پراثر اور جذباتی قرار دیا اور مبارکباد کے پیغامات موصول ہونے لگے اور یہ سوشل میڈیا میں ان کے مداحوں کے لیے جشن کا سماں باندھ دیا۔ بالی ووڈ کے مشہور اسٹارز نے بھی خوشی کا اظہار کیا اور انہیں مبارک باد دی۔ سلمان خان کے بھائی ارباز خان کی سابقہ اہلیہ ملائیکا اروڑا نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا یا!!! ٹینا!!!! اور ساتھ سرخ دل کے ایموجیز بھی دیے جو ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار ہے۔ سوناکشی سنہا اور ان کے شوہر ظہیر اقبال نے بھی خوشی کا اظہار کیا، سنہاکشی نے کہا کہ مجھے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے، ظہیر اقبال لکھا بروو، مبارک ہو، ہم آپ دونوں کے لیے بہت خوش ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سلمان خان کی بہن الویرا خان اور سلم ساز اتول اگنی ہوتری کے بیٹے ایان اگنی ہوتری نے اپنی بہن کے برعکس تخلیقی میدان میں مختلف راستہ اپنایا اور موسیقی کے ساتھ ساتھ کاروبار میں شناخت بنائی۔ ایان کی بہن علیزے اگنی ہوتری نے بالی ووڈ میں فلم فارے میں اداکاری کے ساتھ قدم رکھا اور اپنی بہترین اداکاری کے ساتھ تعریف سمیٹی۔ ایان اگنی ہوتری نے موسیقی کے شوق کو جاری رکھا اور موسیقار کے ساتھ ساتھ کاروباری شخصیت کے طور پر اپنی شناخت بنائی اور ان کا پہلا گانا یو آر مائن تھا، جس کے لیے سلمان خان نے تعاون کیا تھا۔ ایان کے پہلے گانے کو وشال مشرا نے کمپوز کیا تھا، انہوں نے اپنا ایک سنگل یونیورسل لاز بھی جاری کیا ہے اور اس وقت اپنی آنے والی ای پی پر کام کر رہے ہیں۔

انجلینا جولی کا فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے رفح کراسنگ کا دورہ

ہلال احمر کے ارکان اور انسانی امداد لے جانے والے ٹرک ڈرائیورز سے ملاقات

قاہرہ (شوبز ڈیسک) ہالی وڈ کی معروف اداکارہ انجلینا جولی نے غزہ میں داخلے کیلئے رفح کراسنگ کے مصری حصے کا دورہ کیا اور ہلال احمر کے ارکان اور انسانی امداد لے جانے والے ٹرک ڈرائیورز سے ملاقات کی۔ اداکارہ اور اقوام متحدہ کے پناہ گزین ادارے کی سابق خصوصی نمائندہ نے یہ دورہ مصر منتقل کیے گئے زخمی فلسطینیوں کی حالت دیکھنے اور تباہ حال علاقے میں امدادی سامان کی ترسیل کا جائزہ لینے کیلئے کیا، مصر نے رفح کراسنگ کے ذریعے غزہ سے آنے والے متعدد پناہ گزینوں کو قبول کیا ہے۔ فلسطینیوں کی حالت دیکھنے اور تباہ حال علاقے میں امدادی سامان کی ترسیل کا جائزہ لینے کیلئے کیا، مصر نے رفح کراسنگ کے ذریعے غزہ سے آنے والے متعدد پناہ گزینوں کو قبول کیا ہے۔ انجلینا جولی کے ہمراہ امریکی محکمہ خارجہ کا ایک نمائندہ، شمالی سینا کے گورنر اور مصر کے وزیر امیگریشن بھی موجود تھے، جو بین الاقوامی انسانی امداد کی کوششوں میں حصہ لینے اور امداد کی ترسیل کو یقینی بنانے کے لیے مصری اور امریکی اقدامات کی حمایت کے لیے آئے تھے۔ اداکارہ انجلینا جولی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر سرگرمیوں کیلئے جانی جاتی ہیں اور ماضی میں دنیا بھر میں اس طرح کی سرگرمیاں ادا کرچکی ہیں۔ غزہ کے شہری اسرائیل کی پٹی پر جاری دو سالہ جنگ کے نتیجے میں تباہ کن حالات کا سامنا کر رہے ہیں، جس کے باعث 70 ہزار سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت عام شہریوں کی ہے جبکہ بنیادی ڈھانچہ بھی بری طرح تباہ ہو چکا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

دہشتگردی کے خلاف جنگ بزور طاقت جیتیں گے،افغانستان خطے میں دہشت گردی کی کارروائیوں کا مرکز بنا ہوا ہے،فتنۃ الخوارج اورفتنہ ہندوستان کا گڑھ افغانستان میں ہے،تمام دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں ہیں، ان کی پرورش کی جا رہی ہے،پختونخوا میں دہشتگردی کیلئے سازگار سیاسی ماحول فراہم کیا جاتا ہے،ریاست کا دہشت گردی کے خلاف موقف واضح ہے، خوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں،نیشنل ایکشن پلان پر تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق ہے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد ضروری ہے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری 2025 میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں سے متعلق سینئر صحافیوں کو بریف کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ سال دہشتگردی کے خلاف کامیاب آپریشنز کیے گئے، پچھلے سال 75 ہزار 175 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے اور دہشتگردی کے 5400 واقعات ہوئے جب کہ قانون نافذ کرنے والے اور سویلینز کی شہادت 1235 سے ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست انسداد دہشتگردی کے لیے پرعزم ہے، انسداد دہشتگردی کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں، ریاست کا دہشتگردی کے خلاف واضح مؤقف ہے، دنیا نے پاکستان کے دہشتگردی کے خلاف اقدامات کو سراہا ہے، ریاست کا دہشتگردی کے خلاف موقف واضح ہے، ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے،خوارج کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ اس سال کل 5 ہزار 397 انسداد دہشتگردی آپریشن کیے گئے، سب سے اہم سوال کہ 80 فیصد دہشتگردی کے واقعات خیبر پختونخوا میں ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 75 ہزار 175 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے، خیبر پختونخوا میں 14 ہزار 658، بلوچستان میں 58 ہزار 778 آپریشن کیے گئے، ملک کے دیگر علاقوں میں گزشتہ سال میں 1 ہزار 739 آپریشن کیے گئے۔گزشتہ برس 27 خودکش حملے ہوئے، کے پی میں 80 فیصد دہشت گردانہ حملے ہوئے، کے پی میں سیاسی طور پر سازگار سیاسی ماحول دہشت گردی کیلیے فراہم کیا جاتا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ 2021 میں دہشتگردی نے سر اٹھانا شروع کیا، 2021 میں 193 دہشت گرد جہنم واصل کیے گئے، 2021 میں افغانستان میں تبدیلی آئی، دوحہ معاہدہ ہوا، افغان گروپ نے دوحہ میں 3 وعدے کیے، افغان گروپ نے وعدہ کیا کہ افغان سرزمین سے دہشتگردی کا خاتمہ کیا جائے گا، افغان گروپ نے وعدہ کیا کہ افغانستان میں عورتوں کی تعلیم یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ سال 2025 میں 2597 دہشتگرد مارے گئے، گزشتہ سال سب سے زیادہ دہشت گردی واقعات خیبر پختونخوا میں کیوں ہوئے، خیبر پختونخوا میں زیادہ دہشت گردی کی وجہ وہاں دہشتگردوں کو دستیاب موافق ماحول ہے۔انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ ہندوستان کا گڑھ افغانستان میں ہے،تمام دہشتگرد تنظیمیں افغانستان میں ہیں، ان کی پرورش کی جا رہی ہے۔گزشتہ سال اکتوبر میں پاک افغان سرحد پر کشیدگی ہوئی، پاکستان بار بار افغانستان کو سمجھاتا ہے کہ خوارج، دہشتگردوں کو سنبھالیں لیکن جب بات نہ بنی تو پھر گھنٹوں میں افغان پوسٹوں کو نشانہ بنایا گیا۔ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ معرکہ حق اور اکتوبر میں پاک افغان سرحد پر جھڑپیں ہوئیں، معرکہ حق میں بھارت کا منہ کالا کیا گیا اور انہیں سبق سکھایا گیا، پاک افغان بارڈر پر دہشت گردوں پر حملے کیے گئے، افغان طالبان رجیم نے پاکستانی پوسٹس پر حملہ کیے، پھر جو ضروری تھا وہ کیا گیا اور ایک ہارڈ میسج دیا گیا، آخری تین مہینوں میں ہم نے بارڈر بند کردیے، دیکھنے والوں اور سمجھنے والوں کیلیے یہاں بھی کئی نشانیاں ہیں، دہشت گردی کا ناسور کا 5، 10 فیصد کہیں اور آیا تو ریاستیں قائم نہیں رہ سکیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ گزشتہ سال دہشتگردی کے ہونے والے واقعات سے متعلق جامع احاطہ کیا جائے گا،انسداد دہشتگردی کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں، دہشتگردوں کا پاکستان، اسلام اور بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں،دنیا نے پاکستان کے دہشتگردی کے خلاف اقدامات کو سراہا ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے، یہ بالکل واضح ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہمیں جیتنا ہے، یہ جنگ ہم نے طاقت سے جیتنی ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق ہے،دہشتگردی کے خاتمے کے لیے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد ضروری ہے، خوارج کے بارے میں اللہ کا حکم ہے کہ جہاں ملیں مار دو۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ امریکا افغانستان میں 7 اعشاریہ 2 ارب ڈالر کا جدید ترین اسلحہ چھوڑ کر گیا، افغان طالبان اپنی تنظیمی طرز پر ٹی ٹی پی کو تیار کرتی ہے، افغان طالبان وار اکانومی کو چلانے کے لیے دہشتگردی کو اسپانسرڈ کرتے ہیں، پاکستان میں دہشتگردی ہندوستان کی سرپرستی میں ہوتی ہے، طالبان وہاں پر اپنی عملداری بنا رہیں اور یہاں ان کی سیٹلمنٹ شروع ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب ہم دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کرتے ہیں یہ کہا جاتا ہے ان سے بات کریں، 2023 میں ریاست پاکستان دہشتگردوں کے خلاف کھڑی ہو گئی،سوال کیا جاتا ہے کہ یہ 5397 تو بہت بڑی تعداد ہے، جی یہ بہت بڑی تعداد ہے، روزانہ کی بنیاد پر اتنے آپریشن کیے جاتے ہیں، کچھ چیزیں زندگی میں ایسی ہیں جن کیلیے لڑنا نا صرف ضروری ہے بلکہ جائز ہے، ہم دہشت گردوں کو ہر جگہ انگیج کر رہے ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دنیا نے دیکھا کہ معرکہ حق میں ہندوستان کا منہ کالا کیا گیا، بھارت نے معرکہ حق کے بعد دہشتگردی کو خوب ہوا دی، اکتوبر 2025 میں دہشت گردوں پر پاک افغان بارڈر پر حملے کیے گئے، گھنٹوں میں درجنوں افغان پوسٹوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے نام نہاد سندور آپریشن میں بچوں اور خواتین کو نشانہ بنایا، ہندوستان کون ہوتا ہے کہ ہمارے کسی شہری کو نشانہ بنائے ، یہ حق ہندوستان کو کسی نے نہیں دیا کہ وہ پاکستان کےکسی شہری یا انفرا اسٹرکچر کو نقصان پہنچائے، ہندوستان کے آپریشن سندور کی کالک ابھی تک اس کے منہ سے نہیں جا رہی۔انہوں نے کہا کہ ہم نے افغانستان میں ٹی ٹی پی کو نہ کہ ٹی ٹی اے کو نشانہ بنایا، ہمارے پاس تمام ثبوت موجود ہیں کہ کون کون دہشت گرد ہیں اور کہاں کہاں کس کو جگہ دے رہے ہیں، بنیادی ٹارگٹ کون ہے،اس پر نظر ڈالیں تو 10 بڑے واقعات نظر آتے ہیں، دہشت گردوں نے سویلین اور سافٹ ٹارگٹس پر حملے کیے، یہ تمام دہشت گردانہ حملے افغانیوں نے کیے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بیانیہ بنایا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ فوج کی جنگ ہے، یہ پوری قوم کی جنگ ہے، ایک ایک بچے کی جنگ ہے، اگر دہشتگردی کے ناسور کو ختم نہ کیا گیا تو کل آپ کے اسکولوں، دفاتر اور گلیوں میں دہشتگرد حملے ہو رہے ہوں گے۔

بقیہ 2

وزیر فواد چوہدری، محمود مولوی اور عمران اسماعیل کی جانب سے ڈائیلاگ کمیٹی کی سطح پر کی جانے والی مذاکرات کی کوششوں پر واضح پیغام جاری کردیا۔پی ٹی آئی کے رکن پنجاب اسمبلی اور فوکل پرسن پنجاب بریگیڈیئر (ر) مشتاق نے بیان میں کہا کہ ایک نام نہاد نمائشی ڈائیلاگ کمیٹی کی جانب سے پاکستان تحریک انصاف سے وابستہ افراد کو گمراہ کن پیغامات ارسال کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ وہی عناصر ہیں جنہوں نے مشکل ترین وقت میں چیئرمین عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف کا ساتھ چھوڑا، کھلے عام پریس کانفرنسیں کیں، سوشل میڈیا پر اعلانات کے ذریعے پارٹی سے لاتعلقی اختیار کی اور عملاً منحرف ہو گئے۔بریگیڈیئر (ر) مشتاق نے کہا کہ ان افراد نے نہ صرف اپنی سیاسی وابستگی ختم کرنے کا خود اعلان کیا بلکہ بعد ازاں دیگر سیاسی جماعتوں میں شمولیت اختیار کر کے وہاں باقاعدہ عہدے بھی حاصل کیے۔ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایات پر ان افراد کو باضابطہ نوٹیفکیشن کے ذریعے پاکستان تحریک انصاف سے خارج کیا جا چکا ہے، ایسے لوگ آج کسی بھی صورت خود کو پی ٹی آئی سے منسوب کرنے کا کوئی اخلاقی، سیاسی یا تنظیمی حق نہیں رکھتے۔پی ٹی آئی پنجاب کے فوکل پرسن نے کہا کہ یہ بھی واضح کیا جاتا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ فارم سے محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس پہلے ہی اس قسم کے نمائشی اور غیر سنجیدہ پروگراموں کو مسترد کر چکے ہیں جبکہ اس حوالے سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی بھی اپنا موقف کھل کر اور واضح انداز میں بیان کر چکے ہیں۔بریگیڈیئر (ر) مشتاق نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے تمام رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنان کو واضح اور دوٹوک ہدایات جاری کی جاتی ہیں کہ وہ اس نام نہاد نمائشی ڈائیلاگ کمیٹی یا اس طرز کے کسی بھی سیاسی تماشے سے مکمل طور پر ہوشیار اور دور رہیں۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کی پالیسی بالکل واضح ہے کہ نہ پاکستان تحریک انصاف، نہ اس کا کوئی رہنما اور نہ ہی کوئی کارکن اس قسم کی خود ساختہ، گمراہ کن یا موقع پرستانہ مہم کا حصہ بنے گا اور نہ ہی ایسے عناصر سے کسی بھی سطح پر رابطہ، ملاقات یا مکالمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 3

پروپیگنڈا معاشرتی انتشار کو جنم دیتا ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت سینٹر آف ایکسیلینس برائے انسداد تشدد سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ ریاست کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا معاشرتی انتشار اور تشدد کو جنم دیتا ہے، نوجوانوں کو درست سمت دکھانا اور حقائق سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاہم سینٹر آف ایکسیلینس تحقیق، آگاہی اور انسداد تشدد کے لیے مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کے تدارک کے لیے ادارہ جاتی تعاون اور جدید حکمت عملی ناگزیر ہے، تعلیمی اداروں اور سوشل میڈیا کے ذریعے مثبت بیانیے کو فروغ دیا جائے گا جبکہ امن و امان کے قیام کے لیے نوجوانوں کی شمولیت اور شعور بیداری حکومت کی ترجیح ہے۔

بقیہ 4

بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کو سراہا۔رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ چرچ کی بے حرمتی کے واقعے میں ملوث ملزم کی گرفتاری قابل تحسین ہے اور ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔صوبائی وزیر قانون نے واضح کیا کہ حکومت پنجاب اقلیتوں کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور صوبے بھر میں اقلیتوں کی عبادت گاہیں مکمل طور پر محفوظ ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی شرپسند کو مذہبی ہم آہنگی اور بین المذاہب امن کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ ماضی میں ایسے واقعات نے ملک کو شدید نقصان پہنچایا ہے، اس لیے حکومت ایسے عناصر کے خلاف سخت اور فیصلہ کن کارروائی کر رہی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت اقلیتوں کے جان و مال اور عبادت گاہوں کے تحفظ کی ضامن ہے۔صوبائی وزیر قانون نے مزید کہا کہ قصور پولیس نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے ممکنہ امن و امان کی صورتحال کو ناکام بنایا، جو قابل ستائش ہے۔انہوں نے زور دیا کہ پنجاب میں امن، برداشت اور بین المذاہب ہم آہنگی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 5

انعقاد کا ابتدائی تخمینہ سامنے آ گیا،تین دن کی بسنت پر 91 کروڑ روپے کے اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔بسنت کے موقع پر لاہور کو دلہن کی طرح سجانے کا فیصلہ کیا گیا، بسنت تہوار کے دوران شہریوں کو فری ٹرانسپورٹ سہولت دینے کی تجویز دی گئی۔شہر بھر میں سجاوٹ، روشنیوں اور انتظامی اقدامات کیے جائیں گے، بسنت تقریبات کے لیے سیکورٹی اور ٹریفک پلان پر بھی کام شروع کر دیا گیا۔بسنت کے ممکنہ اخراجات پر مکمل تفصیلات حکومت کو پیش کر دی گئی ہیں، بسنت تہوار کے اخراجات پر حتمی منظورہ پنجاب حکومت دے گی۔

بقیہ 6

پر معذرت کرتے ہوئے کہا کہ فلٹر پلانٹس سے متعلق عوامی شکایات موصول ہوئی ہیں، جن کے فوری ازالے کے لیے متاثرہ علاقوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹس ترجیحی بنیادوں پر نصب کیے جائیں گے۔انہوں نے ہدایت دی کہ واٹر بوٹلنگ پلانٹس اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تعمیر و بحالی 30 جون تک مکمل کی جائے، ڈیرہ غازی خان، خوشاب، رحیم یار خان اور بہاولپور میں عوام کو گھر کی دہلیز پر صاف پانی فراہم کیا جائے گا، لاہور کینال کی بھل صفائی جلد مکمل کرنے اور بارش کے بعد پانی کے نکاس کے اہداف بھی مقرر کر دیے گئے ہیں۔اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ روڈ بحالی کے 1529 منصوبوں کے تحت 4031 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و مرمت ہوگی، مثالی گاؤں پراجیکٹ کے تحت پنجاب کے 224 دیہات میں کام شروع ہو چکا ہے جبکہ 469 دیہات میں واٹر سپلائی، چلڈرن پارکس اور سٹریٹ لائٹس نصب کی جائیں گی، منصوبوں کی مؤثر نگرانی کے لیے لائیو ڈیش بورڈ قائم کرنے کی بھی ہدایت دی گئی۔لاہور ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے پہلے فیز کی تکمیل اور دوسرے فیز کو 30 اپریل تک مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی، وزیر اعلیٰ نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کو سات شہروں میں اپریل تک مکمل کرنے کا حکم دیا، پی ایچ اے کی مالی خودمختاری اور اثاثوں کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ریسورس جنریشن پلان بنانے کی ہدایت بھی کی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کی دوسری قسط فوری جاری کی جا رہی ہے اور روزانہ 700 مکانات تعمیر ہو رہے ہیں، 52 شہروں میں 204 ارب روپے کی لاگت سے تعمیر و مرمت کے منصوبے 22 فروری تک شروع ہوں گے، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس، فلٹر پلانٹس کی مرمت اور واٹر فلٹریشن پلانٹس 30 جون تک مکمل کیے جائیں گے۔

بقیہ 7

جس کے تحت مختلف وزارتوں سے فاضل قرار دیے گئے ملازمین کو ایف بی آر میں ضم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جس پر اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی ہدایات کے تحت عملدرآمد کرتے ہوئے ایف بی آر نے باقاعدہ آفس آرڈر جاری کر دیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ وزارت سے تعلق رکھنے والے افسران اور اہلکاروں کو ایف بی آر منتقل کیا گیا ہے جن میں گریڈ 16 کے افسران کے علاوہ 11 یوڈی سی، ایل ڈی سی اور نائب قاصد بھی شامل ہیں۔منتقل ہونے والے ملازمین کو ان لینڈ ریونیو کی فیلڈ فارمیشنز میں خالی آسامیوں پر تعینات کیا جائے گا اور ان کی پوسٹنگ مختلف ٹیکس دفاتر میں کی جائے گی۔ایف بی آر حکام کے مطابق سرپلس سٹاف کی ایڈجسٹمنٹ سے انتظامی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔تمام تعیناتیاں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے اس فیصلے کے تحت کی گئی ہیں جس کا مقصد مختلف اداروں میں سرپلس ملازمین کو مؤثر انداز میں ضم کرنا ہے۔

بقیہ 8

میں انہوں نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن کے حوالے سے بہت بڑا دن ہے کیونکہ ہمارے نجی اور سرکاری ہسپتالوں میں سیاسی جلسوں کی مانند ہجوم نظر آتا ہے،جس کی بنیادی وجہ پرائمری اور سیکنڈری ہیلتھ کیئر سسٹم کی عدم موجودگی ہے۔وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ سسٹم کا مؤثر متبادل ٹیلی میڈیسن سسٹم ہے، جسے وفاقی بنیادی صحت مراکز میں شروع کر دیا گیا ہے۔ٹیلی میڈیسن سسٹم شعبہ صحت میں ایک خاموش انقلاب ہے۔اسلام آباد کے گوگینہ گاؤں میں ٹیلی میڈیسن پراجیکٹ کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے، جہاں صحت کہانی ادارہ ڈیجیٹل صحت سہولیات فراہم کرے گا۔مصطفی کمال نے کہا کہ بڑے اسپتالوں میں آنے والے 70 فیصد مریضوں کو بنیادی صحت مراکز سے رجوع کرنا چاہیے۔انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد کے 6 اور کراچی کے 4 مقامات پر ٹیلی میڈیسن سسٹم نصب کیا جا رہا ہے، جہاں مریضوں کو آن لائن کیمرے کے ذریعے بیک وقت 3 جنرل فزیشن دیکھیں گے جب کہ 6 مقامات پر مجموعی طور پر 18 ڈاکٹر آن لائن موجود ہوں گے۔وفاقی وزیر صحت کے مطابق ٹیلی میڈیسن سسٹم کے تحت مریضوں کو آن لائن دوا کی پرچی جاری کی جائے گی اور انہیں وہیں سے دوا فراہم کی جائے گی جس سے بڑے ہسپتالوں کا رش کم ہونا شروع ہو جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز کی ایک بڑی تعداد، خصوصاً خواتین ڈاکٹرز، اس وقت پریکٹس نہیں کرتیں، اب وہ گھر بیٹھے مریضوں کا علاج کر سکیں گی۔مصطفی کمال نے کہا کہ کچھ ماہ پہلے ہم نے یہ خواب دیکھا تھا اور آج یہ بارش کا پہلا قطرہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ آج پہلے بی ایچ یو کا افتتاح کیا گیا ہے اور اس کے بعد ہر ہفتے ایک بی ایچ یو کا افتتاح کیا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ ان مراکز میں صبح سے شام 6 بجے تک مریضوں کا معائنہ کیا جائے گا اور وہ خود یہاں سرپرائز وزٹس بھی کرتے رہیں گے۔

بقیہ 9

کوئی اضافہ نہیں کیا جا سکے گا۔ٹیکس افسر پہلے سیکشن 111 کے تحت مخصوص شوکاز نوٹس جاری کرنے کا پابند ہوگا،ٹیکس دہندہ کے جواب کے بعد سیکشن 111 کے تحت تفصیلی و وجوہات پر مبنی حکم جاری ہوگا،سیکشن 111 کا آرڈر جاری ہونے کے بعد ہی سیکشن 122(9) کے تحت اسیسمنٹ میں ترمیم کا نوٹس ہوگا، تمام کارروائی سپریم کورٹ کے فیصلے کی مطابق مرحلہ وار مکمل کرنا لازم قرار دے دیا گیا۔ایف بی آر نے تمام چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو کو ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کا حکم دیا، عدالتی فیصلوں کی خلاف ورزی کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی تنبیہ دی گئی۔

بقیہ 10

زرعی شعبے کی اصلاحات اور کسانوں کو عالمی سطح پر رائج طریقوں سے متعارف کروانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت زرعی شعبے میں اپنے دائرہ کار میں اصلاحات کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر زراعت کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کیلئے کسانوں کو معیاری بیج،مناسب قیمت پر بروقت کھاد اور بیماری کی روک تھام کیلئے ادویات کی فراہمی کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ زرعی اجناس کی پراسیسنگ سے برآمدات کے قابل اشیاء کی تیاری کیلئے پالیسی سطح پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ حال ہی میں چین میں سرکاری خرچ پر ایک ہزار پاکستانی طلباء و طالبات کو زراعت کی جدید ٹیکنالوجی کی تربیت کیلئے بھیجا گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی زرعی شعبے میں ترقی کی بھرپور استعداد موجود ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موجودہ وسائل میں رہتے ہوئے زراعت کی ترقی کیلئے تحقیق پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیری اور پھلوں وان سے تیار کردہ مصنوعات کی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ آئندہ پانچ برس میں زرعی برآمدات بڑھانے کے حوالے سے لائحہ عمل تشکیل دیا جائے۔اجلاس میں چیئرمین ورکنگ گروپ رانا تنویر اور ان کی ٹیم نے ملکی زرعی شعبے پر جامع رپورٹ، شعبے کو درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس کو تفصیلی طور پر ملک میں ربیع و خریف کی بڑی فصلوں، انکی فی ایکڑ اوسط پیداوار، ہارٹی کلچر پھلوں کی پیداوار اور انکی برآمدات، گلہ بانی، ڈیری شعبے اور زراعت سے متعلقہ تمام شعبوں کا خطے و عالمی سطح پر تقابلی جائزہ پیش کیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ قلیل مدتی اصلاحاتی فریم ورک کے تحت پاکستان کی موجودہ فی ایکڑ اوسط پیداوار کو موجودہ وسائل میں رہتے ہوئے بڑھایا جائیگا اس کے لئے وفاقی حکومت معیاری بیج کی فراہمی اور پالیسی اقدامات کے ساتھ صوبائی حکومتوں کے ساتھ تعاون سے مؤثر ایکسٹینشن سروسز اور کسانوں کو جدید خطوط پر زرعی طریقہ کار سے روشناس کرائے گی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ زرعی اجناس کی پراسیسنگ کیلئے وفاقی حکومت سرٹیفیکیشن رجیم پر کام کرے گی جو زرعی اجناس اور انسے تیار کردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں قدر میں اضافے کو یقینی بنا کر کسانوں کیلئے منافع میں اضافہ کرے گی۔اجلاس کو تحقیق کے اداروں کی اصلاحات پر بھی جامع لائحہ عمل پیش کیا گیا جو صرف موجودہ فصلوں کی پیداوار میں اضافے بلکہ پاکستان کی آب و ہوا اور زمین کے مطابق نئی و منافع بخش فصلوں کی کاشت کی حوصلہ افزائی کو یقینی بنائیں گی۔وزیراعظم نے ورکنگ گروپ کی جانب سے مفصل بریفنگ کی پزیرائی، قابل عمل، مؤثر و جامع روڈ میپ تیار کر کے حکومتی اصلاحات کی شفارشات میں شامل کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 11

اور مہنگائی کا خاتمہ ہو۔انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریڑھی والوں اور چھابڑی والوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، پیرا والے اور دوسرے لوگ ان کا سارا سامان الٹ دیتے ہیں۔شیخ رشید احمد نے کہا کہ ریڑھی والوں کا سامان توڑ دیتے ہیں، یہ ان کی گھر کی روزی روٹی ہے، میں اپیل ہی کر سکتا ہوں ریڑھی والوں اور چھابڑی والوں پر رحم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ حکومت گاڑی والوں کو صرف سہولت نہ دے، ریڑھی والوں کو بھی جینے کا حق دیا جائے۔

بقیہ 12

اشفاق کے اعتراضات کی روشنی میں پنجاب بار کونسل نے لائسنس بحال کر دیا۔پنجاب بار کونسل کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں رپورٹ پیش کی گئی ۔ پنجاب بار کونسل نے میاں علی اشفاق کا معاملہ ڈسپلنری کمیٹی کو بھجوادیا۔لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب بار کونسل کو میاں علی اشفاق کے اعتراضات سن کر فیصلہ کرنے کی ہدایت کی تھی۔میاں علی اشفاق نے پنجاب بار کونسل کے لائسنس معطل کرنے کے فیصلے کو ہائیکورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔

بقیہ 13

وہ 9 جنوری کو دن 11 بجے ایئرپورٹ پہنچیں گے اور دورے کے پہلے ہی روز انصاف ہاؤس میں اہم ملاقاتیں کریں گے جس کے بعد وہ کراچی پریس کلب جائیں گے۔سہیل آفریدی اپنے دورے کے دوسرے روز کراچی سے حیدرآباد جائیں گے، جہاں وہ حیدرآباد بار سے خطاب اور اسٹریٹ موومنٹ میں حصہ لیں گے۔ دورے کے تیسرے روز وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کراچی بار سے خطاب کریں گے۔وزیر اعلیٰ کے ساتھ سلمان اکرم راجا، مینا خان آفریدی، شاہد خٹک اور شفیع جان بھی ہوں گے۔معاونِ خصوصی برائے اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے تصدیق کی کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی 9 جنوری بروز جمعہ اراکین اسمبلی کے ہمراہ سندھ کا دورہ کریں گے اس دوران وہ پارٹی اسیران جیل، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور پارٹی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سندھ میں بار ایسوسی ایشن سے خطاب اور وزیر اعلیٰ سندھ سے باضابطہ ملاقات بھی کریں گے۔ شفیع جان نے کہا کہ اسٹریٹ موومنٹ کی قیادت وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی خود کر رہے ہیں۔ پارٹی کارکنان کو بھرپور سیاسی جدوجہد کے لیے متحرک کیا جا رہا ہے۔شفیع جان نے کہا کہ بانی چیئرمین عمران خان کی قید سیاسی انتقام اور جمہوری اقدار کی کھلی خلاف ورزی ہے۔عمران خان اور اسیر قیادت کی رہائی کے لیے ہر آئینی اور جمہوری فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ 14

دنیا پہلے ہی متعدد بحرانوں کا شکار ہے، بڑھتی ہوئی کشیدگی عالمی امن کیلئے نئے خطرات کو جنم دے سکتی ہے۔عثمان جدون کا مزید کہنا تھا کہ سیاسی اختلافات کا واحد حل مکالمہ اور سفارتکاری ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان وینزویلا میں حالیہ پیش رفت کو گہری تشویش کی نظر سے دیکھتا ہے، ایسے عالم میں جب دنیا پہلے ہی متعدد بحرانوں کا شکار ہے، کیریبین خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور عدم استحکام علاقائی اور بین الاقوامی امن وسلامتی کے لئے نیک شگون نہیں۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کا منشور ہمیں اس امر کا پابند بناتا ہے کہ ہم کسی بھی ریاست کی علاقائی سالمیت یا سیاسی خودمختاری کے خلاف طاقت کے استعمال یا اس کی دھمکی سے باز رہیں،منشور اقوام متحدہ رکن ممالک کو خود مختار مساوات، دوسروں کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت اور بین الاقوامی تنازعات کے پرامن ذرائع سے حل کا بھی پابند کرتا ہے۔عثمان جدون نے کہا کہ یکطرفہ فوجی کارروائی ان مقدس اصولوں اور ریاستی خودمختاری استثنیٰ کے نظریئے کی صریح خلاف ورزی ہے، اس طرح کے اقدامات خطرناک نظائر قائم کرتے ہیں جو عالمی قانونی ڈھانچے کی بنیادوں کو کمزور کرنے کا خدشہ رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ عدم استحکام کو ہوا دیتے ہیں، جو جیسا کہ تاریخ بارہا ثابت کر چکی ہے، آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں۔عثمان جدون کا کہنا ہے کہ اس نازک مرحلے پر آگے بڑھنے کا واحد راستہ مکالمہ اور سفارت کاری ہونا چاہیے، سیاسی اختلافات کے پائیدار حل صرف پُرامن ذرائع سے ہی تلاش کئے جا سکتے ہیں، وینزویلا کے عوام کی آزادانہ مرضی کے مکمل احترام کے ساتھ اور کسی بھی بیرونی مداخلت سے پاک ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ہمیں امید ہے کہ لاطینی امریکہ اور کیریبین کا خطہ حیثیت ایک زونِ امن، تصادم اور محاذ آرائی سے محفوظ رہے گا اور خطے کے عوام کے لئے بہتر خوشحالی اور مضبوط علاقائی تعاون کی جانب اپنا سفر جاری رکھے گا۔ہم تمام فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ انتہائی تحمل کا مظاہرہ کریں، کشیدگی میں کمی لائیں، پُرامن بقائے باہمی کو فروغ دیں، کسی بھی ایسے اقدام سے گریز کریں جو اس نازک صورتحال کو مزید بگاڑ سکتا ہو اور خلوص نیت سے پیش کی گئی ثالثی کی پیشکشوں سمیت مکالمے کا راستہ اختیار کریں۔

بقیہ 15

واقعات نے ملک کو شدید نقصان پہنچایا،مسلم لیگ (ن) کی حکومت اقلیتوں کے جان و مال اور عبادت گاہوں کے تحفظ کی ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ قصور پولیس نے بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کر کے ممکنہ امن و امان کی صورتحال کو ناکام بنایا، پنجاب میں امن، برداشت اور بین المذاہب ہم آہنگی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 16

ذرائع کے مطابق سرگودھا کے علاقہ شاہ پور صدر نے قتل اور اقدام قتل کی دفعات 149/148/337/427/324/302 ت مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا اور مقدمہ کا چالان مکمل کر کے عدالت میں پیش کیا جس پر فاضل عدالت کے جج نے مقدمہ قتل و اقدام قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عدیل یوسف کو قتل کے جرم میں عمر قید، اقدام قتل کے جرم میں 7 سال قید بامشقت، ایک لاکھ جرمانہ، ضرر کے جرم میں 12 سال قید بامشقت اور لاکھوں روپے جرمانہ کی سزا کا سنا حکم سنادیا جس پر ملزم کو سزا بھگتنے کے پولیس کے کٹہرے پہرہ میں واپس جیل بھجوا دیا گیا۔

بقیہ 17

پی پی 167 ضمنی انتخاب میں ملک محمد شفیع کھوکھر مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ہوں گے، مذکورہ نشست ان کے بیٹے رکن اسمبلی ملک عرفان شفیع کھوکھر کے انتقال کی وجہ سے خالی ہوئی تھی۔

بقیہ 18

بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں، کیریبین خطے میں عدم استحکام علاقائی اور بین الاقوامی امن وسلامتی کیلئے نیک شگون نہیں۔قائم مقام مندوب نے کہا کہ اقوام متحدہ کا منشور پابند بناتا ہے کہ ممالک دوسری ریاست کے خلاف طاقت کے استعمال یا دھمکی سے باز رہیں۔عثمان جدون نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات خطرناک نظیر قائم کرتے ہیں، اس طرح کے اقدامات عالمی قانونی ڈھانچے کی بنیادوں کو کمزور کرنے کا خدشہ رکھتے ہیں۔ پاکستان کے قائم مقام مندوب عثمان جدون نے کہا کہ اس نازک مرحلے پر آگے بڑھنے کا واحد راستہ مکالمہ اور سفارت کاری ہونا چاہیے۔

بقیہ 19

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ وینزویلا کے صدر کے اغوا اور ان پر غیر قانونی مقدمے کے بعد دنیا میں ایک بار پھر نوآبادیاتی نظام کو عملی طور پر مسلط کیا جا رہا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کی بڑی اقوام کو نام لے کر دھمکیاں دے رہا ہے اور ایک بین الاقوامی غنڈے کے روپ میں سامنے آ رہا ہے۔امیر جماعت اسلامی پاکستان نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ عالمی طاقتیں بین الاقوامی امن کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کرنے سے قاصر نظر آ رہی ہیں اور امریکی من مانی ایک بار پھر زور پکڑتی جا رہی ہے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ایک طرف 80 ہزار انسانوں کا قاتل اور غزہ کو تہس نہس کرنے والا نیتن یاہو امریکی صدر ٹرمپ کی آنکھ کا تارا بنا ہوا ہے اور دوسری طرف ٹرمپ اپنے مخالفین پر یلغار کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ بدمعاشی کا یہ عالمی نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا اور خود امریکی عوام میں ان ظالمانہ اقدامات پر شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ دنیا بھر کی انسانیت دوست اور قانون پسند قوتوں کو اٹھ کھڑا ہونا پڑے گا۔

بقیہ 20

تعینات سب انسپکٹر غلام رسول جاوید نے اسٹیڈیم گراؤنڈ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے شراب فروش شہزاد بھٹی کو 20 لیٹر شراب سمیت گرفتار کیا ،عبدالخالق سب انسپکٹر نے ایدھی سنٹر کے قریب کارروائی کرتے ہوئے شراب فروش خرم شہزاد کو 30 لیٹر دیسی شراب سمیت گرفتار کیا، عمر ظہور اے ایس آئی نے ریلوے اسٹیشن کے قریب کارروائی کرتے ہوئے شراب فروش ملزم ساجد سلیم کو 21 لیٹر شراب سمیت گرفتار کیا تھانہ سٹی پتوکی پولیس نے گرفتار ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے۔

بقیہ 21

بحفاظت غیر ملکی خاتون کے حوالے کر دیا گیا۔سامان ملنے پر غیر ملکی خاتون بے حد خوش دکھائی دیں اور انہوں نے چیف سیکیورٹی آفیسر لیفٹیننٹ کرنل رضوان افسر اور اے ایس ایف کے عملے کا شکریہ ادا کیا۔ واقعے نے اے ایس ایف کی پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری کی ایک اور مثال قائم کر دی۔

بقیہ 22

اور این جی اوز پر بحث ہوئی۔ڈاکٹر شازیہ صوبیہ سومرو کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم و تربیت کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر اعظم الدین زاہد لکھوی کے بعد بھی کمیٹی کا تسلسل برقرار رکھنے سے متعلق امور پر بات کی گئی۔ چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ چیئرمین کے بعد بھی اس کمیٹی کو جاری رکھا گیا تاکہ تعلیمی شعبے سے متعلق اہم معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں کمیٹی کی سابقہ سفارشات، ان پر عمل درآمد کی صورتحال اور جامع رپورٹ کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس دوران اردو یونیورسٹی کے ملازمین کی تنخواہوں کے مسائل بھی زیر بحث آئے، جس پر چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ اردو یونیورسٹی کا معاملہ آئندہ اجلاس میں دوبارہ دیکھا جائے گا۔ اجلاس میں دی ویسٹ منسٹر یونیورسٹی آف ایمرجنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی بل 2024 پر بھی بحث کی گئی، جو رکن قومی اسمبلی زہرہ ودود فاطمی کی جانب سے پیش کیا گیا تھا۔ چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ یہ بل 2024 میں پیش ہوا تھا لیکن ابھی تک اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہو رہا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن اس بل کے بارے میں وضاحت دے۔اس موقع پر ایچ ای سی حکام نے آگاہ کیا کہ دی ویسٹ منسٹر یونیورسٹی آف ایمرجنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے نام پر زمین موجود نہیں تھی۔ بل پیش کرنے والوں کو آگاہ کر دیا گیا ہے کہ کون سی چیزیں مسنگ ہیں۔ پرائیویٹ ایجوکیشن انسٹی ٹیوشنز ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) نے کمیٹی کو بریفنگ دی، جس میں بتایا گیا کہ فیس 5 فیصد تک بڑھائی جاسکتی ہے جب کہ دورانِ ٹرم فیس میں اضافہ نہیں کیا جا سکتا۔ پیرا حکام نے پنجاب اور سندھ کے پرائیویٹ اسکولز کی فیس سے متعلق قواعد و ضوابط اور عدالتی احکامات کا بھی ذکر کیا، جس پر چیئرپرسن کمیٹی نے ہدایت دی کہ تمام کورٹ آرڈرز دستاویزی صورت میں کمیٹی کو فراہم کیے جائیں۔پیرا حکام نے بتایا کہ اتھارٹی کی جانب سے تمام پرائیویٹ اسکولز کی انسپکشن اگست میں کی جاتی ہے۔ چیئرپرسن کمیٹی نے بتایا کہ اتھارٹی میں رجسٹرڈ 1500 سکولوں کی انسپکشن کی جا چکی ہے۔اجلاس میں پرائیویٹ اسکولز کی جانب سے مخصوص دکانوں سے یونیفارم اور کتابیں خریدنے پر زور دینے کے معاملے پر بھی سوال اٹھایا گیا، جس پر پیرا حکام نے بتایا کہ قواعد کے مطابق اسکولز کو 2 وینڈرز شو کروانے کی اجازت ہوتی ہے۔ چیئرپرسن کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں کتابیں دستیاب نہیں تھیں اور اسلام آباد میں بھی کتابیں نہیں مل سکیں، جس پر کمیٹی نے پیرا کو ہدایت دی کہ آئندہ اجلاس میں فیس کی مکمل تفصیلات جمع کروائی جائیں اور یہ ریکارڈ پیش کیا جائے کہ کس اسکول نے کتنی فیس بڑھائی۔اجلاس میں وزارت تعلیم کو جانب سے این جی اوز کے ساتھ ایم او یوز کے تحت کم از کم اجرت کی تعمیل اور قومی کمیشن برائے انسانی ترقی (این سی ایچ ڈی) کے ملازمین کی تنخواہوں سے متعلق مسائل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ چیئرپرسن کمیٹی نے سوال اٹھایا کہ این جی اوز اساتذہ کو کتنی تنخواہیں دے رہی ہیں؟۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو 8 سے 12 ہزار روپے تنخواہ دی جا رہی ہے۔ ایچ ای سی نے کمیٹی کو بتایا کہ این سی ایچ ڈی نے اپنی تجاویز پر مبنی پروپوزل وزارت کو جمع کروا دیا ہے، جس پر چیئرپرسن کمیٹی نے این سی ایچ ڈی اے ٹیچنگ اسٹاف کے لیے کمیٹی کی سفارشات وزارت کو بھجوا دیں۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری ایجوکیشن نے آگاہ کیا کہ این سی ایچ ڈی کے تحت 43 ہزار بچوں کو مفت اسکول بیگز فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 23

گھرکی ٹرسٹ ٹیچنگ ہسپتال لاہور کو بون بنک اینڈ بون ٹرانسپلانٹیشن کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔تمام ہسپتالوں کو اجازت صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کے 38 ویں منعقدہ اجلاس کے دوران دی گئی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر حافظ محمد وسیم، ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر ڈاکٹر محمد عامر زمان خان، سی ای او پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز، صدر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن ڈاکٹر اظہار احمد چوہدری، ایڈیٹر ان چیف پاکستان سوسائٹی آف گیسٹروانٹرولوجی پروفیسر غیاث النبی طیب، صدر اوفتھلمولوجیکل سوسائٹی آف پاکستان لاہور چیپٹر پروفیسر جاوید چوہدری، سینئر ریسرچ آفیسر نیشنل ہیلتھ ریسرچ کمپلیکس صائمہ ناز محسن، سیکشن آفیسر محکمہ فنانس سہیل انجم و دیگر ممبران نے شرکت کی۔وڈیو لنک کے ذریعے ڈین پی کے ایل آئی پروفیسر فیصل سعود ڈار، ڈاکٹر عارف ندیم اور ٹرانسپلانٹیشن سوسائٹی سے ڈاکٹر محمد یاسر خان نے اجلاس میں شرکت کی۔ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر محمد عامر زمان خان نے اجلاس کے دوران منظوری کیلئے مختلف ایجنڈے پیش کئے۔ اجلاس کے دوران مانیٹرنگ اتھارٹی کے 37 ویں اجلاس کے فیصلوں کی عملدرآمد رپورٹ بھی پیش کی گئی۔اجلاس کے دوران مانیٹرنگ اتھارٹی کے 37 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دے دی گئی۔اجلاس میں میو ہسپتال لاہور کی کورنیئل ٹرانسپلانٹیشن کیلئے رجسٹریشن کی اگلے 4 ماہ کی منظوری دی گئی۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری کے خلاف سخت ایکشن لیا جا رہا ہے۔پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے ذریعے ہزاروں انسانی زندگیوں کو بچایا جا رہا ہے۔ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی پروفیسر عامر زمان خان نے کہا کہ حکومتِ پنجاب کے ویژن کے مطابق پی ہوٹا کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

بقیہ 24

صرف ملزم کے پاس تھی۔رپورٹ میں انکوائری افسر نے خالد محمود کے خلاف معمولی کارروائی تجویز کی۔دوسری جانب ایف بی آر نے ملزم کو ایم آئی ایس آفیسر سے 2 سال کے لیے ڈیٹا انٹری آپریٹر میں تنزلی کر دی۔ملزم افسر پر دو سپاہیوں کے ہمراہ 20 کارٹن سگریٹ نکالنے کا الزام تھا۔

بقیہ 25

متعلق ایک دیرینہ انتظامی ابہام باضابطہ طور پر ختم ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ لیویز فورس کو بلوچستان پولیس میں باقاعدہ قانونی طور پر ضم کر دیا گیا ہے جبکہ اے اور بی ایریا کیٹیگری کی تقسیم بھی ختم کر دی گئی ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اس فیصلے سے ریاستی ذمہ داری واضح اور عوام کے تحفظ کا دائرہ کار مضبوط سے مضبوط تر ہوگا۔قبل ازیں، ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اعلامیہ جاری کیا تھا جس کے مطابق تمام لیویز اہلکار فوری طور پر ایس پی چمن کو رپورٹ کریں۔ضلع چمن میں لیویز تھانے، چیک پوسٹیں اور چوکیاں پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دیا گیا۔جاری اعلامیہ میں لیویز انچارجز کو اپنی ذمہ داریاں فوری طور پر پولیس فورس کے سپرد کرنے کی ہدایت کی گئی۔ضلع چمن میں لیویز سے پولیس کو اختیارات کی منتقلی کا عمل فوری مکمل کرنے کا حکم دیا گیا۔ہوم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے نوٹیفکیشن پر چمن میں عمل درآمد شروع ہوگیا۔چمن میں سیکیورٹی نظام پولیس کے سپرد، بینڈ اوور دستاویزی کارروائی کے تحت ہوگا۔حکومت بلوچستان کے فیصلے کے تحت سبی اور لورالائی ڈویژنز کو مکمل طور پر اے ایریا قرار دے دیا گیا۔ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔اعلامیہ کے مطابق سبی اور لورالائی ڈویژنز میں پولیس کا دائرہ اختیار نافذ کر دیا گیا، سبی و لورالائی میں لیویز فورس بلوچستان پولیس میں ضم کر دی گئی۔صوبائی و سابقہ وفاقی لیویز اہلکار پولیس میں اپنی موجودہ رینک اور مراعات کے ساتھ شامل ہو جائیں گے۔سی پیک ونگ کے لیویز اہلکاروں کو بھی بلوچستان پولیس میں ضم ہونے کی ہدایت کر دی گئی۔اعلامیے کے مطابق ضم شدہ علاقوں میں پولیس ایکٹ 2011 کا اطلاق ہوگا۔لیویز کے بجٹ، اسلحہ، تھانے، چیک پوسٹیں اور ریکارڈ پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ سبی اور لورالائی میں لیویز کی تمام تنصیبات فوری طور پر پولیس کو منتقل کی جائے۔ضم شدہ اضلاع میں امن و امان کی ذمہ داری مکمل طور پر پولیس کے سپرد کر دی گئی۔ایس پی ضلعی انتظامیہ کو قانون نافذ کرنے میں پولیس اہلکار فراہم کر سکے گا۔سبی اور لورالائی میں منتقلی کا عمل 30 دن میں مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔کمشنرز سبی و لورالائی ڈویژنز کو ٹرانزیشن مکمل کرنے کا حکم دے دیا گیا۔

بقیہ 26

۔14 رکنی نگراں کابینہ 12 وزراء اور خاتون سمیت 2 مشیروں پر مشتمل ہے۔

بقیہ 27

پیشکش کی، وزیراعظم نے قومی اسمبلی اجلاس کے دوران بھی 2 بار دعوت دی، وزیراعظم نے چوتھی بار کابینہ اجلاس میں پی ٹی آئی کو دوبارہ دعوت دی، پی ٹی آئی کی جانب سے کہا جاتا ہے ان کے پاس تو اختیار ہی نہیں۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وزیراعظم اسٹیبلشمنٹ اور پارٹی لیڈر کو اعتماد میں لے کر ہی پیشکش کرتے ہیں، اب یہ کہہ رہے ہیں جب ہم تحریک کا اعلان کرتے ہیں حکومت مذاکرات کی بات کر دیتی ہے، یہ پھر فروری میں اپنی پہیہ جام تحریک چلا کر دیکھ لیں۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اب دوبارہ کہا پہلے ہماری ملاقات کرائیں اس کے بعد ہم منائیں گے، مذاکرات کی پیشکش وزیراعظم نے کی ہے، بانی پی ٹی آئی ملاقات، مذاکرات اور ٹیبل پر بیٹھنا نہیں چاہتے، ہمیں بھی اندازہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی ٹیبل پر بیٹھنا نہیں چاہتے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے بطور وزیراعظم بھی 4 سال میں مذاکرات یا ٹیبل پر بیٹھنے کی بات نہیں کی، ٹیبل پر بیٹھ کر مذاکرات کی بات پر بانی کا عجیب رویہ ہوتا تھا، بانی پی ٹی آئی مذاکرات کی بات پر کہتے تھے مخالفین کو نہیں چھوڑوں گا یہ این آر او چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پلوامہ کے سلسلے میں میٹنگ میں عسکری قیادت، پوری اپوزیشن بانی پی ٹی آئی کا ڈیڑھ گھنٹے انتظار کرتی رہی، بانی پی ٹی آئی کمیٹی روم میں بیٹھے ہوئے تھے مگر وہ اٹھ کر نہیں آئے، بانی کہتے تھے نہ ملنا چاہتا ہوں نہ بات کرنا چاہتا ہوں۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بانی اگر ملنا نہیں چاہتے تو ان کو منانے کی زحمت نہیں کرنی چاہیے، بانی کا اب بھی وہی رویہ ہے جو گزشتہ 15 سال سے ہے، انہوں نیر یاست سے ٹکرانے کا ہی راستہ اپنانا ہے تو ہم تائید نہیں کرتے، بانی پی ٹی آئی نے ریاست سے ٹکراؤ کی پالیسی جاری رکھی تو ان کا نقصان ہوگا۔

بقیہ 28

بریف کیا گیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی کو وڈیوز اور ماڈلز کے ذریعے شنگھائی کے ترقی کے سفر اور ماسٹر پلان کے بارے آگاہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شنگھائی کے جدید سہولتوں سے آراستہ سٹیڈیم کا ماڈل بھی دیکھا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے شنگھائی اربن پلاننگ کے تحت تمام معلومات کو جدید طرز پر یکجا کرنے کے نظام میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کی تعریف کی۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے شنگھائی اربن پلاننگ کے تحت شہر کے نظام کو مربوط اور فول پروف بنانے کے اقدام کو سراہا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شنگھائی شہر تیز ترین ترقی میں اپنی مثال آپ ہے۔شنگھائی کی ترقی ہر شہر کے لیے قابل تقلید ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو بھی شنگھائی کی طرز پر ڈویلپ کرنا چاہتے ہیں۔شنگھائی کی تیز رفتار ترقی سے استفادہ کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں گے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیٹرز بک میں تاثرات بھی درج کئے۔وفاقی سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور آئی جی اسلام آباد پولیس علی ناصر رضوی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 29

بہتر انتظام میں مدد مل سکتی ہے۔گوادر پرو کے مطابق یہ تحقیق Atmospheric Research جریدے میں شائع ہوئی ہے، جس میں سی پیک کے راستے، کاشغر سے گوادر تک، موسمیاتی خشک سالی کے زرعی خشک سالی میں منتقلی کے تعلقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مطالعے میں یہ جانچا گیا ہے کہ کس طرح موسمیاتی خشک سالی سی پیک راہداری کے ساتھ ساتھ مٹی میں نمی کی کمی اور زرعی خشک سالی میں تبدیل ہوتی ہے۔ مصنفین کے مطابق یہ راہداری چین کے سنکیانگ کے شہر کاشغر سے شروع ہو کر پاکستان کے جنوب مغرب میں واقع بندرگاہ گوادر تک پھیلی ہوئی ہے۔ محققین کے مطابق خشک سالی ماحولیاتی نظام اور معاشرے کے لیے بڑے خطرات پیدا کرتی ہے اور یہ سمجھنا کہ موسمیاتی خشک سالی کس طرح زرعی خشک سالی میں بدلتی ہے، مؤثر تدارک کی حکمتِ عملیوں کی تیاری کے لیے نہایت اہم ہے۔اس تحقیق میں 1981 سے 2022 تک کے اعداد و شمار استعمال کیے گئے اور خشک سالی کے پھیلاؤ کی حرکیات کے تجزیے کیلئے Enhanced Convergent Cross Mapping (ECCM) کے ساتھ ساتھ نیورل نیٹ ورک ماڈلز بشمول ANN، DNN اور FFNN کو قابلِ وضاحت مصنوعی ذہانت (XAI) کی مدد سے استعمال کیا گیا۔موسمیاتی اور زرعی خشک سالی کے درمیان مضبوط مضبوط تعلق موجود ہے، تاہم مختلف علاقوں میں اس کے پھیلنے کے وقت میں فرق پایا گیا۔(ECCM) کی بنیاد پر تحقیق میں بتایا گیا کہ یہ دورانیہ شمالی اور جنوبی سنکیانگ اور مشرقی پاکستان میں 3 سے 4 ماہ، جبکہ مشرقی سنکیانگ اور مغربی پاکستان میں 1 سے 2 ماہ رہا۔تحقیق میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت اور مٹی میں نمی کو خشک سالی کی منتقلی کے اہم عوامل قرار دیا گیا ہے۔اس تحقیق کی مالی معاونت چین کی نیشنل نیچرل سائنس فاؤنڈیشن، شینزن کی نیچرل سائنس فاؤنڈیشن، اور ہائی اینڈ فارن ایکسپرٹس انٹروڈکشن پراجیکٹس نے کی۔

بقیہ 30

محلوں کا رخ کیا ہے،فوڈ سیفٹی ٹیموں نے تنگ گلیوں، رہائشی علاقوں میں چھپ کر جعلی دودھ تیار کرنے کے تمام حربے ناکام بنادیئے، خصوصی ویجی لینس ٹاسک فورس تمام چھپے ٹھکانوں کی ریکی کر کے کامیاب آپریشنز کیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیمیں رات گئے جان کی پرواہ کیے بغیر سخت مشکل آپریشنز کر رہی ہیں،رات کی تاریکی میں عوامی صحت پر حملے کے مذموم عزائم کو مسلسل ناکام بنایا جا رہا ہے، چھوٹی گلیوں، مصروف رہائشی علاقوں صرافہ بازار، کباڑ اور مختلف مارکیٹس میں چھپے جعلساز عناصر کی سرکوبی جاری ہے،انہوں نے کہا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بروقت کارروائیوں نے انسانی صحت سے کھیلنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا،وزیر اعلی کی ہدایات کے مطابق فوڈ بزنسز قوانین پر عمل پیرا ہوں ورنہ کاروبار کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی،انہوں نے کہا کہ دودھ فراڈ مافیا کے خلاف آپریشنز میں تمام فوڈ سیفٹی افسران نے آہنی دیوار کا کردار ادا کیا، پنجاب فوڈ اتھارٹی ہر محاذ پر ملاوٹ مافیا کے خلاف دن رات آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 31

ہموار ہو گئی ہے۔حکومتی ذرائع کے حوالے سے نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق کیپٹو پاور لیوی سے حاصل ہونے والی رقم کو ماہانہ بنیادوں پر بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے لیے استعمال کیا جائیگا، حکومت کو توقع ہے کہ جیسے جیسے کیپٹو پاور لیوی کی شرح میں اضافہ ہوگا، اسی تناسب سے بجلی کے نرخوں میں زیادہ ریلیف دینا ممکن ہو سکے گا۔واضح رہے کہ وفاقی کابینہ کی جانب سے کیپٹو پاور لیوی سے حاصل ہونے والا فائدہ بجلی صارفین تک منتقل کرنے کی منظوری پہلے ہی دی جا چکی ہے۔ذرائع نے اس حوالے سے بتایا کہ ماہانہ جمع ہونے والی لیوی کا فائدہ براہ راست ہر ماہ دینے کے بجائے 2 ماہ کے وقفے سے بجلی کے نرخوں میں ایڈجسٹ کیا جائیگا اس مقصد کے لیے وفاقی حکومت نے کیپٹو پاور پلانٹس پر مرحلہ وار 20 فیصد تک لیوی عائد کرنے کا قانون نافذ کر دیا ہے جس کا اطلاق مختلف مراحل میں کیا جائے گا۔منصوبے کی تفصیلات کے مطابق کیپٹو پاور پلانٹس پر فوری طور پر 5 فیصد لیوی نافذ کر دی گئی ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں یہ شرح 10 فیصد تک بڑھائی جائے گی۔بتایا گیا کہ فروری 2026 میں لیوی 15 فیصد اور اگست 2026 میں کیپٹو پاور پلانٹس پر لیوی کی شرح 20 فیصد تک پہنچ جائیگی جس سے حاصل ہونے والی رقم پاور سیکٹر کے تمام کیٹیگریز کے بجلی صارفین کے ٹیرف میں کمی کے لیے استعمال کی جائے گی۔حکومتی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ک لیوی کی عدم ادائیگی کی صورت میں کیپٹو پاور پلانٹس کے خلاف کارروائی کی جائے گی جب کہ مستقل ڈیفالٹ کی صورت میں متعلقہ کیپٹو پاور پلانٹ کو گیس کی فراہمی منقطع کر دی جائے گی۔ ہر کیپٹو پاور پلانٹ گیس یا ایل این جی کے استعمال پر وفاقی حکومت کو لیوی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

بقیہ 32

امام مسجد صاحبان کی رجسٹریشن مکمل کر لی گئی ہے۔

بقیہ 33

قیام وزیر اعلیٰ پنجاب کا ٹارگٹ ہے اور لاہور پولیس اس ٹارگٹ کے حصول کیلئے دن رات کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کو ہر سطح پر کرپشن سے پاک بنانے کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کیا جا رہا ہے اور کرپشن کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے واضح کیا کہ اگر کوئی پولیس افسر یا اہلکار کرپشن میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تھانوں کو حقیقی معنوں میں مظلوموں کی دادرسی کا مرکز بنایا جائے گا۔سی سی پی او لاہور نے ہدایت کی کہ تھانوں میں تعینات عملہ سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئے اور ان کے مسائل کا فوری حل یقینی بنائے۔انہوں نے کہا کہ دادرسی کیلئے آنے والوں کی شنوائی نہ کرنے والے پولیس ملازمین کی محکمے میں کوئی جگہ نہیں۔ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور، ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان رضا، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (آپریشنز) توقیر محمد نعیم، اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ اوز اور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 34

اور مسافروں سے سہولیات سے متعلق بھی دریافت کیا۔لاہور ریلوے اسٹیشن سے نارووال مسافر ٹرین بروقت صبح 7 بجکر 15 منٹ پر روانہ ہوئی جو بادامی باغ، شاہدرہ باغ، کالا خطائی، نارنگ، میتھہ سوجا، بدوملی، رعیہ خاص، پیجو والی اسٹاپ کرتی ہوئی صبح 10 بجکر 5 منٹ پر نارووال پہنچی ۔اسی طرح مذکورہ ٹرین نارووال سے شام 5 بجے روانہ ہو کر پیجو والی، رعیہ خاص، بدوملی، میتھہ سوجا، نارنگ، کالا خطائی، شاہدرہ باغ اور بادامی باغ اسٹاپ کرتی ہوئی رات 7 بجکر 40 منٹ پر لاہور پہنچے گی۔مسافروں کی سہولت کے پیش نظر لاہور سے نارووال ٹرین کا دورانیہ 2 گھنٹے 40 منٹ رکھا گیا ہے۔نارووال پسنجر میں 10 خوبصورت مسافر کوچز لگائی گئی ہیں۔

بقیہ 35

گھر سے بلا کر مشن کالونی میں لے جا کر فائر مار کر قتل کیا اور فرار ہو گئے ۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی جس نے شواہد اکٹھے کر کے لاش پوسٹمارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کر دی ۔ پولیس نے نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ پولیس کے مطابق قتل کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی تاہم مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

ہسپتال میں زیر علاج ہے، اس کی ریڑھ کی ہڈی اور پھیپھڑوں پر گہرے زخم آئے ہیں جس کی وجہ سے طالبہ کا بیان ریکارڈ نہیں کیا جا سکا۔پولیس کے مطابق طالبہ فاطمہ کے تمام ضروری ٹیسٹ دوبارہ کئے گئے ہیں اور اہل خانہ سے بھی مختلف پہلوؤں پر معلومات حاصل کی گئی ہیں۔واقعے کی مکمل تفصیل جاننے کیلئے یونیورسٹی اور اطراف میں نصب تمام سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیجز بھی تحویل میں لے لی گئی ہے جن کی مدد سے حالات و واقعات کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 37

اور مارکیٹنگ کے شعبے کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس کو نجکاری کمیشن میں جاری اصلاحات پر بریفنگ دی گئی، شرکا کو بتایا گیا کہ نجکاری کمیشن میں مارکیٹ سے فنانس، ہیومن ریسورس، قانون، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور میڈیا مینجمنٹ کے حوالے سے ایڈوائزرز بھرتی کئے جائیں گے۔شرکا کو بریفنگ دی گئی کہ نجکاری کمیشن میں مارکیٹ سے سٹریٹجی، پالیسی، ٹرانزیکشن اور پاور کے شعبوں کے کنسلٹنٹس تعینات ہوں گے، سٹریٹجک نظم و ضبط، مضبوط گورننس ، ادارہ جاتی استعداد کی بہتری اور سٹیک ہولڈرز کے ساتھ شفاف روابط نجکاری کمیشن کی جاری اصلاحات کی بنیاد ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کو ابتدائی طور پر دو بیچز میں رکھا گیا ہے، پہلے بیچ میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی، گوجرانوالا الیکٹرک پاور کمپنی اور فیصل آباد الیکٹرک پاور کمپنی کی نجکاری ہو گی۔

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز بارش میں بھی گلیوں، نالیوں کی صفائی کر رہے ہیں

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 6 جنوری 2026 کو صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک ، راولپنڈی سٹی سرکل کے، 6th روڈ، فیض آباد، مزمل ٹاؤن، کھنہ روڈ، مسلم ٹاؤن، گنگال، اے بلاک، جھما سما آباد، کمیٹی چوک، گلشن آباد، صرافہ بازار، گوالمنڈی، عالم آباد، ڈھوک نجو، ابوبکر، زیشان کالونی، علامہ اقبال، ڈھوک چودھریاں، ریڈیو پاکستان-I، اٹس کالونی، نون، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل کے، مال روڈ، جہانگیر روڈ، رحمت آباد-I، پی ڈبلیو ڈی-II، محبوب شہید، گلستان کالونی، اے او ڈبلیو ایچ ایس، ڈھیری حسن آباد، ڈھوک نور، گلستانِ فاطمہ، شاہ جیون، جھوارہ، راجڑ، سہالہ کالج، لہتر ار-II، سپ ابراڑ، نیو چوا، ساگری، غزن خان، نرہ مٹور، مندرہ، ایل ٹی سی، حمید جنگی، مندرہ-II، پنڈ جھلہ، کرمب کسوال، نشانِ حیدر، مہوٹہ فیڈرز، اٹک سرکل کے، مشتاق حسین، نواز شہید، دھریک، شاہ اللہ دتہ، ڈبل سرکٹ، سرائے خربوزہ ڈبل سرکٹ، اسمال انڈسٹریل اسٹیٹ، پی ایم سی، شاہیہ، راشد منہاس، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، اسلام پورہ، احمد نگر، حمید، کامرہ رورل، اے کے سینٹر، منصور، پیپلز کالونی، ڈھوک فتح، برزئی، شادی خان ڈی/سی، سرکہ ڈی/سی، دلاور آباد، کھرپا، میاں والا، بہتر، پنڈ سلطانی، نرہ، محفوظ شہید، گگن، مائرہ شریف، مقصود شہید، ڈھوک فتح، بہتر فیڈرز، چکوال سرکل کے، کرسال، اڈہ بازار، لائن پارک، منگن، کلر کہار، اسلامیہ چوک، کے ایس ایم-I، کے ایس ایم-II، مین بازار، سرپاک، جند اعوان، دھدیال سٹی، دھوڑا، پنوال، سی ایس شاہ، ڈھریالہ جلیپ، توبہ، کے ایس مائنز، عبداللہ پور، دھرنل، سکہ، داروٹ، میال، ونہار، عبداللہ پور، پنن وال فیڈرز، جہلم سرکل کے، عباس پورہ، سیلہ، شکر یلا، فتح پور، کھوہر، ایف-8 سول لائن، پکھوال، دینہ-3 (روہتاس)، دینہ-1 (بکرالا)، نیو ڈومیلی، سوہان، نیو سنگھوئی، کھوکھر اں، وارڈ نمبر 8، نئی خانقاہ، مل اعوان، حمکرہ، اسلام پورہ فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:03 بجے تک، خیابانِ اقبال، پنجاب ہاؤس، موہڑہ نور/بنی گالہ، پیر سوہاوہ، سید پور، پارک ویو سٹی-1، اونہ ٹاؤن-II، اونہ ٹاؤن-I، کشھارا ایکسپریس، شیخ-I، دھدیال سٹی-II ٹی ایچ کیو فیڈرز، صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک، حاجی شاہ، گوندل، منسر، کامرہ رورل، اے کے سینٹر، حمید فیڈرز، صبح 00:11 بجے سے دوپہر 00:03 بجے تک، شادی خان، دلاور آباد، سرکہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ

مستحق خواتین سے گفتگو، انکے مسائل سنے، خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے جلد از جلد سم حاصل کی ہدایت

چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ

بی آئی ایس پی پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ پروگرام؛ تاریخ میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ؛ مستحق خواتین سے گفتگو، انکے مسائل سنے، خواتین کو سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے جلد از جلد سم حاصل کی ہدایت ""بی آئی ایس پی پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ پروگرام؛ تاریخ میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں؛ اس اقدام سے فراڈ اور کرپشن کا خاتمہ ہوگا؛ ادائیگیوں کے نظام میں شفافیت کو یقینی بنایا جائیگا؛ سوشل پروٹیکشن والٹ کیلئے سم بالکل مفت فراہم کی جارہی ہیں؛ بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت مستحق گھرانوں کے افراد کو معاشی طور پر خودمختار بنایا جائیگا؛ خواتین بی بی شہید کی طرح دلیر بن کا کرپٹ عناصر کی نشاندہی کریں، سخت کارروائی کی جائیگی؛ دنیا بی آئی ایس پی کے تجربات سے سیکھ رہی ہے؛ ہر تین سال بعد دوبارہ سروے ہوگا تاکہ پروگرام میں مزید مستحقین کو شامل کیا جاسکے: سینیٹر روبینہ خالد کی میڈیا سے گفتگو۔ چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج کراچی میں تحصیل آفس آرام باغ، ڈسٹرکٹ ساؤتھ اور ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد اور بی آئی ایس پی کے افسران نے ان کا استقبال کیا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے ڈائنامک رجسٹری سینٹر میں موجود خواتین سے براہِ راست گفتگو کی، ان کے مسائل سنے اور سوالات کے تسلی بخش جوابات دیے۔ انہوں نے خواتین کو ہدایت کی کہ وہ جلد از جلد سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے فراہم کی جانے والی سم حاصل کریں تاکہ ادائیگیوں میں شفافیت اور سہولت کو یقینی بنایا جا سکے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئر پرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پاکستان کا سب سے بڑا سماجی تحفظ کا پروگرام ہے اور پیپلز پارٹی کی قیادت چاہتی ہے کہ خواتین کو ادائیگیاں مکمل شفافیت کے ساتھ کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فراڈ اور کرپشن کے خاتمے کے لیے سوشل پروٹیکشن والٹ متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت دنیا میں پہلی بار ایک کروڑ خواتین کے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بتایا کہ لوگوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بینظیر ہنرمند پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت خواتین اور ان کے بچوں کو جدید اسکلز کے کورسز کروائے جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سوشل پروٹیکشن والٹ کے لیے سم بالکل مفت فراہم کی جارہی ہے اور بی آئی ایس پی کی تمام سہولیات مکمل طور پر مفت ہیں۔

وزیر قانون کا ڈی پی او قصور سے چرچ واقعہ پر ٹیلیفونک رابطہ

ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی' رانا محمد اقبال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے ڈی پی او قصور سے چرچ واقعہ پر ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ وزیر قانون رانا اقبال نے کہا کہ چرچ کی بے حرمتی کے واقعہ میں ملوث ملزم کی گرفتاری قابلِ تحسین ہے، ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی عبادتگاہیں مکمل طور پر محفوظ ہیں، حکومت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، کسی بھی شرپسند کو مذہبی ہم آہنگی خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، ماضی میں ایسے (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا، قتل اور اقدام قتل کا فیصلہ سنا دیا گیا، ملزم کو قتل کے جرم میں عمر قید

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں عدالت نے قتل اور اقدام قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو قتل کے جرم میں عمر قید، اقدام قتل کے جرم میں سات سال قید بامشقت ایک لاکھ روپے جرمانہ اور ضرر کے جرم میں 12 سال قید بامشقت اور مزید لاکھوں روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کے 38 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ بین الاقوامی غنڈے کے روپ میں سامنے آرہا ہے، حافظ نعیم الرحمان

وینزویلا کے صدر کے اغوا اور ان پر غیر قانونی مقدمے کے بعد دنیا میں ایک بار پھر نوآبادیاتی نظام کو عملی طور پر مسلط کیا جارہا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ وینزویلا میں امریکی کارروائی کر کے صدر مادورو کے اغوا اور ان پر بنائے جانے والے مقدمات پر عالمی طاقتوں کے بے بسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کی بڑی اقوام کو نام لے کر دھمکیاں دے رہا ہے اور وہ ایک بین الاقوامی غنڈے کے روپ میں سامنے آرہا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں (بقیہ نمبر 19)

دھند کے سبب متعدد مقامات پر موٹرویز بند کر دیا گیا

ایم 3 سمندری تا رجانہ' ایم 4 فیصل آباد تا ملتان ٹریفک' ایم 5 ملتان سے ظاہر پیر تک بڑی گاڑیوں کے لیے بند

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے مختلف شہروں میں دھند کی وجہ سے متعدد مقامات پر موٹرویز کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم 3 سمندری سے رجانہ تک جبکہ موٹروے ایم 4 فیصل آباد سے ملتان تک ٹریفک کے لئے بند کر دی گئی۔ اسی طرح موٹروے ایم 5 کو ملتان سے ظاہر پیر تک بڑی گاڑیوں کے لیے بند کیا گیا۔

ڈی پی او قصور کا ایکشن، پولیس افسران نے 3 شراب فروشوں کو گرفتار کر لیا

پتوکی (این این آئی) ڈی پی او قصور عیسی خاں کا ایکشن پولیس افسران نے 3 شراب فروشوں کو گرفتار کر لیا 71 لیٹر دیسی شراب برآمد مقدمات درج۔ ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں نے سال 2026 میں کرائم کو کنٹرول کرنے کیلئے پولیس کو سخت ہدایات جاری کیں تھانہ سٹی پتوکی میں (بقیہ نمبر 20)

ایف بی آر نے 16 گریڈ کے افسر کی 14 ویں گریڈ میں تنزلی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 16 گریڈ کے افسر کی 14 ویں گریڈ میں تنزلی کر دی، افسر پر سگریٹ کے کاٹن نکلوانے اور سی سی ٹی وی ویڈیو غائب کرنے کا الزام تھا۔ ایف بی آر کی انکوائری رپورٹ میں افسر پر غفلت اور نا اہلی کے الزامات ثابت ہوئے، جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج تک رسائی (بقیہ نمبر 24)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں پنجاب یونیورسٹی میں زلمی مدرسہ لیگ پنجاب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

لیویز فورس کو بلوچستان پولیس میں قانونی طور پر ضم کر دیا گیا، اے اور بی ایریا کیٹیگری کی تقسیم بھی ختم

کوئٹہ (این این آئی) لیویز فورس کو بلوچستان پولیس میں باقاعدہ قانونی طور پر ضم کر دیا گیا ہے، اے اور بی ایریا کیٹیگری کی تقسیم بھی ختم کر دی گئی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ الحمدللہ، بلوچستان میں یکساں قانون کے نفاذ سے (بقیہ نمبر 25)

گلگت بلتستان کے نگراں وزراء اور مشیروں نے عہدوں کا حلف اٹھالیا

14 رکنی نگراں کابینہ 12 وزراء اور خاتون سمیت 2 مشیروں پر مشتمل ہے، ارکان نے چارج سنبھال لئے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے نگراں وزراء اور مشیروں نے عہدوں کا حلف اٹھالیا۔ اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی نذیر احمد ایڈووکیٹ نے ارکان سے حلف لیا۔ نگراں وزیر اعلیٰ جی بی جسٹس (ر) یار محمد بھی تقریب میں موجود تھے۔ تقریب میں نگراں وزیر اعلیٰ جسٹس (ر) یار محمد چیف سیکرٹری گلگت بلتستان ائی جی گلگت بلتستان سمیت اعلیٰ سرکاری حکام، معزز شخصیات اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ حلف برداری کے بعد نگراں کابینہ ارکان نے عہدے کا چارج سنبھال لیے (بقیہ نمبر 26)

بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو عدالتی فیصلوں کی پاسداری کرنا ہی ہوگی، رانا ثناء اللہ

ہائیکورٹ نے بانی سے ملاقات کا طریقہ طے کیا، ملاقات ہوئی تو بانی اور اہلیہ ایک ساتھ تھے، حکومت کی نیت پر شک نہ ہونا چاہئے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو عدالتی فیصلوں کی پاسداری کرنا ہی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ہائی کورٹ نے بانی سے ملاقات کا طریقہ کار طے کیا ہوا ہے، اس بار ملاقات ہوئی تو بانی اور ان کی اہلیہ ایک ساتھ ہی تھے، حکومت کی نیت پر کسی قسم کا شک نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم نے فلور آف دی ہاؤس مذاکرات کی (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، مزدور سید پور روڈ پر تاروں کو زیر زمین موڑنے کے لیے، بچھائے جانے والے پائپ کی تیاری میں مصروف ہیں۔

مری، ہلکی برفباری کے پیش نظر 1122 کا ہائی الرٹ ایمرجنسی پلان نافذ

تمام اہم اور سیاحتی مقامات پر خصوصی ریسکیو سکواڈز تعینات کر دیے گئے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مری میں متوقع اور جاری ہلکی برفباری کے پیش نظر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نے ہائی الرٹ ایمرجنسی پلان جاری کر دیا ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر (ڈی ای او) انجینئر کامران رشید کی ہدایات پر ضلع بھر میں تمام ریسکیو انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق مری کے تمام ریسکیو اسٹیشنز، ایمبولینسز، موٹر بائیکس، فائر اور ریکوری وہیکلز کو فیلڈ میں الرٹ کر دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس یقینی بنایا جاسکے۔ سیاحوں کی ممکنہ آمد کے پیش نظر تمام اہم اور سیاحتی مقامات پر خصوصی ریسکیو سکواڈز تعینات کر دیے گئے ہیں جو برفباری، پھسلن اور ٹریفک کی ممکنہ بندش کی صورت میں بروقت امداد فراہم کریں گے۔ ڈی ای او انجینئر کامران رشید کی براہ راست نگرانی میں ریسکیو عملہ مکمل الرٹ ہے جبکہ اضافی اسٹاف بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو 1122 کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال رکھا گیا ہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی کال پر فوری کارروائی کی جاسکے۔

جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں مریم نواز ہیلتھ کلینک میں ڈاکٹرز کی آسامیاں خالی، مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا

مکینوں نے مشیر صحت پنجاب جنرل ر اظہر محمود کیانی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں مریم نواز ہیلتھ کلینک میں ڈاکٹرز کی آسامیاں خالی، مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا، مریضوں کو علاج معالجے کیلیے دور، دراز شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے مکینوں نے مشیر صحت پنجاب جنرل ر اظہر محمود کیانی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق جہلم کی تحصیل پنڈ دادنخان کے تاریخی قصبہ یونین کونسل جلالپور شریف میں قائم مریم نواز ہیلتھ کلینک، ڈاکٹرز کی کمی کی وجہ سے مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کو علاج معالجے کے لیے منڈی بہاوالدین، جہلم، سرگودھا، راولپنڈی کے اسپتالوں میں جانے پر مجبور ہیں، مریم نواز ہیلتھ کلینک جلالپور شریف میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف، مشیر صحت پنجاب میجر جنرل ریٹائرڈ اظہر محمود کیانی سے مطالبہ کیا ہے کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک جلالپور شریف میں ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کیا جائے تاکہ علاقے بھر کے عوام صحت کی بنیادی سہولیات سے مستفید ہوسکیں،

جہلم موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی اندرون شہر کی مچھلی منڈیوں میں فروخت میں اضافہ دیکھنے میں آیا

خریداروں نے شکایت کی ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں مچھلی کی قیمتیں دگنی کردی گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم سرد ہونے کے ساتھ ہی اندرون شہر کی مچھلی منڈیوں میں فروخت میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے باعث منڈیوں میں مچھلی کے خریداروں کا رش بڑھ گیا ہے خریداروں نے شکایت کی ہے کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں مچھلی کی قیمتیں دگنی کردی گئی ہیں، جس کی وجہ سے غریب، سفید پوش مزدور دیہاڑی دار طبقے کیلئے مچھلی کھانا عام شہریوں کے لیے مشکل ہو گیا ہے اور مہنگائی نے غریب کی قوت خرید مزید کم کر دی ہے۔ دوسری جانب مچھلی فروشوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ برس سیلاب آنے کیوجہ سے فش فارمنگ کا نقصان پہنچا اور پیداواری لاگت میں اضافہ ہونے کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ناگزیر تھا۔ مارکیٹ میں رہو مچھلی 450 روپے فی کلو، سول مچھلی 2 ہزار روپے فی کلو، سنگھاڑہ مچھلی 1 ہزار چار سو روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ شہریوں نے حکومتی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ منہ زور مہنگائی پر کنٹرول کیا جائے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو گران فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کرنے کا پابند کیا جائے تاکہ لوگوں کو سرکاری نرخوں کے مطابق اشیاء ضروریہ دستیاب ہوں،

پی ٹی آئی کا صوبائی حلقہ پی پی 167 میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان

پی پی 167 میں ہونے والا ضمنی انتخاب بھی بائیکاٹ پالیسی کے تحت آتا ہے' سیکرٹری اطلاعات وقاص اکرم

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے لاہور کے صوبائی حلقہ پی پی 167 میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات وقاص اکرم کے مطابق صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 167 میں ہونے والا ضمنی انتخاب بھی بائیکاٹ پالیسی کے تحت آتا ہے اسی لیے اس کا بائیکاٹ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی پی پی 167 ضمنی انتخاب میں حصہ نہیں لے رہی اور نہ ہی کسی امیدوار کی حمایت کر رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 17)

پاکستان کا وینزویلا میں امریکی کارروائی پر گہری تشویش کا اظہار

ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں، عثمان مندوب

نیو یارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں وینزویلا میں امریکی کارروائی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور بے قابو نتائج کا سبب بن سکتے ہیں۔ قائم مقام مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں کہا کہ یکطرفہ فوجی کارروائی اقوام متحدہ کے چارٹر اور ریاستی خودمختاری استثنیٰ کے نظریے کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات آنے والے برسوں تک غیر متوقع اور (بقیہ نمبر 18)

کراچی: وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری 1100 ٹی ای یو کنٹینر شپ کی اسٹیل کٹنگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملتان ایئرپورٹ پر بھول جانے والا بیگ بحفاظت واپس ملنے پر غیر ملکی خاتون کا اظہار تشکر

اے ایس ایف نے سی سی ٹی وی کے ذریعے خاتون مسافر کی شناخت کی اور بیگ پہنچا دیا

ملتان (نمائندہ خصوصی) ملتان ایئرپورٹ پر غیر ملکی خاتون کا قیمتی سامان گم ہونے کا واقعہ پیش آیا جس میں پاسپورٹ، گرین کارڈ اور ملکی و غیر ملکی کرنسی شامل تھی۔ غیر ملکی خاتون قطر ایئرلائن کے ذریعے ملتان ایئرپورٹ پہنچی تھیں اور ایئرپورٹ پر قیمتی سامان سے بھرا ہینڈ بیگ بھول گئیں۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے خاتون مسافر کی شناخت کی اور ان سے رابطہ قائم کیا۔ بعد ازاں گمشدہ سامان (بقیہ نمبر 21)

پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر کی صحافی سندھی الطاف سومرو سے گفتگو

مورو کے سینیئر صحافی اور ہمارے بیورو چیف صحافی سندھی الطاف سومرو سے گفتگو کی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر کی صحافی سندھی الطاف سومرو سے گفتگو۔ پاکستان تحریک انصاف صوبہ سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر نے 10 جنوری 2026ع کو خیبر پختونخواہ KPK کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی سندھ آمد کے حوالے سے مورو کے سینیئر صحافی اور ہمارے بیورو چیف صحافی سندھی الطاف سومرو سے گفتگو کی

اسلام آباد: وزیر مملکت سید مصطفیٰ کمال نے بی ایچ یو گوکینہ میں ٹیلی میڈیسن سنٹر کا افتتاح کیا۔

تحصیل مورو کے شہر قمر الدین چانڈیو کے قریب گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول سمی جوتڑ کے طلباء و طالبات نے ٹیچر نہ ہونے پر احتجاج کیا

کوئی بھی ٹیچر فراہم نہیں کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے ہم تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) تحصیل مورو کے شہر قمر الدین چانڈیو کے قریب گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول سمی جوتڑ کے طلباء و طالبات نے ٹیچر نہ ہونے پر احتجاج کیا۔ تحصیل مورو کی یونین کونسل خیرواہ کے پرائمری سکول سمی جوتڑ کے طلباء و طالبات مہیدہ، واجدہ، فوزیہ، ریحان، رابعہ، سونیا، منیر، صدام، سجاد، قاسم، عاشق، فیضان، رضوان اور دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گاؤں سمی جوتڑ میں ہمارے بوائز پرائمری سکول کو بغیر کسی جواز کے بند کر دیا گیا ہے۔ کوئی بھی ٹیچر فراہم نہیں کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے ہم تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں، ہم معصوم بچے سکول کی مسلسل بندش کی وجہ سے تعلیم حاصل کرنے کی بجائے مویشی پالنے پر مجبور ہیں۔ معصوم طلباء و طالبات نے احتجاج کرتے ہوئے وزیر قانون سندھ و وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار، پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے ذوالفقار علی بہن، صوبائی وزیر تعلیم سید سردار شاہ، ڈائریکٹر ایجوکیشن شہید بینظیر آباد ڈویژن، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع نوشہرو فیروز، تعلقہ ایجوکیشن آفیسر تحصیل مورو اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ ہمارے سکول میں اساتذہ کی تعیناتی اور تعلیمی خدمات بحال کی جائیں۔

بروز منگل 6 جنوری 2026 کو چیئرمین تحصیل ٹل مفتی عمران ٹل واپڈا دفتر میں نئے تعینات ایس ڈی او جناب جاوید صاحب کو اپنے چارج سنبھالنے پر مبارکباد

ٹل کے لئے خوشخبری جاوید صاحب ایک فرض شناس آفیسر ھے

ٹل) بیورو رپورٹ) بروز منگل 6 جنوری 2026 کو چیئرمین تحصیل ٹل مفتی عمران ٹل واپڈا دفتر میں نئے تعینات ایس ڈی او جناب جاوید صاحب کو اپنے چارج سنبھالنے پر مبارکباد کے لیے حاضر ہو کر تفصیلی ملاقات اور علاقائی مشکلات بیان کر دئے۔ ٹل کے لئے خوشخبری جاوید صاحب ایک فرض شناس آفیسر ھے۔ آتے ہی ٹل سٹی کے لئے لیٹر کر کے دو گھنٹے ریلیف مانگ لیا۔ اور اسکے بعد پھر دلن درسمند دوآبہ کا نمبر ھے۔ ان شاءاللہ چیئرمین تحصیل ٹل مفتی عمران نے مزید کام بہتر بنانے کے لئے اگلے ہفتے کھلی کچہری رکھنے کا مطالبہ کیا۔ تاکہ رمضان، کے لئے اور بہتری آسکے۔ دلن درسمند دوآبہ میں بھی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا

جامعہ دار الہدیٰ طورہ وڑی میں ختمِ بخاری شریف و سالانہ دستار بندی، 50 علماء، حفاظ اور قراء فارغ التحصیل

علماء کرام۔ اور قوم حوئیداد خیل کی مشران نے بھی اللہ کا شکر ادا کیا

ھنگو) طورہ وڑی۔) رپورٹ۔ محمد خالق اورکزئی۔۔ بیوروچیف) جامعہ دار الہدی طورہ وڑی میں ختم بخاری شریف کی سالانہ دستار بندی ے ہر سال کی طرح اس سال بھی ٹوٹل۔ 5 0۔ علماء۔ حافظ۔ اور۔ قاری۔۔ اس مداسہ جامعہ دار الہدی سے فروغ ھو※ اس موقع پر علماء کرام۔ اور قوم حوئیداد خیل کی مشران نے بھی اللہ کا شکر ادا کیا اور علماء کرام کا بھی اس مدارسہ کیلے۔ بہت سے لوگ چندہ جمعہ کر رہا ہے۔ لیکن۔ اسکلے۔ مفتی۔ سعید جنان۔۔ مفتی چترالی۔ مفتی مزامل۔ اور۔ مولانا۔ حاجی عبدل وادود۔ کا اھم کردار ھے

صدہ لوئر کرم: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے ڈی سی آفس صدہ میں علیشیر زئی قبیلے کے مشران اور سنٹرل کرم کے متاثرین سے ملاقات کی

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شینواری، اسسٹنٹ کمشنر سنٹرل کرم صاحبزادہ عقیل جاوید اور پی ڈی ایم اے کوآرڈینیٹر شیراز باچا بھی موجود تھے۔

کرم) بیورو رپورٹ) صدہ لوئر کرم: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے ڈی سی آفس صدہ میں علیشیر زئی قبیلے کے مشران اور سنٹرل کرم کے متاثرین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شینواری، اسسٹنٹ کمشنر سنٹرل کرم صاحبزادہ عقیل جاوید اور پی ڈی ایم اے کوآرڈینیٹر شیراز باچا بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مشران اور متاثرین سنٹرل کرم نے ڈپٹی کمشنر کو مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کرم نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز اور پی ڈی ایم اے کو فوری اقدامات کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے موثر کارروائی کی جائے اور پیشرفت سے دفتر کو بروقت آگاہ کیا جائے۔ علاوہ ازیں، ڈی سی کرم نے سنٹرل کرم کے نوجوانوں سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل توجہ سے سنے اور انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی)

ایم این اے آصف خان (NA-32) کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کے اعلی سطحی وفد کی پشاور پولیس لائن آمد

وفد میں پشاور کے ایم این ایز و ایم پی ایز، سابق صوبائی وزراء اور تنظیمی عہدیداران شامل تھے

پشاور) بیورو چیف) ایم این اے آصف خان (NA-32) کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کے اعلی سطحی وفد کی پشاور پولیس لائن آمد وفد میں پشاور کے ایم این ایز و ایم پی ایز، سابق صوبائی وزراء اور تنظیمی عہدیداران شامل تھے پولیس کی جانب سے سی سی پی او، ایس ایس پی آپریشن، پشاور ڈویژن کے ایس پیز اور کوارڈینیٹرز موجود تھے پولیس لائن کے چاک و چوبند دستے نے اعلی سطحی وفد کا شاندار استقبال کیا، شہداء پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ پولیس کے اعلی افسران اور عوامی نمائندوں کے درمیان امن و امان، آپریشن، منشیات، قبضہ مافیا اور دیگر جرائم کے بارے میں بیٹھک ہوئی سی سی پی او میاں سعید خان نے اعلی سطحی وفد کو پشاور میں جاری آپریشن پر بریفنگ دی اور کئے جانے والے کاروائیوں کے بارے میں تفصیلات پیش کی اعلی سطحی وفد نے پشاور کے امن و امان، منشیات، گن کلچر، قبضہ مافیا اور دیگر جرائم کے بارے سی سی پی او، ایس ایس پی آپریشن سے سوالات کئے ایم این اے آصف خان نے حلقہ این اے 32 میں جاری موبائل سنیکنگ، منشیات سپلائی اور دیگر جرائم کے روک تھام کے حوالے سے تجاویز پیش کی ایم این اے آصف خان نے حلقہ این اے 32 میں نوجوان نسل کو آئس، چرس اور دیگر منشیات سے بچانے کیلئے آپریشن شروع کرنے کی ہدایت کیا ایم این اے آصف خان اور پارٹی اعلی سطحی وفد نے پشاور میں 2 ماہ میں کئے جانے والے کامیاب آپریشن پر سی سی پی او اور پوری پولیس ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا)

عالمی کشیدگی اور داخلی سلامتی: برطانیہ کا سخت مؤقف

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلم حق

برطانیہ میں حالیہ مہینوں کے دوران حکومت کی جانب سے غیر ملکی مذہبی اور سماجی شخصیات کے خلاف کیے جانے والے اقدامات نے ایک وسیع قومی بحث کو جنم دیا ہے، جس کا مرکز آزادیِ اظہار، مذہبی سرگرمیوں اور قومی سلامتی کے درمیان نازک توازن بن چکا ہے۔ تازہ ترین معاملہ اسلامی مبلغ ڈاکٹر شدی المصری کے ملک میں داخلے پر پابندی سے جڑا ہوا ہے۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب اسرائیل اور فلسطین کے تنازع کے بعد عالمی سطح پر جذبات شدید ہیں اور یورپی ممالک میں اس تنازع سے جڑے بیانیوں پر غیر معمولی حساسیت پائی جاتی ہے۔ برطانیہ بھی ان حالات کے تناظر میں اپنی داخلی سلامتی پالیسیوں پر سختی سے عمل پیرا نظر آرہا ہے۔ ڈاکٹر شدی المصری امریکا کی ریاست نیو جرسی میں واقع نیو برنسوک اسلامک سینٹر میں ڈائریکٹر برائے تعلیم و کمیونٹی افیئرز کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ طویل عرصے سے مغربی ممالک میں اسلامی تعلیم، کمیونٹی رہنمائی اور نوجوانوں کی فکری تربیت کے شعبے سے وابستہ سمجھے جاتے ہیں۔ وہ صفینہ سوسائٹی کے بانی اور سربراہ بھی ہیں، جو مغربی دنیا میں روایتی اسلامی علوم کے فروغ کے لیے کام کرنے والی ایک معروف تنظیم ہے۔ اس تنظیم کے پلیٹ فارم سے لیکچرز، تعلیمی نشستوں اور فکری پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا رہا ہے۔ ڈاکٹر شدی المصری برطانیہ کے شہروں برمنگھم، بولٹن اور ایلفورڈ میں لیکچرز دینے والے تھے، جہاں مساجد اور کمیونٹی مراکز میں ان کے استقبال کی تیاریاں مکمل تھیں۔ ان تقریبات کا مقصد مذہبی اور سماجی موضوعات پر گفتگو بتایا گیا تھا۔ تاہم حکومتی مداخلت کے بعد ان تمام پروگراموں کو منسوخ کر دیا گیا، جس کے بعد نہ صرف منتظمین بلکہ مختلف کمیونٹی حلقوں میں بھی تشویش اور سوالات نے جنم لیا۔ برطانوی وزیر داخلہ شبانہ محمود نے اس فیصلے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ڈاکٹر شدی المصری کے سابقہ بیانات، سوشل میڈیا سرگرمیوں اور عوامی مؤقف کا بغور جائزہ لیا، جس کے بعد انہیں ملک میں داخلے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ حکام کے مطابق سات اکتوبر کو اسرائیل پر ہونے والے حملے کے بعد حماس کے حوالے سے دیے گئے بعض بیانات تشدد سے جڑے بیانیے کے قریب سمجھے گئے، جو برطانوی پالیسی اور سلامتی کے تقاضوں سے متصادم تھے۔ خاص طور پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ حکومتی تشویش کا باعث بنی، جس میں ڈاکٹر شدی المصری نے کہا تھا کہ اگر حماس کے بارے میں تعلیم دی جارہی ہے تو خونریزی کے اصل ماخذ پر بھی بات ہونی چاہیے اور یہ کہ تاریخ سات اکتوبر سے شروع نہیں ہوئی۔ اسی بیان میں انہوں نے ہاگاناہ اور ارگن جیسی ابتدائی صیہونی تنظیموں کا حوالہ دیا تھا۔ حکام کے مطابق اس قسم کے تاریخی تقابل موجودہ حالات میں جذبات کو بھڑکانے اور معاشرتی کشیدگی بڑھانے کا سبب بن سکتے ہیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ اگرچہ علمی اور تاریخی مباحث اپنی جگہ جائز ہیں، مگر ایسے حساس عالمی ماحول میں غیر محتاط بیانات عوامی نظم و نسق اور سماجی ہم آہنگی کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔ شبانہ محمود نے اس بات پر زور دیا کہ یہ فیصلہ کسی مذہب یا مسلم کمیونٹی کے خلاف نہیں بلکہ ایک فرد کے مخصوص بیانات کے تناظر میں کیا گیا ہے، جنہیں ممکنہ سلامتی خطرات سے جوڑا گیا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ ڈاکٹر شدی المصری کا معاملہ کوئی پہلا واقعہ نہیں۔ ایک ماہ قبل بھی وزیر داخلہ نے ایک پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر کا ویزا منسوخ کیا تھا، جب یہ بات سامنے آئی کہ اس نے انتہاپسندانہ تبصرے کیے تھے۔ یہ پاکستانی انفلوئنسر، توحہٰ ابن جلیل، پاکستان میں ایک مسلم یوتھ کلب کے انتظام میں شامل ہے اور انسٹاگرام پر اس کے تقریباً بیس لاکھ فالوورز ہیں، جس کے باعث اس کے بیانات کو وسیع اثر و رسوخ حاصل ہے۔ توحہٰ ابن جلیل نے برطانیہ میں مساجد، کمیونٹی سینٹرز، ایک یونیورسٹی اور ایک اسکول میں خطاب کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا، تاہم حکام نے ان کے ماضی کے بیانات کی بنیاد پر ان کا ویزا منسوخ کر دیا۔ حکام کے مطابق توحہٰ ابن جلیل نے ماضی میں تمام مسلمانوں سے فلسطین جا کر "جہاد" کرنے کی اپیل کی تھی اور اس بات پر شکایت بھی کی تھی کہ پاکستانی شہری ہونے کے باعث وہ اسرائیل میں داخل نہیں ہوسکتے تاکہ مقدس جنگ لڑسکیں۔ برطانوی حکومت کے نزدیک ایسے بیانات نہ صرف اشتعال انگیز تھے بلکہ براہِ راست تشدد کی ترغیب کے زمرے میں آتے تھے، جس کی بنیاد پر ان کے داخلے کو قومی سلامتی کے لیے ناقابلِ قبول قرار دیا گیا۔ ان فیصلوں کے بعد یہ واضح ہوگیا ہے کہ برطانوی حکومت سوشل میڈیا پر دیے گئے بیانات اور آن لائن سرگرمیوں کو بھی اتنی ہی سنجیدگی سے لیتی ہے جتنی کسی عوامی خطاب یا تحریر کو۔ اس تناظر میں گلوبل ریلیف ٹرسٹ نے وضاحت جاری کی کہ ماضی میں کیے گئے کسی بھی متنازع تبصرے کا تعلق فردِ واحد سے تھا اور ان کا ادارے یا فلاحی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں۔ تنظیم نے زور دیا کہ ڈاکٹر شدی المصری کی شرکت محض ایک انسانی ہمدردی پر مبنی تقریب کے لیے تھی۔ گلوبل ریلیف ٹرسٹ کے مطابق مذکورہ تقریب کا مقصد مذہبی مکالمہ اور کمزور طبقات کی مدد تھا، نہ کہ کسی سیاسی یا عسکری مؤقف کی ترویج، اور تنظیم ہر قسم کی انتہاپسندی سے خود کو الگ رکھتی ہے۔ تاہم حکومتی حلقوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی تقریب کی نوعیت سے قطع نظر، مقرر کے ماضی کے بیانات اور عوامی اثر و رسوخ کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، خاص طور پر ایسے حالات میں جب عالمی سطح پر کشیدگی عروج پر ہو۔ ماہرین کے مطابق حالیہ اقدامات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ برطانیہ اب مذہبی اور سماجی سرگرمیوں کے حوالے سے زیادہ محتاط اور سخت پالیسی اختیار کر رہا ہے، جہاں آزادیِ اظہار کو سلامتی کے تناظر میں پرکھا جا رہا ہے۔ یہ سلسلہ اس وسیع تر سوال کو جنم دیتا ہے کہ مستقبل میں مغربی معاشروں میں مذہبی مقررین، سوشل میڈیا شخصیات اور فکری رہنماؤں کے لیے اظہارِ رائے کی حدود کس حد تک محدود ہوسکتی ہیں۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ وہ آئندہ بھی ایسے تمام افراد کے خلاف کارروائی جاری رکھے گی جن کے بیانات یا سرگرمیاں اس کے نزدیک نفرت، تشدد یا سماجی عدم استحکام کو فروغ دینے کا سبب بن سکتی ہوں، چاہے وہ مذہبی، سیاسی یا سماجی پس منظر رکھتے ہوں۔ یہ فیصلے بلاشبہ متنازع ہیں، مگر انہوں نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ برطانیہ موجودہ عالمی حالات میں داخلی امن اور سماجی ہم آہنگی کو ہر صورت ترجیح دینے کے عزم پر قائم ہے۔

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلال صدیق کمیانہ کی زیرِ صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

کرپشن فری سوسائٹی کا قیام وزیر اعلیٰ کا ہدف ہے، پولیس اس کے حصول کیلئے دن رات کوشاں ہے' سی سی پی او

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیرِ صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں دونوں ڈویژنز کی مجموعی کارکردگی، پیشہ ورانہ امور اور انتظامی معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور نے کہا کہ کرپشن فری سوسائٹی کا (بقیہ نمبر 33)

پاکستان ریلویز نے اپ گریڈڈ نارووال ایکسپریس ٹرین کا افتتاح کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے اپ گریڈڈ نارووال ایکسپریس ٹرین کا افتتاح کر دیا، لاہور ریلوے اسٹیشن پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے انعام اللہ نے افسران کے ہمراہ افتتاح کیا۔ ڈی ایس ریلوے نے اپ گریڈڈ ٹرین کی مختلف کوچوں کا بھی معائنہ کیا (بقیہ نمبر 34)

نجی یونیورسٹی میں طالبہ کی خودکشی کی کوشش، پولیس نے تحقیقات کا دائرہ بڑھا دیا

لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کیلئے درخواست جمع نہیں کرائی گئی' پولیس

لاہور (این این آئی) نجی یونیورسٹی میں طالبعلم کے بعد طالبہ کی خودکشی کی کوشش کے معاملے پر پولیس نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق طالبہ کے لواحقین کی جانب سے تاحال کسی قسم کی قانونی کارروائی کیلئے درخواست جمع نہیں کرائی گئی، طالبہ اس وقت (بقیہ نمبر 36)

رائیونڈ، 18 سالہ نوجوان کو گھر سے لے جا کر قتل کر دیا گیا

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ مشن کالونی میں 18 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ملزمان نے 18 سالہ عاطف (بقیہ نمبر 35)